اپریل
ماہنامہ
لاہور
راہنمائے عملیات
Rs.20
روحانی، عملیاتی اور نجومی دنیا کی حقیقی روایتوں کا امین۔۔ ایک پاکیزہ ماہنامہ
http://rehnuma-e-amalyat.webjump.com
شرف شمس
شرف قمر
شرف زہرہ

لوح خوش قسمتی
آپ اگر خوش قسمتی کے طالب ہیں اور زندگی میں
درپیش مختلف مسائل کے حل کے لیے موثر اور زود اثر روحانی
و عملیاتی مدد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ماہر عملیات و نجوم
خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر ماھنامہ راہنمائے
عملیات سے خاص کوکبی حالتوں یعنی کواکب کی سعد
نظرات' شرف' اوج اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں
لوحِ خوش قسمتی تیار کروالیں۔
ہدیہ چاندی پر 1700 روپے

وقت ملاقات
شام 5 تا رات 8 بجے صرف

اپریل قیمت 20 روپے
جلد 3 شمارہ 2

وقت کی پابندی کریں

ایڈیٹر خالد اسحاق راٹھور

فہرست مضامین

پبلشر و چیف ایڈیٹر
شائستہ خالد راٹھور

ایڈیٹر
خالد اسحاق راٹھور

فون
6374864 صرف شام 5 تا رات 8 بجے تک

email / internet

kirathor@pimail.com.pk

http://rehnuma-e-amalyat.webjump.com

آفس
مکان 2، گلی 11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور

قیمت
فی شمارہ 20 روپے
زر سالانہ 230 روپے ـــ بیرون ملک 20 ڈالر

ترسیل زر
اندرون ملک بذریعہ منی آرڈر، خالد اسحاق راٹھور، مکان 2، گلی 11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور

بیرون ملک **For bank draft**
Khalid Ishaq Rathor, Account No.8735-6, National Bank of Pakistan, Civil Secretariat, Lahore, Pakistan
Phone 92-42-6374864

پبلشر و چیف ایڈیٹر شائستہ خالد راٹھور نے الامین ٹریڈرز پرنٹرز ۲۵ ملک جلال دین وقف کمپنت روڈ سے چھپوا کر شائع کیا

قرآن پاک سے طلب شفا کی تاکید

فضیلت کی دعا: اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں ارشاد فرماتا ہے۔ تم مجھ سے دعا کرو، میں قبول کروں گا۔

دعا کے معنی خدا سے کسی چیز کے مانگنے میں اور بندہ کا اس کو پکارنا ہے۔

واجبات دعا: اپنے کسی دینی یا دنیوی، مقصد اور حاجت کے لیے رد قضا و بلا کے لیے دعا کرنا عبادت میں شامل ہے۔

دعا عبادت کا مغز ہے۔ (ترمذی) دعا عبادت ہے۔ (ابو داؤد)

دعا مومن کا ہتھیار ہے۔ (حاکم)

جو شخص اللہ تعالیٰ سے نہ مانگے اس پر وہ ناخوش ہوتا ہے (ترمذی)

ناخوش اس لئے کہ دعا اس کی محبوب چیز ہے، تو جس نے دعا نہ مانگی متکبروں میں داخل ہوا۔

اللہ تعالیٰ کو اسی کے ناموں سے پکار کر دعا مانگنے کے لیے ایک آسان چارٹ لکھ دیا ہے۔ تاکہ حسب ضرورت اور حسب توفیق نماز کے بعد یا اٹھتے بیٹھتے دعا مانگنے کی عادت پڑ جائے۔

اوقات	اسمائے حسنیٰ	تعداد	خواص
نماز فجر سے پہلے	یَا صَبُورُ	۱۰۰بار	پڑھ کر ہر مصیبت کے لیے دعا کریں
نماز فجر سنت اور فرض کے درمیان	یَا سَمِیعُ	حسب توفیق	اللہ تعالیٰ کی خاص نظر عنایت کے لیے دعا کریں۔
نماز فجر کے بعد	یَا رَحمٰنُ	۹۸بار	کاروبار میں ترقی کوئی مشکل پیش نہ آئے۔ خاص رحمت کے لیے دعا کریں۔
پنجگانہ یا کسی نماز فرض کے بعد	یَا لَطِیفُ	۲۱بار	دین و دنیا کی حاجتوں کے لیے دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ سننے والا ہے۔
نماز جمعہ سے	اَللّٰہُ	۱۰۰بار	پڑھ کر تمام کام آسان اور تمام عمل قبول ہونے کے لیے دعا کریں۔
نماز جمعہ کے بعد	یَا غَفَّارُ	۱۰۰بار	اللہ تعالیٰ سے بے شمار رزق عطا کرنے کی دعا کریں۔
کسی وقت	یَا وَکِیلُ	حسب توفیق	آگ، پانی، ہوا سے محفوظ رہنے کے لیے۔
کسی وقت	یَا عَظِیمُ	حسب توفیق	ہر مرض سے انشاء اللہ شفا ہو۔
عشاء کی نماز کے بعد سجدے میں	یَا اَرحَمَ الرّٰحِمِین	۱۰۰بار	پڑھ کر سخت سے سخت مصیبت اور سخت سے سخت بیماری کے لیے دعا کریں۔
کسی وقت	یَا اللّٰہُ	حسب توفیق	شدید بیمار خود پڑھے اور دعا کرے اور انشاء اللہ شفا ہو گی۔
سجدے میں کسی وقت	یَا رَبِّ اغفِرلِی	۳بار	برائے گناہ معافی استغفار دعا مانگیں۔
عشاء کے بعد خالی کمرے میں	یَا لَطِیفُ	حسب توفیق	لڑکی کے رشتہ کے لیے، روزگار میں ترقی اور بیماری میں شفا کے لئے دعا کریں۔

(باقی صفحہ نمبر ۱۳)

از: خالد اسحاق راٹھور۔

شرف شمس

طاقت۔ دولت۔ شہرت۔ بزنس

ایک زود اثر اور یقینی عمل

علم نجوم میں سورج یعنی شمس تخلیق، اقتدار، حکومت، بادشاہت، عزت، وقار، طاقت، شہرت، قوت، جاہ و جلال اور لیڈر شپ سے منسوب ہے۔ ہر سال جب یہ آسمان پر حرکت کرتے ہوئے برج حمل کے ۱۹ ویں درجے پر پہنچتا ہے تو طاقت ور اور سعد ترین حالت میں ہوتا ہے۔ عملیات کے میدان میں یہ وقت بہت اہمیت کا حامل ہے۔ اس سعد اور طاقت ور وقت کے دوران معاشرے میں عزت و وقار حاصل کرنے، بلند مرتبہ، عظمت، شہرت، کامیابی، ترقی، کاروبار، الیکشن میں کامیابی، اعلیٰ عہدہ و حکومت، دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے خصوصی نقش یا لوح تیار کی جاتی ہے۔ ذیل میں تحریر کردہ طریقہ کار پر عمل کرتے ہوئے آپ بھی اس سعد وقت میں اپنی کامیابی کے لیے نقش و لوح تیار کر سکتے ہیں یا اس مقصد کے لئے ادارے سے رجوع کر سکتے ہیں۔

طریقہ عمل:

مندرجہ بالا مقاصد کے حوالے سے خصوصی اسماء الٰہی کے اعداد شمسی جو کہ ۳۵۴۲ بنتے ہیں۔ ان میں سائل کے نام اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد ابجد شمسی سے حاصل کر کے جمع کریں۔ کل اعداد میں سے تیس عدد تفریق کر دیں اور باقی چار سے تقسیم کریں۔ جو حاصل قسمت ہو اس کو چال کے مطابق خانہ اول میں تحریر کریں اور اسی کے مطابق تمام نقش مکمل کریں۔ چار سے تقسیم کرنے سے کچھ بچ جائے تو اس طرح عمل کریں۔ باقی قسمت ایک ہو تو خانہ تیرہ میں دو ہو تو خانہ نو میں، تین ہو تو پانچ میں، ایک عدد کا اضافہ کر دیں۔

نقش کی چال یوں ہو گی

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

ضروری ہدایات:

1- نقش کے ماتھے پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تحریر کریں۔
2- چاروں کونوں میں یا اللہ تحریر کریں۔
3- چاروں اضلاع کے گرد چاروں مقرب فرشتوں جبرائیل، عزرائیل، میکائیل اور اسرافیل کے نام لکھیں۔
4- اضلاع کے ساتھ اطراف میں اللہ تعالیٰ کے درج ذیل نام تحریر کریں۔ یا اللہ، یا رافع، یا اللہ، یا عزیز، یا اللہ، یا فتاح، یا اللہ۔
5- نقش کے چاروں اضلاع بسم اللہ سے مکمل کریں۔
6- نقش کے ارد گرد موکل استخراج کر کے لکھیں۔
7- نقش کو بہ مرتبہ چال مکمل کریں۔
نقش شرف شمس کی مناسبت سے ساعت شمس میں تحریر کریں۔

میرا مشورہ ہے کہ اس کو سونے پر کندہ کروالیں تو زیادہ بہتر ہے۔ تاہم اگر ایسا ممکن نہ ہو تو پھر چاندی پر یا بحالت مجبوری کاغذ پر بھی تحریر کر سکتے ہیں۔ قوی اثرات بالترتیب سونے، چاندی اور کاغذ سے حاصل ہوں گے۔ آپ اس کو بصورت لاکٹ، انگوٹھی، ہار یا جیب میں رکھ کر استعمال کر سکتے ہیں۔ قبل استعمال شمس کی مناسبت سے صدقہ دیں۔

شمسی ساعتیں:

ذیل میں لاہور اور کراچی کی ساعتوں کے اوقات بیان کیے جا رہے ہیں۔ دوسرے شہروں کے لوگ اپنے قریبی شہر کے اوقات کے مطابق کام کر لیں۔ ان ہی میں عمل تیار کریں۔

لاہور:

۷ اپریل رات ۷ بجکر ۲۴ منٹ تا ۸ بجکر ۲۰ منٹ

۷ اپریل رات ۱ بجکر ۵۶ منٹ تا صبح ۲ بجکر ۵۲ منٹ

۸ اپریل صبح ۸ بجکر ۵۳ منٹ تا ۹ بجکر ۵۶ منٹ

۸ اپریل شام ۴ بجکر ۲۰ منٹ تا ۵ بجکر ۲۵ منٹ

کراچی:

۷ اپریل رات ۷ بج کر ۴۵ منٹ تا ۸ بجکر ۴۳ منٹ

۷ اپریل رات ۲ بج کر ۷ منٹ تا ۳ بجکر ۲۵ منٹ

۸ اپریل صبح ۹ بج کر ۲۵ منٹ تا ۱۰ بجکر ۷ منٹ

۸ اپریل شام ۴ بج کر ۴۳ منٹ تا شام ۵ بجکر ۴۵ منٹ

از : خالد اسحاق راٹھور۔

شرف زہرہ

حب و تسخیر

زہرہ ۳ اپریل شام ۵ بج کر ۵۸ منٹ پر درجہ شرف پر پہنچے گا اور ۱۴ اپریل دوپہر ۱ بج کر ۲۶ منٹ تک درجہ شرف پر رہے گا۔ حب و تسخیر کے عملیات کے لیے یہ مجرب ترین وقت ہے۔ اسی حوالے سے ذیل میں ایک خصوصی عمل دیا جا رہا ہے۔

عمل:

طالب و مطلوب کے ناموں کے اعداد باہم جمع کر کے ایک مخمس درج ذیل چال سے مکمل کریں۔ ایسے تین نقوش تیار کریں۔ پھر اگلی جمعرات کو اول ساعت زہرہ میں ان میں سے ایک نقش لے کر اس کا فتیلہ بنا لیں۔ اس پر روئی لپیٹ دیں اور اس روئی کو شہد شکر اور دیسی گھی سے خوب اچھی طرح تر کر لیں۔ ایک چراغ میں روغن کنج لے کر اس فتیلے کو اس میں جلنے کے لیے چھوڑ دیں۔ جتنی دیر یہ فتیلہ جلتا رہے۔ اسم الٰہی یالطیف کا ذکر دلجمعی کے ساتھ مسلسل کرتے رہیں۔ تین جمعرات یہ عمل کرنا ہے۔ انشاء اللہ مقصد حاصل ہوگا۔

نقش کی چال یہ ہے

۱۵	۸	۱	۲۴	۱۷
۱۶	۱۴	۷	۵	۲۳
۲۲	۲۰	۱۳	۶	۴
۳	۲۱	۱۹	۱۲	۱۰
۹	۲	۲۵	۱۸	۱۱

نقش مخمس مکمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد سے ۶۰ عدد قانون کے تفریق کر دیں۔ باقی کو پانچ سے تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تو خانہ ۲۱ میں۔ دو بچے تو خانہ ۱۶ میں۔ تین بچے تو خانہ ۶ میں ایک عدد کا اضافہ کرتے ہوئے نقش بمطابق چال مکمل کر لیں۔ نقش مکمل کرنے کے بعد اس کے نیچے عزیمت یوم تحریر کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم عزمت علیکم یا ملائکتہ المتوکلتہ علی نفس فلاں بن فلاں مسخر فلاں بن فلاں

اعداد کی روشنی میں

از : خالد اسحاق راٹھور۔

یہ ماہ کیسا رہے گا؟

یوں تو آپ ہر ماہ پیش آمدہ واقعات کے بارے میں علم نجوم کی پیش گوئیاں پڑھتے ہیں۔ تاہم اب آپ اعداد کے ذریعے بھی فطرت کے رازوں کو جانتے ہوئے آمدہ ماہ کے حالات سے باخبر ہو سکتے ہیں۔

اعداد کی روشنی میں حالات جاننے کے لیے دو طریقے مفید ہیں۔

اول آپ کی تاریخ پیدائش کا جو مفرد عدد ہے۔ وہی آپ کا ذاتی عدد ہے۔ اس کے تحت دیئے گئے حالات ماہ رواں کے لیے آپ پر لاگو ہوں گے۔

دوسرا طریقہ ذاتی عدد معلوم کرنے کا یہ ہے کہ نام کا مفرد عدد معلوم کر لیں۔ یہی آپ کا ذاتی عدد ہو گا اور اس کے تحت آپ اپنے حالات معلوم کریں۔ تاہم جن لوگوں کو درست تاریخ پیدائش معلوم ہے ان کے لیے پہلا طریقہ زیادہ مفید ثابت ہو گا۔

تاریخ پیدائش کا عدد معلوم کرنا:

تاریخ پیدائش 11-11-1911

مفرد عدد = 1+1+1+1+1+9+1+1

7=1+6=16=

نام کا مفرد عدد:

نام : اک ب ر

اعداد : 7=1+2+2+2

جدول

حروف	عدد
ا، ی، ق، غ	1
ب، پ، ک، گ، ر، ڑ	2
ج، چ، ل، ش	3
د، ڈ، م، ت، ٹ	4
ھ، ن، ث	5
و، س، خ	6
ز، ژ، ع، ذ	7
ح، ف، ض	8
ط، ص، ظ	9

ذاتی عدد ایک (1) کے حاملین کے لیے ماہ اپریل:

یہ ماہ اس حوالے سے اہم ہے کہ کاروباری مصروفیات میں اضافہ ہو گا۔ اس وقت ارادے کی مضبوطی اور اپنے جائز موقف پر قائم رہنا کامیابی لائے گا۔ کوئی بھی معاملہ درپیش ہو اور جیسی بھی شدت اس میں ہو بلا کسی گھبراہٹ کے آپ کو اس پر قابو پانے کی کوشش کرنی چاہئیے اور یقین رکھیں آپ اس میں کامیاب بھی ضرور ہوں گے۔ ازدواجی معاملات کے بارے میں اپنے رویے پر نظر ثانی کریں۔ ورنہ اس بات کا قوی امکان ہے کہ آپ کو ازدواجی ناخوشی سے واسطہ پڑے۔ شریک حیات پر زیادہ ذمہ داری ڈالنے یا زیادہ توقعات قائم کرنا مناسب نہ ہو گا۔ بانڈ ریس اور لاٹری کے امور سے فائدہ ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کوشش کریں تو توقع کی جا سکتی ہے کہ یہ ماہ آپ کی تشنہ خواہشات کی تکمیل کا باعث بن سکتا ہے۔ معاشرتی رتبے میں بہتری کی امید ہے۔

ذاتی عدد (2) کے حاملین کے لیے ماہ اپریل:

کاروبار یا روپے پیسے کے حوالے سے یہ وقت موزوں ہے کئی ایک امور میں حسب توقع کامیابی اور فوائد کا حصول ہو گا۔ تاہم ایسے کاروباری امور جن میں شراکت ہے۔ مسائل کا باعث بن سکتے ہیں اس ماہ کوئی نئی شراکت شروع نہ کریں اور نہ ہی جاری شراکتی کاروبار یا معاملات میں اچھائی کی توقع کریں۔ بانڈ ریس اور لاٹری کے کاموں سے فائدہ ہو سکتا ہے۔ مخالفین سے محتاط رہیں۔ کاروباری، دفتری اور خاندانی رقابت نقصان کا باعث ہو سکتی ہے۔

ایسے امور کے حل کے لیے قانونی کاروائی کا سوچیں بھی مت۔ کوشش کریں بات چیت سے یا سفارش وغیرہ سے معاملات حل ہو جائیں۔ یہ بات آپ کے لیے فائدہ مند ہے۔ شریک حیات سے بد مزگی پیدا ہونے کا امکان بھی ہے۔

ذاتی عدد(3) کے حاملین کے لیے ماہ اپریل:

اس ماہ آپ کو قدرے محتاط رویہ اختیار کرنا چاہیے۔ کیونکہ عددی زائچے کی روشنی میں ظاہر ہو رہا ہے کہ کئی مسائل سامنے آسکتے ہیں۔ ٹریفک اور گاڑی چلاتے وقت حادثے کا خطرہ ہے۔ زمین اور جائداد کے معاملات جھگڑا یا مسائل پیدا کرنے کا باعث ہو سکتے ہیں۔ تاہم جھگڑے کی بجائے قانون کی مدد زیادہ مفید ثابت ہوگی۔ جنسی جذبات ترقی یافتہ رہیں گے۔ جنس مخالف یا شریک حیات سے جذباتی لگاؤ بڑھے گا۔ تاہم اس وقت آپ کسی پبلک افیئر کو برداشت کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں۔ مادی اور کاروباری حوالے سے بھی حالات اچھے رہیں گے۔ صحت کا البتہ خیال رکھیں۔ سفر درپیش ہوگا۔

ذاتی عدد چار(4) کے حاملین کے لیے ماہ اپریل:

اس ماہ کا سب سے اہم سبق یہ ہے کہ آپ اپنی قوت فیصلہ کو بہتر بنانے پر توجہ دیں۔ جو بھی کام کرنے کے خواہش مند ہیں۔ جو بھی منصوبہ ذہن میں ہے اور جو بھی کام اٹکا ہوا ہے اس کے حل کا صرف ایک ہی راستہ ہے اور وہ یہ ہے کہ آپ اس بات کا پکا ارادہ کر لیں کہ اس ماہ اس کام کی تکمیل ضرور کرنا ہے اور پھر مقصد کے حصول پر ڈٹ جائیں۔

کئی ایک دوست نما دشمن در پردہ آپ کے لیے مسائل پیدا کرنے کی کوشش کریں گے۔ جائداد اور زمین کے امور توجہ طلب ہوں گے۔ کاروبار پر بھی توجہ دیں ورنہ بد مزگی اور جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ اختتام ماہ تک تمام حالات میں واضح بہتری آئے گی۔

ذاتی عدد پانچ(5) کے حاملین کے لیے ماہ اپریل:

اس ماہ ذہن پر دباؤ زیادہ ہوگا۔ انا کے مسائل سامنے آئیں گے ملازمت پیشہ افراد کو خصوصاً افسروں کی بد مزاجی اور غصے کا سامنا ہوگا۔ اگر ایسی حالت درپیش ہو تو بہتر ہے صبر اور تحمل سے کام لیں ورنہ مزید مسائل پیدا ہوں گے اور ان کے حل کے لیے آپ کو اختتام ماہ کا انتظار کرنا پڑے گا۔ بہت ممکن ہے کہ مزاج میں آوارہ گردی کا عنصر زور پکڑے اور آپ اس نوعیت کے کاموں میں وقت ضائع کریں۔ جس قدر بھی مخالفت، دشمنی اور بدحالی کا سامنا ہو ہمارا مشورہ ہے جلد بازی سے کام نہ لیں۔ زیادہ تر مسائل کا حل اختتام ماہ کے نزدیک ظاہر ہونا شروع ہو جائے گا۔ ریس جوا اور لاٹری سے کسی خاص منافع کی توقع نہیں۔

ذاتی عدد چھ(6) کے حاملین کے لیے ماہ اپریل:

بانڈ، ریس اور لاٹری کے شوقین ہیں تو اس ماہ غیر یقینی صورت سے واسطہ رہے گا۔ سٹے یا شیئرز کے کام میں زیادہ منافع کی توقع عبث ہوگی۔ جہاں تک ازدواجی زندگی کا تعلق ہے۔ اس حوالے سے بھی چھوٹے بڑے مسائل اور جھگڑوں سے واسطہ رہے گا۔ سو پہلے سے ہی ان کے لیے تیار رہیں۔ فضول خرچی ایک اور خطرہ ہے جو آپ کو درپیش آسکتا ہے۔ روپے کی قدر کریں اور غیر ضروری اخراجات سے بچیں ورنہ مالی بحران کا شکار ہو جائیں گے۔ اس بات کی توقع ہے کہ آپ کو اچھے، دل پسند اور مزے دار کھانے دستیاب ہوں۔ اسی طرح شاندار لباس کے حصول کی بھی نشاندہی ہو رہی ہے۔

ذاتی عدد سات(7) کے حاملین کے لیے ماہ اپریل:

یہ ماہ قدرے سخت ہوگا اور کئی ایک مسائل سے واسطہ پڑے گا۔ کاروباری معاملات میں مشکلات اور نوک جھونک کا سامنا ہوگا۔ بد مزگی کو بڑھانے کی بجائے صلح جوئی پر آمادہ ہونا بہتر ہے۔ کیونکہ آپ اگر یہ سوچ رکھتے ہیں کہ قانون آپ کے ساتھ ہے تو یہ غلط ثابت ہوگا۔ آپ کی قانونی پوزیشن آخر کار کمزور ثابت ہوگی۔ بہت زیادہ توقع ہے کہ آپ کوئی غیر قانونی حرکت کرنے یا غلط معاملے یا کاروبار میں الجھ جائیں۔ آپ کے لیے موزوں یہی ہے کہ دوسرے لوگوں سے کم سے کم توقعات رکھیں، کم لوگوں سے ملیں اور ذہن کو قابو میں رکھیں۔ ریس، جوا، لاٹری، بانڈ اور ایسی دوسری انعامی سکیمیں مفید ثابت نہ ہوں گی۔

ذاتی عدد آٹھ(8) کے حاملین کے لیے ماہ اپریل:

یہ ایک اچھا اور خوش قسمت وقت ہے۔ آپ کے لیے بہتر یہی ہے کہ وہ امور جو افسران بالا یا دفتروں میں اٹکے ہوئے ہیں ان کو جلد از جلد مکمل کروالیں۔ تعددی طاقتیں آپ کے ساتھ ہیں اور آپ کی کامیابی کے واضح امکانات ہیں۔ سوستی اور آرام طلبی کا شکار ہوئے بغیر دلجمی اور ان تھک جدوجہد کے ذریعے حصول منزل کی کوشش کریں۔ انعامی سکیموں سے فائدہ ہونے کے امکانات ہیں۔ چھوٹے سفر مفید ثابت ہوں گے۔ روحانی اور مذہبی لگاؤ میں اضافہ ہوگا۔ عمومی مالی اور مادی زندگی خوشگوار اور تسلی بخش ثابت ہوگی۔

ذاتی عدد نو(9) کے حاملین کے لیے ماہ اپریل:

اس وقت حکومتی امور میں رسک نہ لیں۔ اگر آپ کا کوئی کیس کسی حکومتی ادارے سے چل رہا ہے یا آپ نے ٹیکس جمع نہیں کروایا تو سمجھ لیں اب آپ کی سختی کا وقت آن پہنچا ہے۔ مشکل گھڑی سے پہلے ہی اس کے حل کا سوچ لیں۔ صحت کے امور سے غفلت مت برتیں۔ معمولی تکلیف پر بھی ڈاکٹر یا طبیب سے رجوع کریں۔ ورنہ مرض کے بگڑنے کا خطرہ ہے۔ ازدواجی امور توجہ طلب ہوں گے۔ عشق و محبت کے معاملات میں ناکامی یا مسائل کا سامنا ہو گا۔ جنسی جذبات کو لگام دیں۔ ورنہ زیادہ مسائل اٹھ کھڑے ہوں گے۔ دوسرے لوگوں اور رشتے داروں سے زیادہ توقعات وابستہ نہ کریں۔ ورنہ ذہنی صدمے سے دوچار ہوں گے۔

بقیہ اذان

رہتے ہیں۔ جیسے کانوں نے کوئی الفاظ یا کلمہ سنا ہی نہیں۔ کیا خیال ہے۔ ایک ہاتھ باندھ کر یا کاٹ کر دو ہاتھوں کا کام کر سکتے ہو؟ ایک آنکھ خود ہی پھوڑ کر دو آنکھوں جتنا دیکھ سکو گے؟۔ ایک کان بند کر کے دو کانوں کا کام لے لو گے؟ ایک پاؤں تراش کر دو قدموں جیسا بھاگنا تو الگ چل بھی سکو گے؟ بھولتے ہیں آپ اگر دل میں یہ خیال بٹھاتے ہیں ایمان کا ثبوت دیتے ہوئے اپنے عمل کو درست کریئے۔ اپنے پاس دو ہاتھ۔ دو آنکھ دو کان اور دو پاؤں عملاً ثابت کریئے۔ کہ عقل کے اندھے نہ بنئے۔ خدا کے لیے خداوند کریم کے نام کی بھی عزت اور احترام کریئے۔ اگر یہ عملاً ثابت نہ ہوا۔ اور کسی بھی جلیل القدر ہستی کی عزت اور احترام خدا کو چھوڑ کر کیا۔ تو پھر خود ہی بتایئے کہ شرک کس کو کہتے ہیں؟ وہ کونسی بلا ہے؟ اور دنیا کے کون سے حصے میں پیدا ہوتی ہے؟ یاد رکھئے خداوند کریم ہر گناہ اور غلطی کو اگر چاہے تو معاف کر دے۔ مگر شرک کو کبھی بھی کسی حالت میں معاف نہ کرے گا اور نہ ہی ہو گا اور سزا ہر صورت اور ہر حالت میں لازمی ہے۔ اور سخت ضروری ہے۔ کیوں خداوند کریم کی رحم و کرم والی ذات کو ناراض کر رہے ہو۔ کیا عذاب کی آرزو ہے؟ یا روز محشر سے انکاری ہے۔ اگر یہ ٹھیک ہے تو پھر تم کو ڈھیل دی گئی ہے۔ جی بھر کر چند روزہ کی من مانی کر لو۔ موج منالو۔ عیش و عشرت کے نشے میں خدا بنتے رہو۔ مگر کب تک؟ حق جانئے کہ خداوند کریم کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اور یہ بھی غلط فہمی دل سے نکال دیجئے کہ ذات محمدؐ کی شفاعت آپ کے کام آجائے گی۔ خداوند کریم نے اس چیز کو صاف کر دیا ہے کہ اللہ کے حکم یا مرضی کے خلاف ذات محمدؐ کوئی کلام تک نہیں کرتی تو شفاعت کا جھگڑا در کنار۔ ایمان کی قسم ذات محمد مصطفےٰ کی نگاہ صرف اسی انسان۔ مسلمان اور مومن کو پسند کرے گی اور چھانٹ لے گی جسے خداوند کریم پہلے خود پسند کرے گا۔ اور چھانٹ لے گا۔ تا کہ معشوق کا مان رہ جائے اور میری (عاشق) شان ہو۔ خداوند کریم ہر مسلمان اور مومن کو نیک عمل کرنے کی توفیق دے۔ آمین۔

بقیہ شمس المعارف

تھی۔ اور اسی سے حضرت ابراہیم نے آگ سے نجات پائی پس اگر تو بھی نجات چاہے۔ تو جب گھر میں جائے۔ بسم اللہ کہہ کر گھر میں جا۔ اور جب گھر سے باہر آئے تو بسم اللہ کہہ کر باہر آ۔ کیونکہ حدیث شریف میں وارد ہے کہ جب تو گھر میں جائے اور جب گھر سے نکلے تو کہہ **بسم اللہ ارتحلنا وخرجنا وعلیہ ترکلنا** اور دروازہ بند کرتے وقت بھی بسم اللہ کہو کیوں کہ پھر شیطان اس گھر میں نہیں جا سکتا اور جب تم بچھونے پر لیٹنے کو جاؤ تو یہ کلمات کہو اس کی برکت سے کوئی تکلیف نہ پہنچے گی۔ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس نے وضو کے وقت بسم اللہ نہ کہی۔ اس کا وضو نہیں ہوا۔ اور فرمایا ہے جس نے جذامی کے ساتھ یہ کہ کر کھانا کھایا **ثقۃ باللہ وتوکلا علیہ** اس کو کچھ ضرر نہ پہنچے گا۔ اور حضرت عمرؓ نے ایسا ہی کیا۔ یعنے ایک دفعہ آپ کے پاس ایک جذامی معیب سوسی نام بیٹھا ہوا تھا آپ کا کھانا آیا۔ آپ نے اس کو بلا کر کھانے میں شریک کیا اور یہ کلمات کہے **بسم اللہ ثقہ باللہ و توکلا علیہ اذہب مرھا و وصفھا** اور جب سفر کا ارادہ کرے اور رکاب میں پیر رکھے۔ اس وقت بھی اس کو پڑھے۔ سفر میں کوئی برائی اس کو نہ پہنچے گی۔ اور جب بندہ مومن بسم اللہ کہتا ہے تو شیطان اتنا سا چھوٹا ہو جاتا ہے۔ جیسے مکھی حضرت محمد ﷺ ہر شخص کو جو سفر کو جاتا فرماتے تھے کہ یہ پڑھ لو **بسم اللہ وعلے ملتہ رسول اللہ** اور فرماتے تھے کہ اس کو پڑھ کر سفر کرنا چاہیے۔ اور یہ بھی کہے **اعوذ باللہ من الشیطن الرحیم ومن و عثاء السفر** ---- آخر تک۔ اور حضور نے طلحہ بن عبید اللہ سے فرمایا۔ جب کہ ان کے ہاتھ کو بہت تکلیف پہنچی تھی کہ اگر تم بسم اللہ کہہ لیتے تو ملائکہ تم کو اوپر اٹھا لیتے اور لوگ تم کو دیکھتے۔ اب دیکھو کہ اس اسم میں کیا برکت ہے جس کے کہنے والے کو فرشتے اٹھالیں۔ اور شیطان اس کے پاس سے بھاگ جائیں۔ اور زہر قاتل کچھ اثر نہ کرے۔ یہ سب ہمارے حضورؐ نے ہم کو بتلایا ہے۔ اور تو رب العزت کے فضل اور اس کے اسرار سے تعجب کرتا ہے۔ بغیر اس کے حکم کے نہ کوئی حرکت کر سکے۔ اور نہ ساکن رہے۔ اس میں تم کو شک نہ کرنا چاہیے۔ یہ اسرار بسم اللہ میں ہیں۔ حضرت عیسیٰؑ بسم اللہ سے تمام دردوں اور دکھوں کو دور کرتے تھے۔

جاری ہے

ڈھلنے حالات

از : شہباز انجم

برج حمل	21مارچ تا20اپریل
سیارہ	مریخ
حروف	ا،ل،ع،ی

8-1

برج حمل کے حامل افراد کے لیے ماہ اپریل کا پہلا ہفتہ روپے پیسے اور لین دین کے معاملات میں مصروفیت لے کر آئے گا اور ۳، ۴، ۵ اور ۶ تاریخوں میں مثبت نتائج برآمد ہونگے لیکن اس ہفتے غیر ضروری اخراجات کو کنٹرول کرنا ہوگا۔ ۷ تاریخ کو سیارہ زہرہ برج حمل میں آئے گا اور یہ غیر ضروری سستی اور کاہلی پیدا کرے گا آپ چاہیں گے کہ آپ کا زیادہ وقت پرسکون گزرے۔

16-9

اس ہفتے کے دوران آپ کو مالی معاملات کو **مینیج** کر کے چلانا ہوگا چونکہ اس دوران آپکے بنک ڈیپازٹ بڑھیں گے اور آپ کو چاہیے کہ کام کو اسی طرح مستقل بنیادوں پر چلائیں۔ سیارہ مریخ، زحل اور مشتری برج ثور میں اکٹھے ہونگے۔ ۱۶ تاریخ والے دن زیادہ مصروفیات کو ترک کر دیں اور غیر ضروری معاملات میں الجھنے کی کوشش نہ کریں۔

24-17

آپ کی ہر ممکن کوشش ہوگی کہ آپ ریسٹ کریں اور خاص طور پر کسی پُر فضا مقام پر جاکے اسی دوران ہی آپ کی دلچسپی فنون لطیفہ کے امور کی جانب بڑھے گی۔ ۱۷، ۱۸، ۱۹ تاریخ کو آپ کی کارکردگی کچھ زیادہ متاثر کن نہیں ہوگی۔ خاص طور پر آمدن کے لحاظ سے۔ گھر کے بڑے افراد کیساتھ وابستہ امیدیں کچھ واضح طور پر پوری ہوتی ہوئی نظر نہیں آئیں۔

30-25

اس ہفتے میں ۲۸ تاریخ نہایت اہمیت کی حامل ہوگی۔ اور آپ کی آمدنی میں ایک نئے باب کا اضافہ ہوگا لیکن اس ماہ آپ بڑے ہی صبر آزما حالات سے گزر رہے ہونگے۔ اس ماہ آپ کے لکی نمبر ۳، ۵، ۷ ہیں جن سے آپ کو فائدہ ہو سکتا ہے۔ لہٰذا انہی ٹرائی کریں۔

برج ثور	21اپریل تا20 مئی
سیارہ	زہرہ
حروف	ب

8-1

برج ثور کے حامل افراد کے لیے ماہ اپریل چند خوشگوار تبدیلیوں کا باعث ہوگا اور ان تبدیلیوں کے لیے ۵، ۶، ۷، ۸ تاریخ نہایت اہمیت کی حامل ہوں گی اور ان تاریخوں میں آپ کو اپنی مصروفیات کو بڑھانا ہوگا۔ عمر سے بڑے افراد اور دوست آپ کے لیے بہتری کا باعث بن سکتے ہیں۔ اور انہی کو آپ اپنی کامیابی کا زینہ بنا کر آگے کی جانب بڑھیں گے۔

16-9

اس ہفتے کے دوران آپ کو خرابی صحت سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ لہٰذا کام کی زیادتی اور غیر ضروری پریشانیوں کی وجہ سے آپ کی صحت پر برا اثر پڑے گا اسی دوران آپ کے اخراجات میں بھی اضافہ ہوگا اور آپ چند غیر ضروری اشیاء پر بھی اخراجات کر گزریں گے اور ممکن ہے کہ بعد میں آپ کو پچھتانا پڑے۔ کاروباری معاملات میں نئی اصطلاحات کی ضرورت ہے۔

24-17

اس ہفتے میں آپ کو گھر والوں کی طرف سے کسی نئی ذمہ داری کا احساس ہوگا۔ ۱۸، ۱۹، ۲۰، اور ۲۱ تاریخ آپ کے لیے بہتری کا سبب نہ بنیں گی اور خاص طور پر ۱۹، ۲۰ تاریخ کو سفر کرنے سے اجتناب کریں اور خاص طور پر شراکت اور شریک حیات کے ساتھ سفر کرنا مناسب نہ ہوگا۔ اس ہفتے شمس

آپ پر اپنے مثبت اثرات مرتب کرے گا اور آپ میں تیزی اور پھرتی لے کر آئے گا۔

30-25

ماہ کے آخری ہفتے میں کچھ مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے اور آپ اپنی مشکلات کو کم کرنے کے لیے سرخ اور سیاہ رنگ کی چیز کا صدقہ دیں۔ اس ماہ میں ۱، ۲، ۸ نمبر آپ کے لیے خوش بختی کا باعث نہ ہوں گے لہذا ان نمبروں سے اجتناب کریں۔ آپ کی ازدواجی زندگی میں پریشانی آسکتی ہے۔

برج جوزا	21 مئی تا 20 جون
سیارہ	عطارد
حروف	ک، ق

8-1

برج جوزا کے حامل افراد کے لیے ماہ اپریل ازدواجی معاملات کے حوالے سے کچھ زیادہ بہتر نہ ہوگا اس دوران آپ کے شریک حیات کے ساتھ تعلقات کی نوعیت خراب ہو سکتی ہے۔ نئے سرے سے مشترکہ کاروبار بھی کوئی بہتری نہ لے کر آئے گا لیکن اس ہفتے کی ۶، ۷، ۸ اور ۹ تاریخ کو آپ اپنے حالات میں مثبت تبدیلی لانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔

16-9

اس ہفتے میں آپ کے دوستوں کے ساتھ تعلقات بہتر ہونگے آپ جنس مخالف کی کشش میں آگے بڑھتے جائیں گے اور لوگوں کی توجہ کا مرکز بنیں گے۔ فنون لطیفہ میں رجحان پیدا ہوگا۔ کسی پارٹی میں جانے کے لیے بہتر وقت ہوگا۔ آپکی طبیعت کو سکون میسر آئے گا آپ لوگوں کی توجہ کا مرکز بنیں گے۔

24-17

اس ہفتے میں ۱۹، ۲۰ تاریخ کو سفر کرنا آپ کے لیے مناسب نہ ہوگا آپریشن، حادثہ، چوٹ وغیرہ سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ ۲۱، ۲۲ تاریخ کو اپنی مصروفیات کو کم کریں۔ بہت زیادہ لوگوں کے ساتھ تعلقات نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ اخراجات میں اضافہ ہونے کے امکانات ہیں اور کوئی بڑی سرمایہ کاری وغیرہ نہ کریں۔

30-25

۲۶ اور ۲۷ تاریخ کا دن آپ کے لیے اہمیت کا حامل ہوگا اس ماہ میں آپ خود کو ذہنی طور پر خوش محسوس نہ کریں گے۔ انجانا خوف آپ کے اردگرد منڈلاتا رہے گا۔ اس ماہ میں آپکے لکی نمبر ۳، ۶، ۹ ہیں اور ان سے فائدے کا حصول ہو سکتا ہے۔

برج سرطان	21 جون تا 20 جولائی
سیارہ	قمر
حروف	ح، ہ

8-1

برج سرطان کے حامل افراد کے لیے ماہ اپریل قدرے بہتری کا حامل ہوگا۔ مذہب سے متعلقہ امور میں دلچسپی بڑھے گی۔ ۷ تاریخ کو سیارہ زہرہ برج حمل میں آئے گا۔ یہ کاروباری امور اور وقار میں اضافہ کا باعث بنے گا اور ممکن ہے کہ آپ کو جنس مخالف میں شہرت حاصل ہو۔ مقاصد کے حصول کے سلسلے میں باپ سے ملنے میں کامیابی حاصل ہوگی۔

16-9

اس ہفتے کے دوران آپ کو اپنی مصروفیات کو بڑھانا ہوگا کیونکہ اس میں کامیابی کے واضح امکانات ہیں۔ ۹، ۱۰، ۱۱ اور ۱۲ تاریخ آپ کے لیے کامیابی کی راہ ہموار کرے گی اس دوران دوستوں کے ساتھ ملنا فائدے مند ہوگا اس کے علاوہ آپ کو بہن بھائیوں سے بھی فائدہ مل سکتا ہے۔ اس لیے فائدہ اٹھانے کے لیے آپ کو پہلے سے پلاننگ کرنا ہوگی۔

24-17

یہ ہفتہ آپ کے لیے کچھ زیادہ بہتر نہ ہوگا چونکہ اس دوران آپ کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا اس لیے کہ آپ نے مختلف کاموں کو شروع کر رکھا ہوگا۔ ۲۳ اور ۲۴ تاریخ اہم امور کو سرانجام دینے کے لیے زیادہ بہتر نہ ہوں گی۔ ان تاریخوں میں کیے گئے فیصلے کامیابی کی راہ میں رکاوٹ کا باعث ہونگے۔

30-25

۲۵ تاریخ کا دن آپ کے لیے اہمیت کا حامل ہوگا اسکے ساتھ آپ کی بڑی یادیں وابستہ ہو جائیں گی۔ ۲۶ تاریخ کو لوگوں کے ساتھ مال، دولت اور جائیداد کے حصول کے لیے کوشش نہ کریں نتائج مثبت نہ ہونگے۔ اس ماہ کے

دوران آپ کے لیے لکی نمبر ۱، ۴ اور ۷ ہیں لہذا ان سے فائدہ حاصل ہو سکتا ہے۔

برج اسد	21 جولائی تا 20 اگست
سیارہ	شمس
حروف	م

8-1

برج اسد کے حامل افراد کے لیے ماہ اپریل عزت وقار میں اضافے اور سفر کا باعث بنے گا۔ ۶ اور ۷ تاریخ کا دن بھی اہمیت کا حامل ہو گا اس ہفتے میں آپ کو فیصلہ جات نہایت سوچ سمجھ کر کرنا ہونگے اور خاص طور پر جائیداد سے متعلق معاملات اہمیت کے حامل ہونگے۔ ملازمین سے خاص طور پر احتیاط کرنا ہو گی ممکن ہے کسی ملازم کی وجہ سے پریشانی لاحق ہو۔

16-9

یہ ہفتہ آپ کے لیے سفر کے اخراجات بھی لے کر آئے گا۔ کاروباری امور اور ملازمت سے متعلق سفر فائدہ دیں گے اسی دوران سیر و تفریح سے متعلق بھی کوئی سفر کا موقع ملے گا۔ آپ کو لوگوں کے ساتھ اپنے تعلقات بڑھانے کا موقع ملے گا۔ ۱۱، ۱۲، ۱۳ اور ۱۴ تاریخ معاملات میں مثبت تبدیلی لے کر آئیں گی چونکہ اسی دوران قمر برج اسد میں آئے گا جو کہ بہت سعد اثرات مرتب کرتا ہے۔

24-17

مختلف کاموں میں آگے بڑھنے کا موقع ملے گا آپ کو کوئی خاص کام بھی سونپے جانے کے امکانات ہیں۔ ملازمت کاروبار میں ترقی کے امکانات روشن ہیں۔ خود اعتمادی میں اضافہ ہو گا۔ ۲۳، ۲۴ تاریخ ناموزوں ہے ان تاریخوں میں اپنی مصروفیات کو کم کریں۔ ۱۹، ۲۰ تاریخ کو اندرون ملک سفر کرنے سے اجتناب کریں۔

30-25

اس ہفتے میں آخری تاریخیں ازدواجی لحاظ سے پریشانی میں اضافہ کا باعث بن سکتی ہیں لہذا ان دنوں میں شریک حیات کے ساتھ جھگڑا وغیرہ مول نہ لیں اور کسی نئے شراکت دار کی تلاش فی الحال چھوڑ دیں۔ اس ماہ میں ۲، ۴، ۶ آپ کے لکی نمبر ہیں اور ان سے آپ کو فائدہ ہو سکتا ہے۔

برج سنبلہ	21 اگست تا 20 ستمبر
سیارہ	عطارد
حروف	پ، غ

8-1

برج سنبلہ کے حامل افراد کے لیے ماہ اپریل کا پہلا ہفتہ کچھ مشکلات لے کر آئے گا خاص طور پر ۱، ۲، ۳ تاریخ صحت کے لحاظ سے بھی خاص اہمیت کی حامل ہو گی خاص طور پر ۷ تاریخ کو صحت کے امور کی طرف خاص طور پر توجہ دیں۔ اس ماہ میں آپ کو پس پردہ دشمنوں سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے۔ ملازمت کے حصول کے لیے کی گئی کوششوں میں کوئی نمایاں کامیابی نہ ہو گی۔

16-9

اس ہفتے میں آپ کو نمایاں کامیابی ملنے کا موقع مل سکتا ہے۔ ۱۳، ۱۴، ۱۵ اور ۱۶ تاریخ لوگوں سے مالی معاملات کی وصولی کے لیے بہتر دن ہونگے۔ شریک حیات سے بھی مالی فائدہ حاصل ہو سکتا ہے۔ کسی فرد کی وجہ سے شہرت کو نقصان ہونے کے چانس ہیں۔ اسی دوران قمر برج سنبلہ میں آئے گا اور طبیعت میں بے چینی لائے گا۔

24-17

اس ہفتے میں ۱۹ اور ۲۰ تاریخ کو سفر کرنا نامناسب ہو گا جس مقصد کے لیے جائیں گے اس میں واضح کامیابی حاصل ہونے کے امکانات کم ہونگے۔ آپ کی دماغی صلاحیتیں بہتر طور پر آپ کا ساتھ نہ دیں گی۔ آپ کو یوں لگے گا جیسے آپ زندگی کے مشکل حالات سے گزر رہے ہیں لہذا صدقہ خیرات سے آپ کی مشکلات میں کمی واقع ہو سکتی ہے۔

30-25

اس ہفتے میں ۲۸، ۲۹ اور ۳۰ تاریخ کو کارکردگی زیادہ بہتر نہ ہو گی۔ آپ کی امیدیں پوری نہ ہونگی اس لیے آپ کسی دوسرے ملک جانے کا ارادہ بھی کر سکتے ہیں اور اس سفر سے آپ کی خاص امیدیں وابستہ ہونگی۔ ۳، ۶ اور ۱۹ اس ماہ آپکے لکی نمبر ہونگے۔

برج میزان	21 ستمبر تا 20 اکتوبر
سیارہ	زھرہ
حروف	ر، ت، ط

8-1

برج سنبلہ کے حامل افراد کے لیے ماہ اپریل کا پہلا ہفتہ کچھ خاص بہتری کا حامل نہ ہوگا اس ہفتے کی ۳، ۴، ۵، ۶ تاریخیں بہتری نہ لے کر آئیں گی دوستوں اور اولاد کی جانب سے مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے۔ ریس، لاٹری اور انعامی سکیموں کے لیے خاطر خواہ فائدہ نہ ہوگا اس لیے ایسے کاموں سے اس ہفتہ اجتناب کریں۔

16-9

اس ہفتے میں ۱۱، ۱۲ تاریخ والے دن آپ اپنے اثر و رسوخ کو استعمال کر سکتے ہیں اس دن معاشرتی اور سماجی معاملات میں تبدیلی رونما ہوں گی۔ دوستوں کی جانب سے کسی فائدے کا حصول نہ ہوگا۔ آپ کی امیدوں پر اوس پڑے گی اس ہفتے میں انوسٹمنٹ کرنے کا موقع ملے تو ضرور کریں۔ حکومتی معاملات سے بھی بہتری حاصل ہوگی۔

24-17

اس ہفتے میں ۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۱ اور ۲۲ تاریخ تک آپ کی زندگی میں کچھ اہم تبدیلیاں رونما ہوں گی اس میں ازدواجی معاملات کے لحاظ سے بھی مثبت نتائج بر آمد ہونگے۔ کسی جگہ نئی شراکت کرنے کا موقع بھی مل سکتا ہے۔ آپ کی دلچسپی شریک حیات کے علاوہ بھی دوسروں میں بڑھے گی۔ اس ماہ کا یہ ہفتہ آپ کی سرگرمیوں کو تیز کرے گا۔

30-25

اس ہفتے میں چاند اپنا دائرہ البروج کا سفر مکمل کرے گا اور یورنس، نیپچون، اور کیتو کے ساتھ مل جائے گا اور آپ کی توجہ تخلیقی کاموں، ایڈمنسٹریشن اور مینجمنٹ کی جانب ہوگی۔ اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر ۳، ۴ اور ۷ ہیں۔ ان نمبروں سے آپکو فائدہ حاصل ہو سکتا ہے۔

برج عقرب	21 اکتوبر تا 20 نومبر
سیارہ	پلوٹو / مریخ
حروف	ظ، ذ، ض، ز، ن

8-1

برج عقرب کے حامل افراد کے لیے ماہ اپریل کے پہلے ہفتے میں قمر برج دلو میں ہوگا۔ جس کی وجہ سے آپ کے کاموں میں رکاوٹ آئے گی اور ۵، ۶، ۷ اور ۸ تاریخ کو آپ کے معمولات زندگی میں بہتری نمایاں نہ ہوگی لیکن اس دوران آپ اپنے دوستوں سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ آپ کسی کی مدد سے نمایاں ترقی کر سکتے ہیں۔

16-9

اس ہفتے کے دوران ۱۱، ۱۲ تاریخ کو آپ کو سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ ملازمت کے حصول کے لیے کی گئی کوششیں رنگ لائیں گی اور آپ کامیابی سے ہمکنار ہونگے۔ شریک حیات سے ایک سرد جنگ جنم لے گی جس کی وجہ سے آپ کا اکٹھا رہنا مشکل ہو جائے گا۔ کاروباری معاملات کے پیش نظر آپ دوسرے لوگوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کو ترجیح دیں گے۔

24-17

اس ہفتے میں آپ کی معروفیت بڑھے گی۔ ۱۸، ۱۹، ۲۰ اور ۲۱ تاریخ کاروباری معاملات میں اضافے کا باعث بنے گی اس دوران آپ اپنے رکے ہوئے معاملات کو حل کروائیں۔ خاص طور پر وہ اشیاء جو دوسروں کی ملکیت میں چلی گئی ہوں آپ ان کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ ۱۹ اور ۲۰ تاریخ کو سفر سے اجتناب کریں۔

30-25

آپ کے قریبی رشتے دار آپ کی ازدواجی زندگی میں دخل اندازی کریں گے اس کے علاوہ آپ کی گھریلو زندگی میں بھی پریشانی آئے گی اس ہفتے میں آپ کالے رنگ کی چیزوں کا صدقہ دیں۔ ۳۰ تاریخ اس کام کے لیے موضوع ہے۔ ۲، ۳ اور ۵ نمبر اس ماہ آپ کے لیے خوش بختی کا باعث ہونگے۔

برج قوس	21 نومبر تا 20 دسمبر
سیارہ	مشتری
حروف	ف

8-1

برج قوس کے حامل افراد کے لیے ماہ اپریل کا پہلا ہفتہ کچھ خاص

کامیابیاں نہ لے کر آئے گا جس کی وجہ سے آپ ہمت ہارنا شروع کر دیں گے۔ قریبی رشتہ داروں سے اختلافات جنم لیں گے۔ ۲، ۶، ۷ اور ۸ تاریخوں میں اپنی مصروفیات کو کم کریں اور ان دنوں میں اہم فرائض جن کا تعلق ذریعہ معاش سے ہو سر انجام نہ دیں۔

16-9

[illegible] تاریخ کا دن تبدیلی کا مظہر ہو گا آپ اچانک آمدن کے حصول [illegible]یں کریں گے اور کسی حد تک اس میں کامیاب بھی ہو جائیں گے۔ صحت کے معاملات پر خاص طور پر توجہ دیں۔ آپ کو اچانک چوٹ لگ سکتی ہے۔ پس پردہ لوگ آپ کی مخالفت کریں گے اور آپکے کام میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کریں گے۔

24-17

اس ہفتے میں آپ کی مصروفیات عروج پر ہونگی اور آپ ایک سے زیادہ کاموں میں حصہ لینے کی کوشش کریں گے۔ ۱۹، ۲۰، ۲۱ اور ۲۲ تاریخ نہایت اہمیت کی حامل ہو گی۔ ۱۹ اور ۲۰ کو اندرون ملک سفر کرتے وقت احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ جانے دیں اور اخراجات کو کنٹرول کریں۔ بعض اوقات آپ سفر کرنے کے بارے میں بھی کوئی آخری رائے قائم نہ رکھ سکیں گے۔

30-25

اس ہفتے کے دوران آپ بہت سے کاموں کا ارادہ کریں گے لیکن بعد میں آپ اپنے کیے ہوئے فیصلوں پر قائم نہ رہ سکیں گے جس کی وجہ سے آپ کا روزانہ کا معمول خراب ہو گا۔ آپ کی زیادہ تر توجہ رشتہ داروں کی طرف مرکوز ہو گی۔ ۱، ۴ اور ۶ نمبر آپ کے لیے خوش بختی لے کر آئیں گے۔

برج جدی	21 دسمبر تا 20 جنوری
سیارہ	زحل
حروف	ج، خ، گ

8-1

برج جدی کے حامل افراد کے لیے ماہ اپریل کے پہلے ہفتے میں ۱، ۷ اور ۸ تاریخ اہمیت کی حامل ہوں گی۔ مالی لحاظ سے اس مہینے میں آمدنی کے چانسز زیادہ ہونگے اور آپ جائز و ناجائز طریقوں سے آمدنی کے حصول کے لیے کوششیں کریں گے۔ ۷ تاریخ کا دن آپ کی گھریلو زندگی کے لحاظ سے اہمیت کا حامل ہو گا اور آپ اپنے گھر میں زیادہ وقت گزارنے کو ترجیح دیں گے۔

16-9

اس ہفتے کے دوران آپ کی کارکردگی کچھ زیادہ نمایاں نہ ہو گی کام کرنے کے باوجود امیدیں پوری نہ ہونگی۔ ۹، ۱۰ اور ۱۱ تاریخ اہم امور سر انجام دینے کے لیے زیادہ بہتر نہ ہونگی۔ ۱۲ تاریخ کو شریک حیات کے ساتھ اچھا دن گزرے گا۔ اس ہفتے میں آپ اچانک دولت حاصل کرنے کے بارے میں پلاننگ کریں گے۔

24-17

یہ ہفتہ آپ کے لیے مصروفیت کا باعث ہو گا۔ ۱۹ تاریخ کا دن خاص اہمیت کا حامل ہو گا۔ اس کے علاوہ ۲۱، ۲۲، ۲۳ اور ۲۴ تاریخوں میں آپ کو مختلف کاموں کی پلاننگ کرنے کا موقع ملے گا۔ اولاد کی جانب توجہ مبذول ہو گی۔ آپ کو دوستوں کے ساتھ گھومنے پھرنے کا موقع ملے گا۔ آپ دوسروں کا اثر و رسوخ استعمال کر کے آگے بڑھ سکتے ہیں۔

30-25

اس ہفتے میں اندرون ملک سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ اپنی مصروفیات کو بہتر طریقے سے ترتیب دیں گے اور بروقت ذہانت کا استعمال کریں گے۔ اس ماہ میں ۱، ۴ اور ۷ آپ کے لکی نمبر ہیں ان کی مدد سے آپ کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

برج دلو	21 جنوری تا 21 فروری
سیارہ	یورانس / زحل
حروف	س، ش، ث

8-1

برج دلو کے حامل افراد کے لیے ماہ اپریل کا پہلا ہفتہ مختلف کاموں کی طرف رجحان لے کر آئے گا اور آپ کئی شعبہ ہائے زندگی میں طبع آزمائی کریں گے اور اپنے مالی وسائل میں اضافے کی کوشش کریں گے اور ممکن ہے آپ اس ہفتے کے دوران ایک سے زیادہ شعبوں سے پیسے کمائیں۔ ۲ اور ۳ تاریخ کا دن آپ کی زندگی میں اہمیت کا حامل ہو گا۔

16-9

اس ہفتے کے دوران آپ اپنی گھریلو زندگی کے سحر سے نکلنے کی

بائیوردم رپورٹ

بائیو روم ایک جدید تحقیق ہے۔ اس کے مطابق بوقت پیدائش سے انسان جسمانی، ذہنی اور جذباتی پہلوؤں سے ایک خاص حیاتیاتی ارتعاش سے گزرنا شروع ہو جاتا ہے۔ یہ حیاتیاتی دور / ارتعاش باقاعدہ ایک خاص وقفے سے بڑھتا اور کم ہوتا رہتا ہے۔ بائیو روم رپورٹ دراصل ان تینوں حیاتیاتی ادوار کو بیان کرتی ہے۔ اس رپورٹ میں ہر دن کی حیاتیاتی یا بائیو روم کی تفصیل الگ الگ دیتے ہیں۔ آپ کا کون سا دور اس وقت اچھی حالت میں ہے اور کون سا کمزور حالت میں۔ اس تفصیل کی روشنی میں آپ اپنی روزمرہ زندگی اور اہم معاملات زندگی بہترین طریقے سے طے کر سکتے ہیں۔ بطور مثال آپ دیکھتے ہیں کہ میرا یہ حیاتیاتی دور آج اچھا ہے تو اس سے متعلق کام کریں اور اگر کوئی حیاتیاتی دور خراب ہے تو اس سے متعلق کاموں سے باز رہنے کی کوشش کریں۔ اس بارے میں تفصیل اور طریقہ کار آپ کو روزانہ بائیو روم رپورٹ کے ساتھ ملے گا۔ اس رپورٹ کی مدد سے آپ اپنے ملنے اور چاہنے والوں کے مزاج اور رویے کو بھی با آسانی سمجھ سکتے ہیں۔ اور اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یعنی جب ان کا مزاج اچھا ہو ان سے ملاقات یا امید پوری ہونے کی زیادہ توقع ہو گی۔ اور ایسے ہی بہت سے دیگر امور میں بھی یہ فائدہ مند ہے۔

فیس: رپورٹ ایک سال 200 روپے۔ دو سال 350 روپے۔ تین سال 400 روپے۔ ڈاک خرچ 20 روپے۔ سالانہ خریداروں کے لیے 10% خصوصی رعایت۔

ادوار زندگی

سیانہ / نریانہ

پاکستان، انڈیا اور دنیا کے بہت سے ممالک میں ماہرین نجوم ادوار / دشا سسٹم سے مدد لیتے ہیں۔ یہ ایک موزوں اور کامیاب طریقہ کار ہے۔ تاہم ادوار کا استخراج کرنا ایک طویل اور تھکا دینے والا عمل ہے۔ لیکن اب خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے تحت دوستوں کی یہ مشکل حل کر دی گئی ہے۔ آپ معمولی فیس کے عوض یہ ادوار حساب کی معمولی غلطی سے بھی محفوظ اور سو فی صد درست استخراج کروا سکتے ہیں۔ یہ ادوار تاریخ پیدائش سے لے کر ۷۰ سال کی عمر کے لیے استخراج کیے جاتے ہیں۔

نجومی دوستوں کے لیے خصوصی رعایت
۳ مختلف ادوار بیک وقت استخراج کروانے پر 25% خصوصی رعایت۔

☆ دور اکبر۔ دور اصغر اور دور صغیر برائے ۷۰ سال۔ یہ قریباً ۲۰ صفحوں پر مشتمل سفید کاغذ اور لیزر پرنٹ میں دستیاب ہوں گے۔ فیس صرف ۵۰۰ روپے۔

جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ جس پر آپ کا پتہ تحریر ہو ارسال کریں ورنہ جواب سے معذرت۔

☆ دور اکبر۔ دور اصغر۔ دور صغیر اور دور صغیر اصغر برائے ۷۰ سال۔ یہ قریباً ۵۰ صفحات پر مشتمل ہوں گے۔ ان میں دور کی تبدیلی کے دن کے ساتھ تبدیلی کا گھنٹہ اور منٹ بھی تحریر کیا گیا ہو گا۔ سفید کاغذ اور لیزر پرنٹ میں دستیاب ہوں گے۔ فیس ۱۰۰۰ روپے۔

رعایت: سالانہ خریداروں کو ۱۰% خصوصی رعایت۔

سالانہ خریدار اور رعایت

صرف ۲۳۰ روپے میں

مفت: ایک ذاتی سوال کا جواب ہر ماہ بذریعہ جوابی خط
مفت: زائچہ پیدائش
رعایت: کتب کی قیمت پر ۱۰% رعایت
رعایت: زائچہ جات کی فیس پر ۱۰% رعایت
رعایت: بائیو روم رپورٹ کی فیس پر ۱۰% رعایت
رعایت: ادوار کی فیس پر ۱۰% رعایت

نقش اعظم صد در صد

100x100

نقش صد در صد دس ہزار (۱۰،۰۰۰) خانوں پر مشتمل ہوتا ہے اس کا تیار کرنا عام فرد کی سوچ سے بالاتر ہے۔ تاہم خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے تحت اب ہر فرد اپنے لیے یہ نقش معظم تیار کر سکتا ہے۔ آپ دو طریق پر اس خدمت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

اول: ادارے کا تیار کردہ نقش معظم اور اس کی چال کی کاپی ۲۰۰ روپے ادا کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ نقش بالترتیب راہنمائے عملیات میں بھی دیا جا رہا ہے۔

دوم: اپنے ذاتی حوالے یعنی اپنے نام اور والدہ کے نام مع خاص مقصد / مقاصد وغیرہ کے حوالے سے معقول معاوضہ ادا کر کے نقش معظم تیار کروا سکتے ہیں۔

اس نقش معظم سے آپ یہ فوائد حاصل کر سکتے ہیں:- تسخیر خلق، رجوع، رزق، عزت، وقار، صحت، اولاد، عمومی خوش حالی اور قلبی سکون، غلبہ دشمن، ادائیگی قرض، مقدمے میں کامیابی، آفات ارضی و سماوی سے حفاظت، مکان و عمارت کی حفاظت، روزمرہ امور میں کامیابی اور لاتعداد دوسرے معاملات میں حصول برکت کے لیے۔

کیا آپ جفر جامع سیکھنے کے خواہش مند ہیں؟

اگر آپ کا جواب ہاں میں ہے تو معمولی فیس کے عوض آپ اس عظیم علم کو حاصل کر سکتے ہیں۔ تفصیلات کے لیے ملیں یا خط لکھیں۔

کوپن برائے سوال

(صرف بذریعہ ڈاک)

کوپن مکمل کرنے سے قبل درج ذیل ہدایات پڑھ لیں

☆ سالانہ خریدار جوابی خط کے ذریعے ایک ذاتی سوال کا جواب ہر ماہ حاصل کر سکتے ہیں۔ (خریداری نمبر اور زائچے کی کاپی ارسال کریں)
☆ دوسرے قارئین ایک سو روپے فیس ادا کر کے ایک سوال کا جواب حاصل کر سکتے ہیں۔
☆ جوابی لفافے پر اپنا پتہ صاف ستھرا تحریر کریں۔
☆ لفافے کے باہر واضح تحریر کریں 'کوپن برائے سوال'۔
☆ کسی دوسرے امر کے بارے میں سوال ہو تو الگ سے جوابی لفافہ اور خط ارسال کریں۔
☆ ایک وقت میں ایک سوال اور مکمل کوائف ارسال کریں۔
☆ مندرجہ بالا ہدایات پر پورا نہ اترنے والے خط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔

سوال ---- نام ---- نام والدہ ---- تاریخ ----
وقت اور مقام پیدائش ---- سوال کرنے کی تاریخ، وقت اور مقام ----

ہمیشہ جوابی لفافہ ارسال کریں

برج حمل

از: سمیعہ اسحٰق راٹھور

عرصہ	21مارچ تا 20اپریل
حروف	ا ل ع ی
حاکم کوکب	مریخ
عنصر	آتشی
ماہیت	منقلب
حصہ جسم	سر
موافق نگینہ	یاقوت ہیرا مرجان
موافق دن	منگل
موافق نمبر	9
موافق رنگ	سرخ قرمزی گلابی پیازی
موافق پھول	گلاب
موافق شریک کار	میزان
موافق افراد	جوزا دلو
ناموافق افراد	سرطان جدی
بائیوکیمک نمک	کالی فاس

ظاہری شخصیت:

برج حمل سے تعلق رکھنے والے افراد عام طور پر تندرست و توانا اور مضبوط قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں- عام لوگ جب ان سے ملتے ہیں تو چاہے ان کی کوئی بات یاد رکھیں نہ رکھیں ان کی شخصیت کا سحر سالہاسال قائم رہتا ہے جو دوسرے کو اس بات کا احساس دلاتا ہے کہ وہ برسوں پرانی ملاقات ہمیں یاد کیوں رہ گئی- حمل لوگوں کی پرکشش شکل و صورت بہترین انداز گفتگو ملنے والوں کے ذہنوں پر انمٹ نقوش ثبت کرتا ہے- یہ لوگ پہلی ہی ملاقات میں بے تکلف ہو جاتے ہیں اور وہ بھی اس حد تک کہ آپ یہ محسوس کرنے لگیں کہ نہ جانے کتنی پرانی دوستی ہے- بہر حال دیر ہو یا سویر حمل افراد کی ملاقات اور پھر دوستی ایک نعمت سے کم نہیں- وہ خود تو خوش اخلاق ہوتے ہی ہیں- اپنی خوش اخلاقی سے دوسرے کو بھی اپنا گرویدہ اور دوست بنا لیتے ہیں- ان کی شخصیت میں ایک قسم کی مقناطیسیت پائی جاتی ہے جو بہت ہی کم انسانوں کے حصے میں آتی ہے- ان کا ایک ایک عمل اور حرکت دیکھنے والے کو متاثر کرتی ہے- اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ وہ کسی بھی کام میں مصروف ہوں یا محض بات چیت کر رہے ہوں لاکھ تھکان و تناؤ کے باوجود آپ انہیں بالکل تروتازہ و شاداب پائیں گے اور وہ آپ کی ہر بات کا جواب مسکرا کر خوبصورتی سے دیتے رہیں گے ان کا نقطہ نظر آپ کے ساتھ مکمل شریک ہونا آپ سے حد درجہ ہمدردی رکھنا اور اختلاف رائے کو ختم کرنا ہوتا ہے- اسی دوران وہ اپنے بہترین فن گفتگو کے ذریعے اپنے موقف کو بھی منوا لیتے ہیں-

زندگی کے متعلق نقطہ نظر:

برج حمل کا علامتی نشان مینڈھا ہے- جو اپنے حق کے لیے لڑنے مرنے پر تیار رہتا ہے- لیکن اگر پہلے ہم اس برج کے تحت آنے والے لوگوں کی مختلف طبیعتوں کی بنیاد پر انہیں دو حصوں میں تقسیم کر لیں تو زیادہ بہتر رہے گا- ایک قسم تو وہ ہے جس میں آنے والے لوگوں کی شخصیت مکمل اور پختہ ہوتی ہے جب کہ دوسری قسم کے حمل لوگ ناپختہ شخصیت کے مالک ہوتے ہیں- پہلی قسم کے لوگ بامقصد منزل کے حصول کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں- ہر کام سیکھنے کی کوشش کرتے ہوئے زندگی کو عملی راہوں پر استوار کرنے کے قائل ہوتے ہیں- اس سلسلے میں نہایت روشن خیال بے جھجک اور فوری عمل کو فوقیت دے کر زندگی کی بازی جیت جاتے ہیں- جب کہ ایک ناپختہ شخصیت کا

حامل حمل فرد خیالی پلاؤ زیادہ پکائے گا- بنا ہاتھ ہلائے سب کچھ پا لینے کا خیال اسے لالچی بنا دیتا ہے- ہر لحہ بے چین اور بے سکون رہتا ہے- حمل افراد کے متعلق یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ دوسروں کی جانب سے دیئے جانے والے مشوروں کو پسند کرتے ہیں اور مستقبل کو ہمیشہ روشن دیکھنا چاہتے ہیں- دفتر ہو یا گھر ہر جگہ ہر چیز سلیقے اور صفائی سے دیکھنا پسند کرتے ہیں-

بعض حمل کوئی ایک کام دلچسپی سے نہیں کرتے کیونکہ وہ کمزور قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں- اس کے برعکس پختہ حمل وہ کام کرتے ہیں جو انہیں کرنا چاہیے- جب شروع کر لیتے ہیں تو پھر پایہ تکمیل تک پہنچاتے ہیں اور اسی طرح زندگی کامیاب بناتے ہیں-

آزادی پسند:

حمل فطرتاً آزادی پسند کرتے ہیں- اپنی آزادی کی خاطر خود غرضی ان کے نزدیک جائز ہے- اگر کوئی حمل بیوی ایک مرتبہ گھر چھوڑ دے تو اس کا انتظار کرنا بیوقوفی ہے- خود غرضی یہ بھی ہو سکتی ہے کہ حمل بیوی اپنے خاوند سے تو ہر آسائش کی طلبگار رہے لیکن خود اسے کچھ نہ دے سکے- بے پناہ قوت مدافعت کے مالک حمل افراد کچھ حد تک طبیعت کے مخالف اثرات قبول کر سکتے ہیں لیکن اس کے بعد ان کی ہٹ دھرمی کا مقابلہ کوئی نہیں کر سکتا وہ جو کہتے ہیں منوا کر چھوڑتے ہیں-

فولادی انسان:

حمل بڑے باعمل، محنتی اور سرگرم ہوتے ہیں- اچھی زندگی گزارنے کا خواب رکھتے ہیں- لیکن اگر اصولوں پر سمجھوتہ کرنا پڑے تو مفلسی کو ترجیح دیتے ہیں- مادی مشکلات انہیں روحانی آسودگی بخشتی ہیں-

باغیرت اور چاق و چوبند انسان:

حمل افراد کافی حد تک باغیرت ہوتے ہیں- خوشامد سے نفرت کرتے اور ہر کنوئیں میں بلا خوف و خطر کود پڑتے ہیں- انہیں مشکلات سے لڑنے میں مزہ آتا ہے- اس لیے مستعدی سے مقابلہ کرتے ہیں- خود بھی چاق و چوبند ہوتے ہیں اور دوسروں سے بھی ہر کام جلد اور درست کرنے کی توقع رکھتے ہیں-

فکر انگیز پہلو:

زندگی میں کامیابی حاصل کرنا ہر انسان کی فطری خواہش ہوتی ہے کامیابی کے ممکن حصول کی خاطر اسے بہت کچھ کرنا پڑتا ہے- حمل افراد اس مقابلے میں بہت زیادہ خود غرضی سے کام لیتے ہیں- نہایت بے صبری کا مظاہرہ کرتے ہیں- ہر وقت ہر معاملے میں قیادت کا بھوت سوار رہتا ہے- ان کا یہ رد عمل درست نہیں ہے- کیونکہ سامنے والا جس پر آپ قیادت کا رعب جمانا چاہتے ہیں وہ تو کبھی نہیں چاہے گا کہ آپ کا غلام بن کر رہے- رد عمل کے طور پر وہ آپ کے خلاف قدم اٹھائے گا اس لیے غلط رائے سے بچنے کے لیے حمل افراد کو اپنا یہ عمل درست کر لینا چاہیے- حمل افراد فضول خرچ بھی ہوتے ہیں- جوانی میں جتنا کماتے ہیں بڑھاپے تک سب ختم ہو چکا ہوتا ہے- نہایت حساس طبیعت کے مالک ہوتے ہیں- اردگرد ہونے والے واقعات انہیں بہت متاثر کرتے ہیں- پرکشش شخصیت اور ظاہری تاثر کی بناء پر ان کے اردگرد رہنے والے لوگ ان کو لیڈر سمجھتے ہیں- اس لیے کسی مشکل میں بھی ان کی مدد کو آگے نہیں بڑھتے حالانکہ حمل کو مدد کی ضرورت ہوتی ہے- اپنا لہجہ ہمیشہ دھیما اور غیر تحکمانہ رکھیں تاکہ دوسرے آپ کے لیے ہمدردانہ اور اچھے جذبات رکھیں-

حمل خواتین:

حمل خواتین مستحکم مزاج، مضبوط کردار، باارادہ اور عزم و حوصلہ کی مالک ہوتی ہیں ان کی کارکردگی عام حالت میں اتنی قابل دید نہیں ہوتی جتنی غیر معمولی حالت کو ہینڈل کرنے میں مثالی کارکردگی انجام دیتی ہیں- مثبت مقصد کا حصول تو بہتر ہے لیکن ایسی طاقت، توانائی اور غیر معمولی کارکردگی کا استعمال منفی مقاصد میں استعمال کرنے سے گریز کرنا چاہیے- خاص منصوبہ بندی نہیں کرتیں لیکن اگر کوئی کام شروع کر لیں تو مکمل کرنے بلکہ سب سے پہلے اور بہترین طریقے سے ختم کرنے کی ممکن کوشش کرتی ہیں- دوسروں کی جیت کی صورت میں یہ حسد اور جلن بہت جلد محسوس کرتی ہیں- جس وجہ سے ڈپریشن کا شکار ہو جاتی ہیں- ضرورت سے زیادہ احساس طبیعت انہیں رقابت، غرور اور سخت گیری جیسے رویے کا شکار بنا دیتی ہے جس پر کنٹرول ضروری ہے- حمل خاتون کبھی بھی فالتو وقت کو ضائع نہیں کرتی بلکہ تعمیری کاموں میں صرف کرتی ہیں- حاضر جوابی انہیں سماجی تقریبات میں منفرد کرتی ہے- شوہر کا کام کس قسم کا بھی ہو اس کی مدد کرتی ہیں- تعریف کرتے رہنے والے آدمی حمل عورت کے بہترین شوہر ثابت ہوتے ہیں- علاوہ ازیں حمل خواتین

نہایت چست اور پھرتیلی ہوتی ہیں جوان کے خوبصورت اور پر آرائش گھر سے نظر آتا ہے- مہمان نوازی حمل خواتین کا خاصہ ہے- اپنی تمام تر خوبیوں کے باعث ایک اچھی شریک حیات ثابت ہوتی ہیں- حمل بچوں سے بے حد محبت کرنے والی بہترین مائیں جانی جاتی ہیں-

حمل مرد:

جیسے کہ پہلے بھی بتایا گیا ہے کہ حمل افراد کی دو اقسام ہوتی ہیں جو قطعی مختلف ہوتی ہیں- اس لیے حمل مردوں کے بارے میں بتائی جانے والی خصوصیات کو تمام حمل مردوں پر لاگو نہیں کیا جاسکتا پھر بھی چند بنیادی عوامل ایسے ہیں جو حمل مردوں کی زندگی پر اثر انداز ہوتے ہیں- حمل مرد عام طور پر پھرتیلا اور جلد منزل پانے کی خواہش رکھتا ہے- اچھی منصوبہ بندی کرتے اور ہر کام بہترین طریقے سے شروع کرتے ہیں- لیکن عجلت پسندی کی عادت اور بعض اوقات سستی نقصان کا باعث بنتی ہے- صبر و تحمل اور سوچ بچار سے اس نقصان پر قابو پایا جاسکتا ہے- حمل افراد اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے صرف اپنے مفاد کی پرواہ کرتے ہیں- جس سے لوگ برا محسوس کرتے ہیں- اس طرح ان کی سماجی حیثیت متاثر ہونے کا خدشہ رہتا ہے- بعض حمل مردوں کی ایک ہی وقت میں کئی کام شروع کر لینے کی عادت انہیں پہلے ذہنی انتشار اور پھر ناکامی سے دوچار کرتی ہے- حمل مرد دوسروں سے بہت جلد' بہت سی توقعات وابستہ کر لیتے ہیں اور اپنا رویہ ہمیشہ تحکمانہ رکھتے ہیں- پھر لوگوں کی طرف سے بے اعتنائی پر قصوروار بھی دوسروں کو ٹھہراتے ہیں- حد درجہ تنقیدی ہوتے ہیں- شادی سے پہلے ہی اپنی بیوی کے بارے میں ایک تصور قائم کر لیتے ہیں- جو بہت خوبصورت' چست اور دانش مند شریک سفر کا ہوتا ہے- ہر بات دل میں رکھنے کی بجائے کھلم کھلا اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں- ان کی رفیق حیات اگر ان کے مطلوبہ معیار پر پوری اترتی ہو تو پھر ساری عمر ان سے وفا کرتے ہیں-

حمل بچہ:

حمل بچہ دوسرے بچوں کی نسبت ذہین اور دانشمند ہوتا ہے- اگر ابتدائی عمر ہی سے اس کی مناسب راہنمائی (جو اس کی خودی کو مجروح نہ کرے) کی جائے تو بڑے ہونے پر انہیں عملی زندگی میں بڑی مدد ملتی ہے- وہ نگرانی کا برا ماننے لیکن پھر اپنی غلطیوں سے سبق حاصل کرنے والے بچے ہوتے ہیں- اگر انہیں بچپن سے ہی حقیقت پسندی کی عادت ڈالی جائے تو بہتر رہتا ہے- آزادی مجروح ہونے پر بعض حمل بچوں کا رد عمل انتہائی جارحانہ ہو جاتا ہے- ایسی صورت حال میں والدین کو پیار محبت سے کام لینا چاہیے- حمل بچہ ہمیشہ لیڈر بننا پسند کرتا ہے- بڑے ہونے پر ایک صورت میں تو یہ فوجی' نڈر اور بہادر کام کرنے والے ہوسکتے ہیں اور دوسری صورت میں ایسے کردار کے حامل کہ لوگ انہیں نظر انداز کرنے لگیں- ایسی صورت حال سے بچاؤ تب ہی ممکن ہے کہ ابتدائی عمر میں ہی حمل بچوں کے کردار کے مثبت تعمیر پر توجہ دی جائے اور والدین اپنے آپ کو بطور نمونہ پیش کرتے ہوئے انہیں تنقید کا کوئی موقع نہ دیں-

برج حمل کے دوسرے بروج کیساتھ تعلقات

۱- برج حمل برج حمل کے ساتھ:

حمل مرد حمل عورت:-

حمل خاوند ہوتے ہوئے آپ کی خواہش ہے کہ آپ گھر میں 'باس' بن کر رہیں ایسے میں اگر حمل زوجہ افہام و تفہیم سے آپ کے اس درجہ کو قبول کرلے تو زندگی اچھی گزرتی ہے- آپ کو پر سکون' خوبصورت اور صاف ستھرا گھریلو ماحول پسند ہے اس لیے حمل بیوی کو چاہیے کہ وہ ان باتوں کا خیال رکھے- حمل خاوند ایسی ہی عورت کو پسند کرتا ہے جسے ہر بات بتانی نہ پڑے- ایک جیسی عادات ہوتے ہوئے دونوں ٹکراؤ کی بجائے اچھی زندگی گزارتے ہیں-

حمل عورت حمل مرد:-

متضاد مزاج کی صورت میں حمل عورت و مرد کی زندگی ہنگامہ آرائی پر مبنی ہوتی ہے لیکن بہ حیثیت حمل شریک حیات آپ کوشش کرتے ہیں کہ حمل رفیق سفر کو اس کی منزل پر پہنچنے میں مدد دیں- آپ کی تھوڑی سی مصروفیات حمل مرد کو ناراض کر دیتی ہیں- ایسے میں آپ لذیذ پکوانوں کی مدد سے بازی جیت سکتی ہیں- اگر آپ گھر اور گھر میں آنے والوں کو اچھی طریقے سے دیکھتی ہیں اور حمل خاوند کی ضروریات کی تسکین کرتی ہیں تو آپ کا گھر جنت کا ٹکڑا بن سکتا ہے-

۲- برج حمل برج ثور کے ساتھ:

حمل مرد ثور عورت:

اگر آپ حمل مرد ہیں تو غور فرمایئے۔ جناب آپ کی ثور بیوی میں وہ تمام خوبیاں تو نہیں ہو سکتیں جو آپ چاہتے ہیں پھر بھی اگر آپ ثور بیوی کو اچھے طریقے سے اپنی محبت کا یقین دلاتے ہیں تو وہ آپ کے لیے سب کچھ کرنے کو تیار ہے۔ اپنی تیزی روی میں اسے نظر انداز نہ کریں بلکہ اسے ساتھ لے کر جائیں وہ آپ کو کبھی ناامید نہیں کرے گی۔

حمل عورت ثور مرد:

بحیثیت حمل بیوی آپ ثور خاوند کے ساتھ ایک بھرپور اور خوشگوار زندگی گزار سکتی ہیں۔ آپ کا ثور خاوند منصوبہ بندی سے عملی میدان میں کودنے والا انسان ہے۔ لہٰذا آپ کا اس پر کسی قسم کا انحصار بے کار نہ جائے گا۔ وہ آپ کی مصروفیات میں آپ کا مدد و معاون رہے گا اور جب آپ گھر کو اس کے لیے جنت بنائیں گی تو وہ آپ کی اور گھر کی تمام ضروریات کا خیال رکھے گا۔

۳- برج حمل برج جوزا کے ساتھ:

حمل مرد جوزا عورت:

جوزا بیوی کی پرکشش شخصیت آپ کے لیے باعث فخر ہو گی اس کے علاوہ اس کی چستی آپ کو دوسرے امور میں بھی مددگار ثابت ہو گی۔ آپ کی جوزا بیوی ہمیشہ آپ کی وفادار ثابت ہو گی چونکہ آپ دونوں کی راہیں کچھ ملتی جلتی ہیں۔ اس لیے آپ ہر قدم سوچ سمجھ کر اٹھاتے ہیں۔

حمل عورت اور جوزا مرد:

برج جوزا کے تحت پیدا ہونے والے مردوں میں حمل عورت کے لیے بہت کشش ہوتی ہے۔ اس لیے آپ اپنی ذہانت سے فوراً بھانپ لیتی ہیں کہ آپ کے خاوند کی کیا ضرورت ہے۔ آپ اس کے ہر مسئلے میں مفید مشورے دیتی ہیں۔ نتیجتاً وہ آپ کو اپنا قائد تسلیم کرتا اور آپ کی ہر ضرورت اپنے ہاتھوں سے پوری کرنے میں خوشی محسوس کرتا ہے۔

۴- برج حمل برج سرطان کے ساتھ:

حمل مرد اور سرطان عورت:

سرطان بیوی آپ کو طرح طرح کی آزمائشوں میں ڈالے گی بہ حیثیت حمل خاوند آپ کو احتیاط کرنا ہے حس مزاح سے محروم سرطان بیوی سے کوئی ایسا مذاق نہ کریں جو اسے ناگوار گزرے ورنہ آپ مشکل میں پڑ جائیں گے۔ آپ پیسہ لٹانے میں ماہر اور آپ کی زوجہ پیسہ بچانے میں مشاق ہیں اس لیے ٹکراؤ سے بچنے کے لیے آپ پر احتیاط لازم ہے۔

حمل عورت سرطان مرد:

سرطان مرد کو اپنے کنٹرول میں کر لینا حمل عورت کا کمال فن ثابت ہو گا۔ سرطان مرد نہایت کفایت شعار ہوتا ہے اس کے ساتھ ساتھ وہ آپ کی شاہ خرچیوں پر بھی نظر رکھے ہوئے ہے۔ حمل بیوی کی نت نئی چیزوں کی تلاش کی تسکین سب سے بہتر سرطان مرد کر سکتا ہے۔ اس لیے آپ کو ہمیشہ اسی سے رجوع رکھنا چاہیے۔

۵- برج حمل برج اسد کیساتھ:-

حمل مرد اسد عورت:

آپ خوش قسمت ہیں کہ آپ کو شوخ چنچل بیوی ملی لیکن اس کے ساتھ رہنے کے لیے آپ کو اپنے حاسدانہ جذبات کو کنٹرول کرنا ہے کیونکہ اس کا لاجواب حسن و جمال دوسروں کے سامنے آپ کو پریشان کر سکتا ہے۔ بذات خود اس معاملے میں آپ کی شریک حیات مضبوط اعصاب کی مالک ثابت ہو گی۔ آپ کے تحفے اسے آپ کی محبت کا یقین دلاتے ہیں اس طرح وہ آپ کی ہو کر رہتی ہے اس کی آپ کے ساتھ موجودگی باعث فخر و کامیابی ہے۔

حمل عورت اسد مرد:

آپ کا اسد خاوند قابل بھروسہ آدمی ہے اور آپ کا بہترین سہارا بھی وہ ہر لحہ آپ کی مدد کو تیار رہتا ہے اور آپ کی ضرورت کو محسوس کرتا ہے۔ اس لیے آپ کو بھی چاہیے کہ وقت سے پہلے ہی اپنے آپ کو اسد خاوند کی مدد کے لیے تیار رکھیں۔ اسد مرد کو سربراہی کا شوق تو ہوتا ہے لیکن آپ کی محبتوں کے صلے میں وہ کبھی آپ پر بے جا حکم نہیں چلائیں گے۔

۶- برج حمل برج سنبلہ کے ساتھ:

حمل مرد سنبلہ عورت:

سنبلہ بہت رکھ رکھاؤ والی خواتین ہوتی ہیں اور ایسے ہی لوگوں کو پسند کرتی ہیں۔ سنبلہ خاتون کے ساتھ چند دن گزار کر آپ اسے نہیں جان

سکتے -وہ ہمیشہ تسلی یقین اور طویل انتظار کے بعد اپنے خول سے باہر نکلتی ہے- سنبلہ بیوی کی ناراضگی سے بچنے کے لیے اس پر تنقید نہ کریں- وہ آپ کی وفاؤں پر آپ کے نام کی مالا گلے میں ڈال لے گی لیکن آپ کے ساتھ کسی دوسری عورت کا وجود اس کے لیے موت ہے-

حمل عورت سنبلہ مرد:

مرد بہت دھیمے مزاج کے ہوتے ہیں- آپ اپنی فہم و فراست ... حمل سے اس کے ساتھ اچھی زندگی گزار سکتی ہیں- مثلاً گھر صاف اور پر آرائش رکھیں- کچن کے برتنوں پر ستارے چمک رہے ہوں- کیونکہ یہ سب سنبلہ مرد کی کمزوریاں ہیں- اپنی کمزوریوں کی تسکین کے صلے میں وہ آپ کو مایوس نہیں کرے گا-

۷- برج حمل برج میزان کے ساتھ:

حمل مرد میزان عورت:

آپ کی میزان بیوی آپ کے لیے باعث صد افتخار ہے- اس کی پرکشش شخصیت اور ٹھوس دلائل ہمیشہ آپ کو اس کا قائل اور ضرورت مند رکھیں گے- آپکے فیصلے اسے کوئی تکلیف نہیں پہنچاتے کیونکہ میزان کو آپ کی خوشی عزیز ہے اگر آپ اس سے کچھ چاہتے ہیں تو اس کا بھرپور خیال رکھیں- تب وہ آپ کی سانس تک کی حفاظت کرنے والی شریک حیات ثابت ہوگی-

حمل عورت میزان مرد:

میزان مرد بحیثیت شریک حیات محبت کے معاملے میں مشکوک رہے گا- میزان مرد آپ کی ذہانت اور بہترین اخلاق کا جہاں معترف ہوتا ہے وہاں غلطی ہو جانے پر آپ کو چاہیے کہ بحث و تمحیص سے پرہیز کریں کیونکہ میزان خاوند بحث کو ناپسند اور خاموشی اختیار کرنا پسند کرتا ہے- یہی بہتر زندگی کی چابی ہے- اگر آپ چاہیں تو یہ چابی اپنے ہاتھ میں بھی رکھ سکتی ہیں-

۸- برج حمل برج عقرب کے ساتھ:

حمل مرد عقرب عورت:

عقرب بیوی غصے اور نرمی دونوں میں شدت پر ہوتی ہے- اس لیے حمل مرد کو اس کے غصے کا مقابلہ نہیں کرنا چاہیے- مخالفت کی صورت میں وہ بدلا لیے بغیر نہیں رہتی آپ دونوں کی متضاد طبیعتیں جھگڑوں کا باعث بنتی ہیں لیکن عقرب شریک زندگی دوسروں پر یہ کبھی ظاہر نہیں ہونے دیتی- حمل مرد کے لیے عقرب بیوی کے ہاں میں ہاں ملانا ہی بہتر ہے-

حمل عورت عقرب مرد:

عقرب مرد عقرب خاتون کی طرح ہر حالت میں عروج پر ہوتا ہے حمل عورت کا کوئی فعل اسے مرغوب نہیں کرتا الناذر اسی کو تاہی پر آپ کے لیے وبال جان بن سکتا ہے- آپ کی لاکھ کوششوں کے باوجود اگر وہ محبت کا اظہار کریں تو بھی وہ سطحی ہی ہوگا-

۹- برج حمل برج قوس کے ساتھ:

حمل مرد قوس عورت:

قوس عورت کا بہترین باطن اور صاف گوئی حمل مرد کو اس کے بہت سے دوستوں سے محروم کر دیتی ہے- حقیقتاً وہ انتہائی قابل اعتماد اور ایماندار ہے- اس لیے حمل خاوند ہونے کی بناء پر اس کی اس عادت پر کچھ محنت سے قابو پا سکتے ہیں- آپ کی طرح وہ بھی مصروف رہنا پسند کرتی ہے- اچھی بیوی اور بہترین خاتون خانہ ثابت ہوتی ہے-

حمل عورت قوس مرد:

قوس مرد سمارٹ خوش اخلاق اور کسی حد تک شرمیلے ہوتے ہیں- حمل بیوی کو اپنی بات منوانے کے لیے بہترین حکمت عملی تیار کرنی چاہیے قوس خاوند آپ کی شخصی آزادی کا قائل ہے اس لیے وہ آپ پر کوئی پابندی لاگو نہیں کرے گا- معاشرے میں آپ کی پرکشش شخصیت کو اپنے ساتھ فخریہ محسوس کرے گا- لیکن گھر سارا آپکو خود سنبھالنا پڑے گا-

۱۰- برج حمل برج جدی کے ساتھ:

حمل مرد جدی عورت:

جدی بیوی کی نظر میں رہنے کے لیے آپ کو اپنے ذات کو تعمیری کاموں میں مصروف رکھنا ہے- ایسی صورت میں جدی رفیق سفر آپ کی مدد کرے گی ورنہ نظر انداز کر دے گی- آپ کے مخالفین سے ڈٹ کر مقابلہ کرے گی- آپ کی جانب سے حوصلہ افزائی پر وہ خوش رہتی ہے اور اگر آپ سسرال

والوں کے بارے میں وقتاً فوقتاً ذکر خیر کرتے رہیں تو یہ امر بھی اس کے لیے باعث افتخار ہوتا ہے۔

حمل عورت جدی مرد:

آپ کے نت نئے منصوبے، رجعت پسندی جدی خاوند کے ساتھ رہتے ہوئے مسائل پیدا کر سکتے ہیں۔ وہ عقاب کی نگاہ رکھتا ہے لہٰذا آپ کو ہر معاملے میں احتیاط برتنی ہے۔ اگر آپ گھریلو ماحول پر سکون رکھیں تو وہ گھر میں رہنا پسند کرتا ہے۔

۱۱۔ برج حمل برج دلو کے ساتھ:

حمل مرد دلو عورت:

حمل مرد کی دلو بیوی اس کی طرح روشن خیال کی مالک ہوتی ہے۔ حقیقت پسند اور آزاد خیال ہوتی ہے اور آپ کی طرف سے بھی اسی بات کی توقع کرتی ہے آزادی پر قطعی سمجھوتہ نہیں کرتی۔ آپ کے لیے اپنی دلو شریک حیات کو سمجھنا انتہائی مشکل ہے۔ وہ اپنا ظاہر و باطن کبھی آپ پر عیاں نہیں کرتی۔ لیکن اکثر آپ کی ناقابل برداشت باتوں کو نظر انداز کر کے خوش و خرم ماحول قائم کرنے کی کوشش کرتی ہے۔

حمل عورت دلو مرد:

آپ کی طرح آپ کا دلو خاوند منصوبہ بندی کا قائل اور مقابلے کا شائق ہے آپ کے سیکھنے کے لیے اس میں بہت کچھ ہے۔ آپ کا دلو مرد اپنی مصروفیات میں آپ کو اپنے ساتھ رکھنا پسند کرتا ہے۔ آپ کی محبت کا جواب محبت سے دیتا ہے۔ لیکن کبھی بھی دباؤ کی صورت میں بگڑ سکتا ہے۔ پھر بھی وہ آپ کے لیے ہمیشہ بااعتماد رہے گا۔

۱۲۔ برج حمل برج حوت کے ساتھ:

حمل مرد حوت عورت:

حوت بیوی کی یہ خواہش رہے گی کہ وہ گھر پر حکمرانی کرے آپ اس کے ذہن سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ وہ مخالفین میں آپ کا دفاع کرتی ہے اور ناراضگی کی صورت میں پس پردہ رہ کر غصہ نکالتی ہے۔ حمل مرد کو حوت کی اداکارانہ طبیعت کو سمجھنا مشکل ہے۔ لیکن آپ کی تھوڑی سی محبت اسے بہت خوش کر دیتی ہے۔

حمل عورت حوت مرد:

حمل بیوی کے لیے حوت مرد کا خوابوں کی دنیا میں رہنا جھنجھلاہٹ کا باعث بنتا ہے۔ وہ عمل سے زیادہ سوچتا ہے۔ وہ آپ کی پریشانی میں آپ کا ساتھ تو دیتا ہے لیکن حل تلاش کرنا آپ کی ذمہ داری ہے۔ اگر آپ کاروبار وغیرہ میں حوت مرد کی مدد اور مناسب راہنمائی کا بیڑہ اٹھائیں تو وہ خوشی محسوس کرے گا اور کامیابی اس کے قدم چومے گی۔

خط لکھنے والے

دوست اس بات کا خیال رکھیں کہ خط کے ایک کونے پر نمایاں طور پر خط کا مقصد تحریر کریں۔ یعنی سالانہ خریداری، فنی مسائل، مشورہ، عملیاتی مدد، شعبہ اشتہارات، شعبہ مضامین وغیرہ۔

آپ کا خط فوراً متعلقہ شعبے میں پہنچے گا اور بلا تاخیر آپ کو جواب مل سکے گا۔ ایک خط میں ایک سوال تحریر کریں۔ زیادہ ہونے کی صورت میں ایک کے سوا باقی کا جواب دینا ممکن نہ ہوگا۔ جوابی لفافہ جس پر آپ کا مکمل پتہ تحریر ہو ضرور ارسال کریں۔

رکھتی ہے۔ جو پراسرار طور پر آپ کی معاون اور مددگار ثابت ہوگی۔ خیال رہے کہ یہ عددی راز اس لئے آپ تک پہنچا رہا ہوں کہ اسے جائز کاموں کے لیے استعمال میں لائیں۔ ناجائز صورت میں استعمال نہ کریں۔ کیونکہ اس دن کوئی بھی شخص انکار نہیں کر سکتا۔ بلاچوں وچرا آپ کی حکم کی تعمیل کرے گا۔ ایسا کرے گا تو گناہ عظیم ہوگا۔ اور اس کا وبال اسی کی گردن پر ہوگا۔ میں دعا کرتا ہوں کہ بدنیت شخص میرا علم نہ سمجھ سکے۔ بعض عامل اسی خدشہ کے تحت یہ چھپے راز افشاء نہیں کرتے اور اپنے تک محدود رکھتے ہیں۔ کیونکہ تلوار کا کام کاٹنا ہے اسے جائز وناجائز کی تمیز نہیں یہ تو ہر حالت میں کاٹ کا عمل کرے گی۔

مثال: اب ایک مثال پیش کرتا ہوں۔ جس سے مکمل گرہ کھل جائے گی۔ مثلاً کوئی شخص جو جمعہ کے روز پیدا ہوا ہو اس کو جدول میں دیکھنے پر معلوم ہوگا کہ جمعہ کا عدد 6 ہے۔ ستارہ زہرہ اور موافق نمبر '1' ہے۔ اب کیلنڈر یا جنتری لیں اور نظر دوڑائیں جمعہ کا دن اور 6-15-24 تاریخیں کب اور کہاں ہیں ان کو نوٹ کرلیں یہی وقت ہے دن اور تاریخ جو آپکے لیے خوش قسمتی کے مواقع فراہم کرے گی۔ اگر دن جمعہ اور تاریخ وہ ہے جس دن آپ پیدا ہوئے ہوں وہ بھی یہی اثرات مرتب کرے گا۔ اگر تاریخ یاد نہیں ہے تو نام کا عدد بھی 'دوسرے نمبر' پر انہی اثرات کا حامل ہوگا۔ آپ دن اور تاریخ کی مطابقت کے ساتھ ساتھ اس دن سے متعلق ستارے کو بھی حاصل کرلیں۔ جیسے دن جمعہ، تاریخ 6-15-24 اور متعلقہ ساعت زہرہ ہو یا زہرہ اور قمر آپس میں تسدیس یا تثلیث بنا رہے ہوں تو جان لیں کہ وہ موقع ہاتھ آگیا ہے اس میں کامیابی یقینی ہے۔ یہی دن آپ کو بام عروج پر پہنچا دے گا۔ جو آپ کے تصور اور وہم گمان میں بھی نہیں ہوگا۔ ان جفری اصولوں کے تحت جو مواقع میسر آئیں وہ سو فیصد کامیابی کے ضامن ہوتے ہیں۔ اس کے بعد آپ ذرا توجہ کریں کہ آپ کی خوش قسمتی کے سال کون سے ہیں۔ اس مثال کے لیے وہی نمبر 6 لیا گیا ہے اس کے تحت سالوں کو مفرد کریں تو آنے والا سال جس کا نمبر 6 اور ایک بنتا ہو۔ حامل نمبر کی خوش قسمتی کا سال ہوگا۔ جیسا کہ 6 کا دوست نمبر '1' ہے۔

اس طرح آپ اپنی زندگی کے تمام سال اخذ کرسکتے ہیں۔ پھر اسی سال میں جمعہ کے دن اور تاریخوں کو توڑ کریں جیسے 6-15-24 یہی مواقع آپ کو عزت، شہرت اور دولت اور عروج پر پہنچائیں گے۔ ان باتوں کو اپنی زندگی کی کسوٹی پر پرکھیں خالص سونا حاصل ہوگا۔ جسے شک ہے وہ آزما کر دیکھ لے دعوت عام ہے۔ آخر میں اس حقیر اور تمام عالم اسلام اور اہل قبور اسلام کے لیے دعائے خیر کریں۔

از: سید زاہد حسین شاہ، گوٹھ جانی بروڑو۔

طلسم محبت

طلسم ایک چلتا ہوا جادو جو کبھی بھی خطا نہیں جاتا اور میں نے عمر میں کئی مرتبہ آزمایا ہوا ہے۔ حروف کی طاقت اور وہ بھی مزاجی طریقے سے وہ اس طرح ہے کہ:-

حروف آتشی — د ح ل ع ر خ غ

حروف خاکی — ب و ی ن ص ت ض

کی آپس میں قدرتی طریقے سے محبت واقع ہے جس کا انکشاف فقط معارف ہی کرسکتے ہیں۔ ان حروف کو طالب اور مطلوب کے ناموں میں امتزاج دے کر ایک سطر بنائی جائے اس طرح

مثلاً طالب — پیرل — توسط کریں گے پ ی ر ل

مطلوب — لالان — ل ا ل ا ن

حروف آتشی — د ح ل ع ر خ غ

حروف خاکی — ب و ی ا ن ص ت ض

حروف طالب — پ ی ر ل

حروف مطلوب — ل ا ل ا ن

امتزاج: د ب پ ا ل ح   و ی ا ل ی   ر ل ع ن ل

ا ر ص ن خ   ت غ ض

یہ حروف ۲۳ کی تعداد میں ہیں جو کہ طاق ہیں جفت نہیں اس لیے پانچ پانچ حروف لے کر آگے لفظ طیش کا اضافہ کریں گے۔ اس طرح **دبپلحطیش - ویلالیطیش - رلعنلطیش - ارصنخطیش** - اور آخر تین حروف بچے **تغضطیش**۔

اب ٹوٹل حروف جو امتزاج کی سطر ہے اس کے اعداد قمری سے لے کر ایک مربع آتشی چال میں پر کر کے اردگرد یہ کلمے لکھ کر آگ کے نیچے دفن کریں۔ ساعت شمس میں پھر دیکھیں ایک ہی دن میں مطلوب کس طرح حاضر ہوتا ہے یقین کرنا آپ کا کام مطلوب کا لانا نقش کا کام۔

مندرجہ بالا تمام حروف (آتشی۔ خاکی۔ حروف طلب اور حروف مطلوب) کی عددی قیمت ۳۶۲۴ حاصل ہوئی۔ اس کے مطابق نقش مربع یوں تحریر ہوگا۔

۹۰۵	۹۰۹	۹۱۲	۸۹۸
۹۱۱	۸۹۹	۹۰۴	۹۱۰
۹۰۰	۹۱۴	۹۰۷	۹۰۳
۹۰۸	۹۰۲	۹۰۱	۹۱۳

ادوار زندگی

از: ایچ خان محمد، چارسدہ۔

تاریخ پیدائش سے زندگی کے 3 ادوار معلوم کرنے کا طریقہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم! تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں۔ جو عالمین کا رب ہے۔ بعد ازاں درود و سلام حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ان کی آل اور صحابہ کرامؓ اور تمام صالحین پر ہو۔

قارئین اعداد اپنے اندر طلسمی اثرات رکھتے ہیں۔ قدیم ماہرین ہندسہ کا ایک کلیہ پیش خدمت ہے۔ علوم مخفیہ میں زیر بحث کالم علم ہندسہ کا ہے۔ یہ مضمون اس قدر دلچسپ ہے کہ زندگی کے جس پہلو کو یا باب کو اعداد کی روشنی میں دیکھا جائے یا اخذ کیا جائے کبھی مایوس نہیں کرتا۔ کیونکہ 1 سے 9 تک کے اعداد اپنے اندر بے شمار طلسمی اثرات اور قوتیں سموئے ہوئے ہیں آج قدیم ماہرین ہندسہ کا ایک کلیہ بیان کرتا ہوں۔ جو پڑھنے والے کو دلچسپ بھی لگے گا اور فائدہ بھی دے گا۔ اور اس کے نتائج حیرت میں بھی ڈال دیں گے۔ علم ہندسہ کا اصل علم حساب اور ریاضی ہے۔ غیب کا علم نہیں ہے۔ ضرب، تقسیم، جمع، تفریق کے مرحلوں سے گزر کر انسان درست جواب پالیتا ہے۔ یہ کلیہ جو بیان کیا جارہا ہے۔ تاریخ پیدائش سے متعلق ہے۔ اور پیدائش کے 3 حصے کر لئے جاتے ہیں اور ہر حصہ انسانی زندگی پر اثر انداز ہوتا ہے۔ اس میں ہر حصہ کا مفرد عدد ہی کام کرتا ہے۔

مثال کے طور پر کسی کی تاریخ پیدائش 1971-1-12 ہے وہ اس سے کیا نتیجہ اخذ کر سکتا ہے۔ اس کے تین حصے کر لئے جاتے ہیں اور ہر حصہ کا عدد مفرد کیا جاتا ہے لہٰذا ان حصوں کا مفرد۔ پہلا دور۔ صرف تاریخ کا ہے (بغیر ماہ و سن) جو 12 ہے۔ 12 کا مفرد 3 ہے یہ پہلا دور ہوا۔ دوسرا دور مہینہ کا ہے۔ جو خود عدد 1 ہے۔ تیسرا دور سال کا ہے۔ سال کا مفرد-1971=ٹوٹل مفرد=9 ہے۔

ترتیب اسکی یوں ہوئی۔ پہلا دور عدد 3۔ دوسرا عدد 1۔ تیسرا عدد 9 جوانی کا عدد 1 اور آخری زندگی کا عدد 9 ہے۔ جو بہت شاندار ہے۔

اب اعداد کے خواص پڑھیں۔

پہلا دور 3 بچپن کا ہے۔ یہ اچھائی کا عدد ہے، تعلیم کے میدان میں ترقی اور خاص دین کے علم میں اضافہ اور ترقی۔ صوم و صلوٰۃ کا پابند، کیونکہ یہ صالحوں اور بزرگوں کا عدد ہے۔ اور اسم ذات اللہ کا بھی عدد 3 ہے۔ یہ مبارک عدد ہے۔ مالی دنیا سے بھی متعلق ہے۔ انصاف کا عدد ہے۔

دوسرا دور۔ جوانی یا درمیانی عرصہ 1 عدد کے تحت ہے۔ اقتدار اور شہرت کا عدد ہے۔ ساتھ ساتھ انانیت اور مقام حاصل کرنے کا جذبہ بہت زیادہ ہوگا مواقع کا حصول اور سربلندی سے متعلق ہے۔

تیسرا دور عدد 9 کے تحت ہے جو بہت اچھا ہے کیونکہ 9 عدد فتوحات کا نمبر ہے۔ مستقل مزاجی، پروقار شخصیت، اور ترقیوں کا اشارہ کرتا ہے پھر اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ اس تاریخ پیدائش کا حامل شخص چھوٹے نمبروں سے بڑے اعداد کی طرف گامزن ہے۔ بہت ترقی کرے گا۔ جیسے 3-1- اور پھر 9 کی طرف رواں ہے آخر میں اعداد کم نہیں ہوئے۔ اگر آخر میں اعداد کم ہو جائیں تو تنزلی کا اشارہ کرتا ہے۔

مثال نمبر 2- معز اللہ نامی شخص کی تاریخ پیدائش 1946-7-9 ہے پہلا دور 9 عدد کا ہے جو بہت اچھا ہے۔ دوسرا دور عدد 7 میں قدرے بہتر ہے اور آخری دور سن کا مفرد عدد 2 ہے۔ جو بہتر نہیں ہے کیونکہ اعداد کم ہوتے چلے گئے۔ اس طرح ہر شخص پیدائش سے کئی باتیں اخذ کر سکتا ہے۔ لہٰذا اس شخص کو چاہیے کہ درمیانی عمر میں محتاط رہے۔ اور آخری زندگی کے لیے کچھ نہ کچھ ضرور بچا رکھے۔ یہ آخری دور اس کے لیے تکلیف دہ ہوگا۔ ماہر ہندسہ کیرو نے بھی اس پر

(باقی صفحہ نمبر ۲۵)

از: پروفیسر حکیم رفعت اشفاق چوہان، گوجرانوالہ۔

قارئین کرام راہنمائے عملیات آج کل ہر شخص تنگدستی کا رونا رو رہا ہے جسے دیکھو یہی رٹ لگائے ہے کہ کاروبار بند پڑا ہے۔ کوئی کہتا ہے ملازمت نہیں ملتی کوئی ملازمت سے فارغ ہو چکا ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ آمدنی کم اور اخراجات زیادہ ہیں کوئی قرض کا رونا رو رہا ہے غرض جس کو بھی دیکھو بس وہ پریشان حال ہے پریشانی کیوں نہ ہو ہم اپنی مرضی کرتے آرہے ہیں ہم یہ تو سوچتے نہیں کہ ہمیں رزق کون دیتا ہے اور کون تنگ کرتا ہے یہ وہ ذات ہے جس نے ہمیں پیدا فرمایا ہے جب اللہ تعالیٰ بار بار فرماتے ہیں کہ مجھے پکارو میں اپنے بندے کی ہر صدا سنتا ہوں لیکن ہم اُسے پکارتے ہی نہیں۔ ہاں جب ہر طرف سے راستہ بند ہو جاتا ہے تو پھر اپنے دوستوں سے یہ کہا جاتا ہے کہ یار ہم نے اللہ کا کیا بگاڑا ہے ہمارا کام کیوں نہیں چلتا۔ اور بے شمار ایسے کلمات کہتے ہیں کہ شرک کے دائرہ میں داخل ہو جاتے ہیں۔ بھائی صاحب اپنے اپنے گریبان میں جھانک کر دیکھیں کہ ہم نے کون سا راستہ اپنایا ہوا ہے ہم اللہ تعالیٰ سے کتنے دور ہو چکے ہیں۔ رات کو دو تین بجے تک ٹیلی ویژن کے آگے بیٹھے رہتے ہیں صبح ۹ بجے ہماری آنکھ کھلتی ہے اگر کوئی صاحب کہیں کہ بھائی آؤ نماز پڑھ آئیں تو ہمارا معقول جواب ہوتا ہے کہ میرے کپڑے ناپاک ہیں ارے تو کہاں کا مسلمان ہے کہ تیرے کپڑے ناپاک ہیں۔ مسلمان تو نام ہی اتنا صاف ہے تو تُو کیوں ناپاک رہتا ہے ارے جس مرضی نالی پر بیٹھ کر پیشاب کرنا شروع کر دیتے ہو۔ ہماری آنکھوں میں حیا ختم ہو چکی ہے افسوس ہے ہماری سوچ پر کہ ہم اللہ سے گلہ کرتے ہیں۔ اس آقا دو جہاں کے غلام کی اللہ تعالیٰ کے حضور دعا ہے کہ اللہ ہم سب کو پکا اور سچا مسلمان بنائے ہمارے باطن کو اپنے فضل اور نبی اکرم ﷺ کے صدقے کھول دے۔ آمین۔ قارئین آج کی بزم میں ادائیگی قرض معقول آمدنی کے حصول کے لیے عمل پیش کر رہا ہوں مجھے امید ہے کہ یہ عمل آپ کی پریشانیوں کا حل ثابت ہوگا۔

جس شخص کی آمدنی کم ہو اور اخراجات پورے نہ ہوتے ہوں یا آمدنی کم ہے اور قرض سر پر ہے یا زمین مکان نہ ہو اس کے لیے روپے کی ضرورت ہو یا ملازمت نہ ملتی ہو۔ زمیندار ہو مگر مقروض ہو وغیرہ۔ اس شخص کو چاہیے کہ ان دونوں اسمائے الٰہی کے ذریعہ سے درخواست کرے وہ دو اسم رحمٰن۔ رزاق ہیں۔ رحمٰن اس قوت کا نام ہے جو بلا مزدوری عنایات و عطایات کرتی ہے اور رزاق اس قوت کا نام ہے جو معیشت کی مختار ہے اور یہ تمام انتظام اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ اللہ پاک خود فرماتے ہیں:۔

واللہ الاسماء الحسنی فادعولنا

یعنی مجھے اپنی ضرورتوں اور حاجتوں کے لیے میرے اسمائے حسنیٰ کے ذریعے سے پکارو۔ اس امر کے لیے میرے پاس جو عمل ہے وہ جسمانی ہے جس کے اندر روح پوشیدہ ہے اس روح کو صاحب علم لوگ باآسانی پہچان لیں گے۔ ایک مثلث نقش دے رہا ہوں اس سے ہر قسم کا فائدہ اٹھائیں۔

یا رحمن یا رزاق

معطف	جبار	نافع
مقدس	رب	منعم
بار	الٰہ العالمین	دائم اللطف

چال نقش

٢	٩	٤
٧	٥	٣
٦	١	٨

اس نقش کو لکھنے کے بعد نیچے یوں لکھے۔

اجب یاھشائیل اطلبکم (جو ضرورت ہو یہاں لکھیں) **بحق یا رحمن یا رزاق ۔ العجل العجل العجل الساعته الساعته الوحا الوحا الوحا ۔**

مثلاً: روزانہ مزدوری پانے والا مطلب یوں لکھ سکتا کہ اطلبکم سو روپیہ روزانہ اسی طرح تنخواہ دار بھی اپنا صحیح مطلب لکھے اگر کسی نے انعامی بانڈ لیا ہے تو اس کا

دست غیب کے لیے اپنا روزینہ لکھے۔

طریقہ تیاری و استعمال:

عروج ماہ میں مشتری کی ساعت میں یا زہرہ کی ساعت میں چاندی کی تختی یا کاغذ پر اس مثلث کو چال کے ساتھ لکھیں کاغذ پر زعفران، مشک و گلاب سے تحریر کریں۔ لکھتے وقت بخور عود اور حب الغار کا ملا کر دھکائیں اور اسم یارحمٰن یارزاق چھ سوچھ مرتبہ پڑھ کر لوح یا نقش پر دم کریں اور سیدھے یعنی دائیں بازو پر باندھ لیں۔ لوح باندھنے کے بعد روزانہ 606 مرتبہ اسم یارحمٰن یا رزاق پڑھتے رہیں میں یقین دلاتا ہوں کہ جو بھی شخص ان اسموں کی برکت حاصل کرے گا انشاءاللہ وہ محروم نہ رہے گا۔ اور سو فیصد مراد پائیں گے۔

نوٹ:

درمیان کا خانہ اسم رب کا ہے۔ وہی مرکز ہے جو لوگ نقش کے نیچے صحیح طور پر مطلب کی سطر نہ لکھ سکیں وہ اس خانہ میں صرف تعداد جو بیہ روپوں کی لکھ دیں روزانہ ہو تو روزانہ یکمشت ہو تو یکمشت لکھ دیں۔ اللہ تعالیٰ بہت غفور الرحیم ہے۔ اپنی درخواست پیش کریں وہ ضرور آپ کی سنے گا۔

درخواست دینا اور فائدہ اٹھانا آپ کا کام ہے۔ میرا کام تو خزانوں کا اشارہ کرنا ہے۔ اللہ سے دعا ہے کہ آپ کو عمل میں کامیاب کرے۔ اس سلسلہ میں برائے مہربانی مجھ سے کوئی بھی رابطہ نہ کرے۔ اگر کوئی خود تیار نہ کر سکے تو محترم خالد اسحاق راٹھور صاحب سے رابطہ کریں۔ اور نقش یا لوح تیار کروالیں۔ اللہ آپ اور ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔

بقیہ شرف شمس

پیٹ لیں۔ اگر محبوب کا پہنا ہوا کپڑا نہ ملے تو پاک صاف روئی فتیلوں پر پیٹیں۔ تین دن تک ایک فتیلہ روزانہ جلایا کریں بعد نماز عشاء اور طالب نام مطلوب مع والدہ کے اعداد شمسی کے مطابق آیت **یحبونهم** سے **حبالله** تک پڑھے۔ اگر پڑھائی تعداد زیادہ لگے تو صرف 101 مرتبہ آیت پڑھے آیت کے پیچھے یہ پڑھے فلاں بن فلاں کے عشق میں فلانی بنت فلانی بیقرار ہو کر حاضر ہو۔ انشاءاللہ مطلوب تین دن کے اندر بیقرار ہو کر حاضر ہو گا۔ اور طالب کے قدموں پر گر جائے گا۔

نوٹ: حقیقت میں 8 در 8 کا نقش شرف مشتری سے تعلق رکھتا ہے لیکن یہ نقش شمس کے شرف میں بھی پر تاثیر مانا گیا ہے۔ ویسے بھی مشتری و شمس میں زیادہ دوستی ہے۔

کسر: ا بجے تو خانہ ۷۵، ۲ بجے تو خانہ ۴۹، ۳ بجے تو خانہ ۴۱، ۴ بجے تو خانہ ۳۳، ۵۰ بجے تو خانہ ۲۵، ۶ بجے تو خانہ ۱۷، ۷ بجے تو خانہ ۹۔

مثالی نقش یہ بنا

٢١٧٦	٢٢٣٩	٢٢٣٨	٢١٧٩	٢١٨٠	٢٢٣٥	٢٢٣٤	٢١٨٣
٢٢٣٢	٢١٨٦	٢١٨٧	٢٢٢٩	٢٢٢٨	٢١٩٠	٢١٩١	٢٢٢٥
٢٢٢٤	٢١٩٤	٢١٩٥	٢٢٢١	٢٢٢٠	٢١٩٨	٢١٩٩	٢٢١٧
٢٢٠١	٢٢١٥	٢٢١٤	٢٢٠٤	٢٢٠٥	٢٢١١	٢٢١٠	٢٢٠٨
٢٢٠٩	٢٢٠٧	٢٢٠٦	٢٢١٢	٢٢١٣	٢٢٠٣	٢٢٠٢	٢٢١٦
٢٢٠٠	٢٢١٨	٢٢١٩	٢١٩٧	٢١٩٦	٢٢٢٢	٢٢٢٣	٢١٩٣
٢١٩٢	٢٢٢٦	٢٢٢٧	٢١٨٩	٢١٨٨	٢٢٣٠	٢٢٣١	٢١٨٥
٢٢٣٣	٢١٨٢	٢١٨١	٢٢٣٦	٢٣٧	٢١٧٨	٢١٧٧	٢٢٤٠

فلاں بن فلاں کے عشق محبت میں فلانی بنت فلانی بیقرار ہو کر فلاں بن فلاں کے پاس حاضر ہو بحق آیت پاک یحبونهم کحب الله والذین آمنوا اشد حبالله

نقش کی چال

١	٦٣	٦٢	٤	٥	٥٩	٥٨	٨
٥٦	١٠	١١	٥٣	٥٢	١٤	١٥	٤٩
٤٨	١٨	١٩	٤٥	٤٤	٢٢	٢٣	٤١
٢٥	٣٩	٣٨	٢٨	٢٩	٣٥	٣٤	٣٢
٣٣	٣١	٣٠	٣٦	٣٧	٢٧	٢٦	٤٠
٢٤	٤٢	٤٣	٢١	٢٠	٤٦	٤٧	١٧
١٦	٥٠	٥١	١٣	١٢	٥٤	٥٥	٩
٥٧	٧	٦	٦٠	٦١	٣	٢	٦٤

بقیہ ادوار زندگی

روشنی ڈالی ہے مگر تفصیل بیان نہیں کی۔ اب اگر طالب معزاللہ نامی شخص چاہے کہ درمیانی اور آخری عمر عزت اور خیریت سے گزرے تو وہ اس روحانی طریقہ پر عمل کریں۔ انشاءاللہ بہتری ہو گی۔

نام معزاللہ۔ م ع ز ا ل ل ہ = اعداد ابجد قمر 40+70+7+1+30+30+5= میزان 183 اب ان اعداد کے موافق طبع و مساوی اسم الٰہی تلاش کریں۔ اسماء پاک سے المعز لیا سر اسم بھی موافق عنصر کا ہے۔ دوسرا نام مبارک الوکیل لیا تعداد دونوں نام مبارک المعز 117 اور الوکیل 66۔ دونوں جمع کیا 183 حاصل ہوئے جو طالب کے نام کے بھی مساوی ہے۔ عمل کتنے دن کا ہے۔ 183 کو ایک دفعہ جمع کیا 12 حاصل ہوئے پس 12 دن کا عمل ہے۔ چونکہ طالب کا ستارہ سر اسم شمس سے ہے اور دن اتوار ہے اس لیے نوچندے اتوار کو ساعت شمس میں پڑھے تو حیران کن اثرات مرتب ہوں مطلب انشاءاللہ 12 دن میں پورا ہو گا۔

نوٹ: آخری مثال وظیفہ یا ورد پر ہر ایک دوست عمل کر سکتا ہے بس اسم الٰہی سر اسم اور نام طالب کا سر اسم موافق عنصر اور تعداد نام بھی مساوی ہو (بغیر تاریخ پیدائش بھی)۔

از: لیاقت قریشی، کراچی۔

قارئین راہنمائے عملیات کی خدمت میں پہلی مرتبہ ایک عظیم الشان اور نادر روزگار دعا بہ موسوم دعائے قریشاً پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔

اس دعائے بزرگ کا ورد اپنے اندر ۳۵ مقاصد رکھتا ہے۔ جو لوگ عامل ہیں اور اس دعا کا ورد جلالی و جمالی پرہیز کے ساتھ کریں گے وہ اس دعا کے عجائبات سے واقف ہو جائیں گے۔ میرے ذاتی اور ناقص رائے یہ ہے کہ کوئی صاحب اس کی زکات مرشد کامل کی راہنمائی کے بغیر ادا نہ کریں۔

دنیاوی مقاصد کے لیے اس دعا کے مقاصد اور ترکیب وضاحت کے ساتھ لکھ رہا ہوں۔ پڑھیں، عمل کریں اور فیض حاصل کریں۔ عبرانی زبان کی اس دعا کے اسرار و فیوض بے حد و حساب ہیں۔

1- اس دعا کے روزانہ ورد صرف ایک مرتبہ بعد نماز فجر کے روشن ضمیری حاصل ہوگی۔ اسرار غیب منکشف ہوں گے۔ ہمیشہ معزز اور محترم ہوں گے۔

2- فجر کے سنت اور فرض کی ادائیگی کے بعد اس دعائے مقدس کا دس بار کا ورد ارواح، جنات اور پریوں کو عامل پر مہربان کرے گا۔ لیکن اس کے لیے مرشد کی نگرانی میں یہ ورد کریں تو حیرت انگیز نتائج حاصل ہوں گے۔ بغیر نیت زکات کے صبح کی دو سنت ادا کرنے کے بعد اور فرض جماعت سے پہلے اسے دس مرتبہ پڑھیں تو فیض کثیر حاصل ہوگا۔

3- گلاب کے تازہ پھول پر اس دعا کو ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے کالر میں لگا لیں۔ یا چہرے پر اس دم شدہ پھول کو پھیر لیں۔ جس سے بھی ملیں گے وہ مہربان ہو گا۔ دشمن کو دوست بنانے اور مخالف کو مہربان کرنے کے لیے اس دعا کا فیض حاصل کریں۔ انشاء اللہ مایوسی نہ ہوگی۔

4- جس خاتون کو ولادت کے وقت سختی اور دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہو۔ نئے کوری مٹی کے پیالے پر تین مرتبہ زعفران اور عرق گلاب کی سیاہی سے لکھ کر پیالے میں بارش یا نہر کا پانی بھر لیں۔ اس پیالے پر تین مرتبہ اس دعائے مبارک کو دم کر کے متاثرہ خاتون کو پلائیں۔ انشاء اللہ ولادت آسانی سے ہوگی۔

5- جن حضرات کو اپنے افسران یا حاکمان وقت کی ناراضگی کا سامنا رہتا ہو۔ وہ اس دعا کو پانچ مرتبہ روزانہ اپنے اوپر دم کر کے اپنے دفتروں کو جائیں۔ حاکموں سے ملاقات کریں۔ انشاء اللہ وہ ناراض افسران اور حاکمان وقت مہربان ہوں گے۔

6- سادہ سیاہ سرمہ پر اس دعا کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اور سنت کے مطابق آنکھ میں یہ سرمہ لگائیں۔ جس کو دیکھیں گے وہ مہربان ہوگا۔ ایسی خواتین جو اپنے خاوندوں کی ہمہ التفات سے محروم ہوں انہیں سرمہ دم کر کے دیں اور روزانہ لگانے کی ہدایت کریں۔ انشاء اللہ ایسی خواتین عمر بھر دعائیں دیں گے۔

7- بانجھ اور عقیمہ خاتون کے لیے یہ دعا عظیم ہے۔ کسی عمدہ شیشے کی پلیٹ پر مشک و زعفران کی سیاہی سے یہ دعا لکھ کر کنوئیں نہر یا جھیل کے پانی سے دھو کر یہ پانی بانجھ عورت کو پلائیں کم از کم ۲۱ مرتبہ یہ پانی پلائیں اور اس کے بعد خدا کی قدرت کا مشاہدہ کریں۔ اللہ تعالیٰ اپنا بے حساب کرم اس خاتون پر فرمائے گا۔ اور اس کی گود بفضل تعالیٰ ہری ہوگی۔

8- جن خواتین کو اپنے بال لمبے کرنے کا شوق ہو ان کے لیے اس دعا میں معجزاتی تاثیر ہے۔ کنوئیں سے روزانہ اتنا پانی لیں جس سے خاتون اپنا سر دھو سکے۔ اس پانی پر پانچ مرتبہ اس دعا کو دم کر کے دیں تاکہ خاتون اس پانی سے اپنا سر دھو سکے۔ یہ پانی کسی تسلے، پرات یا ٹب میں گرے۔ نالی میں نہ جائے۔ سر دھونے کے بعد اس پانی کو کیاری میں ڈال دیں۔ کچھ دن تک یہ عمل جاری رکھیں۔ انشاء اللہ آپ دیکھیں گے کہ عورت کے سر کے بال اور کیاری کے پودے تیزی سے بڑھنا شروع ہوں گے۔

9- کوئی شخص (خصوصا دیہات میں ایسا ہوتا رہتا ہے) دشمنوں میں گھر جائے اور جائے فرار نہ ہو تو ایک مٹھی خاک پر پانچ مرتبہ یہ دعا پڑھ کر دشمنوں کی طرف پھینک دیں۔ انشاء اللہ دشمن کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

10- اگر کوئی کسی شخص کو (خواہ مرد یا عورت) اپنی طرف مائل کرنا چاہے تو سفید گندھک کے سات ٹکڑے لے کر اس آدمی یا عورت کے نام کے ساتھ اس دعا کو پڑھ کر دم کر کے آگ میں ڈال دیں۔ جہاں ہوگا انشاء اللہ مطلوب پہنچ جائے گا۔ غلط جگہ استعمال کرنے کی حماقت قطعی نہ فرمائیں۔ ورنہ ایسی مار پڑے گی کہ ہوش بھول جائیں گے۔

11- بکرے کی دباغت شدہ کھال کے ایک ٹکڑے پر دعائے مبارکہ کو چندبار

حسب ہمت پڑھ کر دم کریں۔ اور زعفران و عرق گلاب سے تیار کردہ سیاہی سے اسی ٹکڑے پر لکھ کر اسے کپڑے میں سلوکر اپنی جیب میں رکھیں۔ جہاں جائیں گے عزت و توقیر اور کامیابی ملے گی۔

12- میاں بیوی میں ان بن رہتی ہو تو اسی دعا کو چینی یا مٹھائی پر پانچ مرتبہ دم کر کے زیادتی کرنے والے فریق کو کھلائیں۔ انشاء اللہ حالات موافق ہوں گے۔

13- عمدہ کاغذ پر مشک و زعفران کی سیاہی سے لکھ کر اس دعا کو فریم کروا کے گھر میں نمایاں جگہ پر آویزاں کریں۔ انشاء اللہ بے انتہا خیر و برکت ہوگی۔ رزق و روزی میں وسعت آئے گی۔

14- بیٹیوں کے جہیز اور قیمتی کپڑوں اور سامان کو چوروں کی دسترس سے محفوظ رکھنے کے لیے اس مبارک دعا کو مشک و زعفران سے لکھ کر سامان میں رکھ دیں۔ انشاء اللہ سامان چوری اور آگ سے محفوظ رہے گا۔

15- جس بیمار پر کسی دوا کا اثر نہ ہوتا ہو۔ ڈاکٹروں نے مرض کو سمجھا نہ ہو ایسے مریض کو یہ دعا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر صاف پانی سے دھو کر پلایا کریں۔ انشاء اللہ تندرستی نصیب ہوگی۔

16- کند ذہن بچوں اور حفظ قرآن کرنے والوں کا حافظہ قوی کرنے کے لیے ایک ہفتہ تک اس دعا کو زعفران سے لکھ کر عرق گلاب سے دھو کر پلائیں۔ انشاء اللہ حافظہ قوی ہوگا۔

17- اگر کسی عورت کے بچے پیدا ہو کر زندہ نہ رہتے ہوں یا اولاد نرینہ نہ ہوتی ہو۔ اسی دعا کو لکھ کر تعویذ کی شکل میں اس کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ زندہ رہنے والی اولاد نرینہ پیدا ہوگی۔

18- اگر کوئی شخص مقروض ہو۔ اور ادائیگی قرض کا ذریعہ نہ بنتے ہوں تو اسے چاہیے کہ غسل کر کے پاک و صاف لباس پہن کر دو نفل قضائے حاجت کی نیت سے ادا کرے۔ سلام پھیرنے کے بعد دعائے قرثیا مبارک کو چند مرتبہ حسب ہمت پڑھ کر اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دست بدعا ہو۔ انشاء اللہ چند بار ایسا کرنے سے وہ قاضی الحاجات اپنے خزانہ غیب سے ایسے اسباب پیدا فرمائے گا کہ مقروض کا قرض ادا ہو جائے گا۔

19- آسیب و جن گرفتہ پر اسی مبارک دعا کو پڑھ کر دم کریں۔ کیسا ہی سخت آسیب و جن ہو ایسا دُم دبا کر بھاگے گا کہ دوبارہ بھول کر بھی اس طرف کا رخ نہیں کرے گا انشاء اللہ۔

قارئین کے لیے اس دعائے مبارکہ کے صرف 19 مقاصد تحریر کر رہا ہوں یہی ہماری روزمرہ زندگی کے مسائل ہیں۔ باقی زبان بندی، خواب بندی، نفس بندی، ہلاک دشمن وغیرہ میں بھی استعمال ہو سکتی ہے۔ اس لیے ان کے طریق کار کو میں از خود حذف کر رہا ہوں۔ ان مقاصد کے لیے زکات کی ادائیگی بھی لازمی ہوتی ہے۔

اور عامل حضرات کی طرف سے پیسوں کے لالچ میں زیادہ ہونے کا خطرہ بھی ہوتا ہے۔ جو حضرات باقاعدہ عامل ہیں اور عبرانی عملیات میں شغف رکھتے ہیں وہ حضرات اپنے اساتذہ یا رہنما سے اس کی زکات کی ادائیگی کر سکتے ہیں۔ عام آدمی کے لیے میں نے جو طریق کار اوپر درج کر دیا ہے وہی فیض رساں ہے۔ زکات کی ادائیگی سونے پر سہاگہ اور فوری نتائج کی حامل ہوتی ہے۔ اس دعائے مبارکہ کو میں نے بغیر ادائیگی زکات بھی موثر پایا ہے۔

دعائے قرثیا حسب ذیل ہے۔

بِسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيم

قَرثِياً قَرثِياً۔ جَلَّا۔ مَلَّا۔ دَيوثِياً۔ ثَثوِياً۔ شَموئَل سِياً۔ أُزرَطاً۔ اَزرَطَياً۔ عَنطاً۔ طَوطاً۔ طَوطَياً۔ أهياً۔ شَرَاهِياً۔ قَلَا مَهياً۔ بَلاَ مَهياً۔ هَلَاَمَلهَياً۔ حَصَياهِى۔ جَوَارِهرَاهِيل۔ اَطَوَائِيس۔ هَيَيَاً طَائِيل۔ خِسرَوَائِيل۔ رَوَامنَائِيل۔ اَشرُوقِياً۔ اَشرُوقَل۔ اَهَنجَبَائِيل۔ اَهرَائِيل۔ هَيهَبَائِيل۔ خَمهَيَائِيل۔ سَخلَائِيل۔ مَن طَوِياً۔ مَنطُورِى۔ بَزُومًا۔ يَزُومًا۔ اَنكَهَايِى۔ نَهَايِى۔ حَى مَكوُنَه۔ يَكوبِى۔ تَدَستَشَائِيل۔ اَغلَائِيل۔ طَرشَوهَشَائِيل۔ رَرخُوبائِيل۔ رُوفَائِيل۔ خَموزَرغَائِيل۔ قَدقَائِيل۔ مِيكَائِيل۔ سَركَشائِيل۔ آه۔ آبَه۔ تَمشوشَوَائِيل۔ مَجَدوَائِيل۔ مَنطَوَائِيل۔ مَنطُورَائِيل۔ مَنطُورِ۔ طَروهِ۔ مَشغُورَةِ۔ مَجلَاوَرتَه۔ يَرغَاً۔ تَعرَغاً۔ مَايَشِ۔ اَرِيشِ۔ اَرتِيشِ۔ اَورَه۔ اَروَهُ۔ وَرَاَيَهُ۔ مَنَائِيل۔ اَكمَنهَاهَيبَائِيل يَا اَرحَمَ الرَّاحِمِين۔ يَارَبَّ العَالَمِينَ وَ يَاخَيرَالنَّاصِرِين۔ وَصَلَى اللهُ عَلٰى خَيرِ خَلقِهِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ وَاَصحٰبِهٖ اَجمَعِينَ وَسَلَّمَ تَسلِيماً كَثِيراً كَثِيراً بِرَحمَتِكَ يَا اَرحَمَ الرَّاحِمِين۔

از: باباصدف انبالوی، ملتان۔

بدکاری اور بدی

چھڑانے کا عمل

سورہ یٰسین شریف اپنے اندر بے شمار خواص رکھتی ہے کئی بزرگوں نے اس کو کئی طریقوں سے آزمایا عمل میں لائے۔

مگر یہاں پر سورہ یٰسین شریف کا وہ عمل دے رہا ہوں جو کہ سو فیصد درست ہے میرا بارہا کا آزمایا ہوا ہے۔ یہ عمل ان لوگوں کے لیے استعمال کیا جائے جو کہ زانی ہوں، شرابی ہوں، بدگو اور بدکردار ہوں۔ ان کو راہ راست پر لانے کے لیے یا وہ اولاد جو کہ والدین کی نافرمان ہو۔ وہ مرد جن کی وجہ سے پورا علاقہ تنگ ہو ایسے تمام لوگوں کے لیے خصوصاً خواتین جو کہ اپنے شوہر کی وجہ سے پریشان ہوں جو زنا یا شراب وغیرہ نہ چھوڑتا ہو کوئی بھی شخص شرائط کی پابندی کے ساتھ کرے انشاء اللہ مکمل طور پر فوری اثر پائیں گے۔ اس عمل کے لیے سورہ شریف کی زکوۃ کی بھی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ بس جن دنوں عمل کر رہے ہوں پرہیز جمالی کر لیا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔

احتیاط:۔

1- جب عمل کے لیے گھر سے نکلیں باوضو ہوں یا غسل کیا ہوا ہو۔

2- عمل کے وقت ہر روز ایک ہی لباس پہنیں۔

3- خوشبو لگا کر جائیں۔

4- کوشش کریں آتے اور جاتے وقت کسی سے بات نہ کریں۔

مقام:

قبرستان میں ایک ہی قبر پر عمل کریں۔ زیادہ تیز اثر کے لیے جس کے لیے عمل کیا جا رہا ہو اس کی مخالف ستارے کے حروف کے نام کی قبر پر کریں۔ مثال کے طور پر جیسے ظفر کے لیے عمل کیا جا رہا ہے۔ 'ظ' حروف برج عقرب سیارہ مریخ کا ہے مخالف سیارہ زحل حروف س، ش، ص، ث ہیں اب ان سیارہ زحل کے حروف کی قبر تلاش کریں۔ سیارہ مریخ اور سیارہ زحل کی دشمنی ہے لہذا فوری طور پر عمل کا اثر ہو گا۔

مدت عمل:

مدت عمل سات یوم ہے۔ کوئی ناغہ نہ ہو جس دن عمل شروع کریں پہلے دن سے آخر دن تک ایک ہی وقت ہو۔

وقت عمل:

نوچندی اتوار یا جمعرات ہو وقت عصر و مغرب کے درمیان کا ہو تو زیادہ بہتر ہے۔

عمل کے آخری دن شیرینی تقسیم کر دیں۔ نیت یہ ثواب حضور اکرم ﷺ اور ارواح مقدسہ کی رکھیں۔

عمل:

قبر کے پاؤں کی طرف بیٹھ جائیں۔ اول آخر درود شریف کے بعد سات بار سورہ یٰسین پڑھیں۔ سات کنکریاں پہلے ہی مٹھی میں جمع کر لیں جو کہ اسی قبر کے قریب سے چنی ہوں اب ہر کنکر پر ایک بار سورہ شریف پڑھیں۔ پڑھتے وقت آیت '**بما غفرالی و جعلنی من المکرمین**' پر پہنچیں تو (ترجمہ) بخش دیا ان کو اور مکرمین (نیک بندوں) میں شامل کیا)۔ 7 بار پڑھیں سورہ مکمل ہونے پر کنکری پر پھونک دیں اگر قبر کھلی ہو تو اندر پھینک دیں ورنہ پاؤں کی طرف دفن کر دیں آیت سات بار پڑھتے ہوئے اپنے مقصد کا دھیان خوب رکھیں۔ حیران ہو جائیں گے کہ سات ہی روز میں اتنا تیز بہدف اثر ہے۔

از : محمد اسلم جعفری، اوکاڑہ۔

میرے نزدیک اخبار کا حصہ قدرت کاملہ کا ایک راز ہے اور یہ جب ہی معلوم ہوتا ہے جب انسان انجمن قدرت کا ممبر بن جائے۔ انجمن قدرت کے ممبر کون ہیں۔ اس دنیا میں میرے نزدیک اولیا۔ علم جفر کسی کے سیکھنے کے بغیر نہیں آتا ہر کام میں محنت چاہیے۔ بغیر محنت کچھ بھی نہیں ہوتا۔ جفر میں حصہ آثار کے حصول سے کوشش کرو اور اس سے فیض یاؤ۔

آیئے میں آپ کو حصہ آثار سے متعلق ایک قرآنی عمل یہ طریق جفر بتاتا ہوں جس کی روشنی میں یقینی طور پر مالی مشکلات کو دور کر سکتے ہیں۔ میم اس آیت میں نو جگہ آتا ہے میم کے عدد 40 ترکی ہیں۔ 9x40= سے ضرب دیا 360 ہوئے جو مساوی ہیں درجات بروج کے۔ میم کا تعلق برج اسد سے ہے جو بروج میں پانچواں نمبر ہے۔ جب چاند برج اسد میں آئے تو اس عمل قرآنی کا خاص وقت ہے چاند کا بروج میں آنا۔ خالد روحانی جنتری یا راہنمائے عملیات میں دیکھیں اگر آپ کو ملازمت کی تلاش ہے۔ قرضہ یا بے روزگاری یا مالی حالات خراب ہیں تو یہ عمل کریں جملہ مشکلات اس نقش اور عمل کرنے سے دور ہو جاتی ہیں جب شرف شمس ہو یا شمس اپنے گھر برج اسد میں آئے اسی ماہ قمر بھی برج اسد میں ہو تو یہ عمل ایک سو ایک بلکہ ہزار درجہ قوی ہوتا ہے مگر یہ وقت سال میں ایک بار آتا ہے یہ وقت بھی خالد روحانی جنتری میں دیکھیں مگر چاند کا برج اسد میں داخل ہونا بھی بااثر ہوتا ہے۔

نقش کرشمہ قدرت

ترکیب:

اس دن روزہ رکھیں افطار کے وقت ستر بار آیت پڑھ کر روزہ افطار کریں روزہ کے دوران ساعت شمس میں نقش تحریر کریں جو مقصد ہو نقش کے خالی خانہ میں لکھیں۔ اگر مقصد امتحان میں میں کامیابی، روزگار، کاروبار کی ترقی خیر و برکت تو حضرت جبرائیل مقصد کے ساتھ لکھیں مقصد افسر سے ہو یا ملاقات کرنا حج یا دیار غیر جانا ہو ملازمت یا ادائیگی قرضہ۔ عہد ترقی ہو تو حضرت میکائیل لکھیں۔ مقصد الفت و محبت و اولاد۔ عزت و حشمت شادی تو حضرت اسرافیل لکھیں۔ بغض و عداوت دشمنوں پر فتح بیماری سے شفاء صحت تندرستی ہو تو حضرت عزرائیل لکھیں نقش کے پہلے کونہ پر یا اللہ باقی تینوں گوشوں پر دوسرے ملائکہ تحریر کریں۔ بخور شمس کا جلائیں صدقہ شمس کا دیں۔ روزہ صرف پہلے دن رکھیں پھر صرف آیت مبارکہ 360 مرتبہ روزانہ ساعت شمس پڑھیں صرف 40 یوم تک آپ اس نقش اور آیت کے عامل ہو جائیں گے مجھے زیادہ طول دینا نہیں ہے۔ جب آپ یہ عمل کریں گے جو ہوگا آپ خود ملاحظہ کریں گے کہ آپ کے ہاتھ ایک کلید غیب آئے گی۔

نقش

یا جبرائیل	بسم اللہ الرحمن الرحیم لقد جاء کم رسول من انفسکم	یا اللہ
۹۰	۲۴۵	۳۰
۲۱۰	احب یا اسرافیل بحق لقد جاءکم تا رحیم مسخر قلب طاھر بن بشیراں	۱۵۰
۶۰	۱۲۰	۱۸۰
یا میکائیل	عزیز علیه ما عنتم مریض علیکم بالمومنین روف رحیم	یا عزرائیل

صدقات نحوست سیارگان

نام سیارگان	قمر	عطارد	زہرہ	شمس	مریخ	مشتری	زحل
مقام سیارگان	فلک اول	فلک دوئم	فلک سوئم	فلک چہارم	فلک پنجم	فلک ششم	فلک ہفتم
مالک سمت	مغرب	مغرب	مشرق	مشرق	جنوب	مشرق	شمال
رنگ	معلق سفید	سبزی مائل سیاہی	سفید	سرخ مائل زردی	سرخ	معلق زرد	معلق سیاہ
بخورات	کوڑیہ لوبان	کوڑیہ لوبان	صندل سفید مرچ سفید	صندل زرد زعفران	لونگ صندل سرخ	صندل سفید کافور	لوبان گوگل
اسمائے باری تعالی	یانور السموات والارض	یا حکیم یا علیم یا خبیر	یا رحیم یا لطیف یا حبیب	یا مالک یا اللہ	یا مستقیم یا جلیل	یا رزاق یا منعم یا مغنی	یا شافی یا کافی
روزانہ پڑھنے کی تعداد	۹۴۲ مرتبہ	۳۶۰ مرتبہ	۲۸۳ مرتبہ	۹۲۲ مرتبہ	۳۸۳ مرتبہ	۸۷۸ مرتبہ	۵۷۳ مرتبہ
صدقہ دینے کی ساعت	قمر	عطارد	زہرہ	شمس	مریخ	مشتری	زحل
صدقہ دینے کا دن	پیر	بدھ	جمعہ	اتوار	منگل	جمعرات	ہفتہ

نام سیارہ	صدقات اشیاء کے نام
قمر	سفید لباس۔ چاول چاندی موتی کافور برنج دہی سفید پھول آٹا چینی دودھ خیرات کریں۔
عطارد	گہرے سبز رنگ کا لباس۔ مونگ۔ مونگ کی دال۔ روغن زرد پان سبز۔ سبزیات وغیرہ خیرات کریں۔
زہرہ	سفید لباس چاندی چاول گائے سفید دودھ دہی روغن زرد کافور خیرات کریں۔
شمس	سرخ لباس مونگا سونا گڑ دال مسور صندل سرخ، سرخ مرغ سنترے آلوچہ خیرات کریں۔
مریخ	سرخ لباس مونگا سونا تانبہ گلاب سرخ دال مسور خیرات کریں۔
مشتری	زرد لباس سونا گھوں ار ہر چنے کی دال شکر سرخ ہلدی زرد مرغ خیرات کریں۔
زحل	سیاہ لباس ماش سیاہ بادال ماش کنجد سیاہ بھیس نیلم مرغ سیاہ لوہا خیرات کریں۔

خط لکھنے والے دوست اس بات کا خیال رکھیں کہ خط کے ایک کونے پر نمایاں طور پر خط کا مقصد تحریر کریں۔ یعنی سالانہ خریداری، فنی مسائل، مشورہ، عملیاتی مدد، شعبہ اشتہارات، شعبہ مضامین وغیرہ۔ آپ کا خط فوراً متعلقہ شعبے میں پہنچے گا اور بلا تاخیر آپ کو جواب مل سکے گا۔ ایک خط میں ایک سوال تحریر کریں۔ زیادہ ہونے کی صورت میں ایک کے سوا باقی کا جواب دینا ممکن نہ ہوگا۔ جوابی لفافہ جس پر آپ کا مکمل پتہ تحریر ہو ضرور ارسال کریں۔

از : شہزاد منظور علی سمون، ٹنڈو محمد خان۔

محبوب کو محبت میں بیقرار کر کے حاضر کرنا

میں جو بھی عمل لکھتا ہوں واضح اور سو فیصد درست ہوتا ہے۔ مجھے کسی کو ناراض کرنا قطعی پسند نہیں۔ اگر عمل میں ایک نکتہ بھی مخفی رکھا جائے تو سارا عمل بیکار ہے۔ مجھے یہ قطعی پسند نہیں کہ میں عمل میں نکتہ رکھوں اور رسالہ پڑھنے والوں کو پریشان کروں۔ جب تک آپ ابجد، ساعت، نجوم، موکل کا استخراج کرنا، عزیمت بنانا نقش کی چال، طبیعت، نقش بھرنے کا طریقہ، کسر اور بخورات کا استعمال کرنا نہ جانیں تب تک عملیات کو ہاتھ لگانا فضول ہے۔ بجائے فائدے کے نقصان ہوگا۔ بہر حال یہ باتیں تو ہوتی ہی رہیں گی۔ اب اس دفعہ راہنمائے عملیات کے لیے شرف شمس کا عمل لے کر حاضر ہوا ہوں۔ یہ عمل محبوب کو ہزار میل دور تک محبت میں بیقرار کر کے محبوب کو طالب تک پہنچاتا ہے۔ محبوب چاہے کتنا ہی پتھر دل اور بیوفا کیوں نہ ہو۔ بے چین بیقرار بے آرام ہو کر حاضر ہوگا۔ یہ عمل شرف شمس میں کرنا ہے۔ سارا عمل ابجد شمس سے کرنا ہے۔ یہ عمل سو فیصد درست ہے سوچ سمجھ کر عمل کو استخراج کریں اتنا محنت طلب بھی نہیں ہے۔ شرف شمس برج حمل کے 19 درجے ہوتا ہے۔ یعنی سیارہ شمس جب برج حمل کے 19ویں درجے پر آتا ہے تو وہ شرف کی طاقت رکھتا ہے۔ سال میں ایک دفعہ شمس کو شرف ہوتا ہے۔ اس سال 7اپریل 5بج کر 42منٹ شام سے لے کر 8اپریل 6بج کر 6منٹ تک شرف شمس کا وقت ہے۔ اس دوران جو بھی ساعت شمس آئے تو کام کریں۔ اگر ایک ساعت شمس میں کام مکمل نہ ہو تو دوسری یا تیسری ساعت شمس میں مکمل کریں۔ سب نقش زعفران عرق گلاب سے مکمل کریں۔ اگر مشک ہو تو وہ بھی تھوڑا سا ملا لیں۔ کاغذ بالکل سفید ہو۔ لکیر والا کاغذ نہ ہو۔ نقش لکھتے وقت اپنا منہ محبوب کے گھر کی طرف کریں۔ منہ میں میٹھی چیز رکھیں۔ بخورات اگر بتی لوبان صندل کا جلتا رہے۔ کچھ گلاب کے پھول اپنے سامنے رکھیں۔ اگر سفید کاغذ کی بجائے لال کاغذ پر لکھیں تو بھی درست ہے۔ کیونکہ شمس کا رنگ لال ہے۔ نقش لکھنے سے پہلے عامل پاک صاف ہو۔ تنہا ہو کسی سے بات نہ کریں۔ اب نام طالب مع والدہ، نام مطلوب مع والدہ۔ مقصد محبت شدید۔ اور آیت یحبونھم سے حباللہ تک ان چاروں جملوں کے اعداد ابجد شمس سے لیں۔ اور نقش 8 درجے کا بھریں۔ مثال :

نام طالب مع والدہ	-	۱۴۲۰
نام مطلوب مع والدہ	-	۱۳۵۲
مقصد : محبت شدید	-	۱۵۰۸
آیت یحبونھم سے حبا		
للہ تک	-	۱۳۳۸۷
جمع کیے	+	۱۷۶۶۷
نقش ۸ در ۸ کے لیے	-	۲۵۲
باقی رہے		۱۷۴۱۵

اب ۱۷۴۱۸ کو ۸ سے تقسیم کیا تو جواب ۲۱۷۶ آیا۔ اور کسر ۷ بچی جس کو نقش کے خانہ ۹ میں ایک عدد کا اضافہ کرنا پڑے گا۔ مثالی نقش آخر میں آئے گا۔

نقش استعمال کرنے کا طریقہ:

ٹوٹل ۶ نقش زعفران سے لکھنے ہیں۔

1- نقش بکری مادہ کے دل میں رکھ کر وہ دل زیر آتش لگائیں تاکہ حرارت ملتی رہے۔

2- دوسرے نقش کو میوہ دار درخت پر باندھ دیں تاکہ ہوا میں حرکت کرتا رہے۔

3- تیسرا نقش وزن کے نیچے دبا دیں۔

4- باقی رہے 3 نقوش ان کے فتیلے بنا کر مطلوب کا پہنا ہوا پرانا کپڑا

از: حافظ عمران حمید اشرفی، لاہور۔

سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے اور درود و سلام ہو خاتم الانبیاء جناب رسول خدا احمد مجتبےٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کی آل پر اور آپ کے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین پر۔

معزز قارئین کرام یہ حقیقت اظہر من الشمس ہے کہ جب سے انسان اس دنیا میں آیا ہے حاجتیں اور ضرورتیں انسان کا جزو لاینفک ہیں۔ جن کو پورا کرنے کی کوشش میں آدم کا بیٹا ہمہ تن مشغول ہے اگر وہ بنیادی ضرورتوں مثلاً زندہ رہنے کے لیے کھانا پینا، تن ڈھانپنے کے لیے کپڑا اور موسم کے نشیب و فراز سے بچنے کے لیے رہائش کا انتظام کر بھی لیتا ہے اس کے باوجود کئی حاجتیں مثلاً بے اولاد ہونا اور اگر صاحب اولاد ہو تو ان کی پرورش تعلیم کے مسائل، ادائیگی قرض، تنگی رزق، تحفظ جان و مال، اطمینان و سکون، نیکی کی راہ پر گامزن ہونا، بیماری سے بچاؤ علی ھذا القیاس کئی ایک ضرورتیں پھر بھی باقی رہ جاتی ہیں جن کو پورا کرتے کرتے انسان کی زندگی کا سورج غروب ہو جاتا ہے مگر یہ ضرورتیں پوری ہونے میں نہیں آتیں۔ جب یہ بات طے ہو گئی کہ انسان مہد سے لے کر لحد تک حاجتوں میں گھرا ہوا ہے تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان کو کس طرح پورا کیا جائے خدائے وحدہ لاشریک کا بنی نوع انسان کو کسی کام کے کرنے کے لیے ایک مرتبہ حکم دینا ہی بہت کافی ہے مگر اللہ جل شانہ، نے اپنے لافانی کلام قرآن مجید، فرقان حمید میں ایک مرتبہ نہیں بلکہ سینکڑوں مرتبہ نماز قائم کرنے کا ارشاد فرمایا ہے۔ اس سے آپ نماز کی اہمیت کا اندازہ بخوبی لگا سکتے ہیں۔ صلوۃ کے بارے میں ارشاد خداوندی کی روشنی میں ان حاجتوں کو پورا کرنے کے لیے ہم آپ کی خدمت میں صلوۃ حاجت پیش کر رہے ہیں۔ قارئین کرام جب اس سے متمتع ہوں تو احقر کے والدین کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

اس کی ادائیگی کا طریقہ بیان کرنے سے پہلے اتنا عرض کر دینا ضروری ہے کہ اس کی قبولیت اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کس قدر ہے اس کا اندازہ آپ اس بات سے لگا سکتے ہیں کہ یہ صلوٰۃ حاجت درود شریف، قرآنی آیات مبارکہ اور کلمات حدیث مبارکہ پر مشتمل ہے۔ درود شریف ایسی عبادت ہے کہ جو بارگاہ الٰہی میں رد نہیں ہوتی۔ بلکہ ہر حال میں قبول ہی قبول ہے نیز قرآن و حدیث سے زیادہ سچا کلام اور کیا ہو سکتا ہے پھر قرآنی آیات مبارکہ میں مختلف جلیل القدر انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کی پر تاثیر دعائیں شامل ہیں جن کے ذریعہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے انہیں مختلف مصیبتوں اور مشکلوں سے ان دعاؤں کی وجہ سے نجات عطا فرمائی۔ باقی آپ اس صلوٰۃ حاجت کو پڑھنے کے بعد خود اس کے بے انتہا فوائد محسوس فرمالیں گے۔ دنیا کا کوئی شخص بھی حاجت سے خالی نہیں ہے آپ کی کوئی بھی حاجت ہو، کوئی مصیبت مسئلہ یا مشکل درپیش ہو اس نماز کو اپنے مقصد کے حصول کے لیے یکسوئی کے ساتھ پڑھیں پھر دیکھیں کہ اللہ جل جلالہ، کس طرح خزانہ غیب سے آپ کے مسئلہ کو حل اور آپ کے مقصد کو پورا فرماتا ہے۔ یہ نماز نوچندی شب جمعتہ المبارک (نوچندی کا مطلب ہے کہ نیا چاند طلوع ہونے کے بعد جو پہلی شب جمعتہ المبارک ہو) سے شروع کریں۔ انشاء اللہ العزیز پہلے بار پڑھنے پر ہی آپ کا مسئلہ اللہ تعالیٰ حل فرمادے گا ورنہ اس کے پڑھنے کی زیادہ سے زیادہ مدت تین شب جمعتہ المبارک یعنی ایک تو نوچندی اور اس کے بعد دو آئندہ شب ہائے جمعتہ المبارک (جبکہ نوچندی نہ) ہو نگی۔

شب جمعتہ المبارک (یعنی جمعرات اور جمعتہ المبارک کی درمیانی شب) میں آدھی رات کو غسل کر کے پاک صاف کپڑے پہنو اور عطر لگا کر جائے نماز پر قبلہ رخ کھڑے ہو کر درود شریف **اللهم صلى على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد و بارك وسلم** ایک سو مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد **اللهم اغفرلى وارحمنى** ایک سو مرتبہ پڑھیں۔

بحر الجفر

از: امتیاز حسین، کوئٹہ۔

قسط نمبر 5

طلسم اسمائے برھتیة

حاضرات ارواح

جب آپ کسی روح کو حاضر کرنا چاہیں تو روزہ رکھیں اور کسی خالی مکان میں جائیں بخور عود کا جلائیں اور قسم کو ۹ ہزار پڑھیں روح حاضر ہو گی۔

حاضرات جنات

ایسا آسیب یا جن جو کسی طرح نہ جاتا ہو تو آپ ایسا کریں کہ اس کے دائیں ہاتھ پر ۳ ہ ہ ہ لکھیں اور مریض کو حکم دیں کہ وہ اپنی ہتھیلی کو دیکھے اور آپ عہد سلیمانی کو پڑھنا شروع کریں کچھ ہی دیر کے بعد مریض کے ہاتھ پاؤں کانپنا شروع ہو جائیں گے اور مریض بے سدھ ہو کر گر پڑے گا۔

اب عامل مریض پر حاضر ہونے والے آسیب سے گفتگو کرے اور پوچھے تم نے مریض کو کیوں تنگ کیا ہوا ہے اور اسے مریض کا جسم چھوڑنے کا حکم دیں انشاء اللہ اسی وقت چلا جائے گا۔

اگر آسیب عامل کا حکم ماننے سے انکار کر دے تو عامل یہ طلسم قطران سے لکھ کر مریض کے ناک میں دھونی دے۔

۷۸٦
ااا ع م ط ط اا عه عه
۸ ۷ ٦ ۹ اااا ع ااا ض ااا ع ع ااا
ک ی ۹ اااا ۹ ۷ ٦ اا ع
م لعه اا اا ۳ ط ااا که ح
بر بلائے و آسیب که درجود فلاں بن فلاں مسئولی شده باشد بحق این فلیته دفع شود یا ناکتر شود

اس کے ساتھ ہی مریض خوفناک آواز میں چیخنا چلانا شروع کر دے گا کہ ہائے جل گیا ہائے مر گیا اب عامل اسے مریض کا جسم چھوڑنے کا حکم دے۔ انشاء اللہ آسیب فوراً مریض کو چھوڑ کر اپنی راہ لے گا۔

محترم قارئین انسانوں کی طرح جن بھی عامل ہو سکتے ہیں۔ ایسی صور میں مقابلہ سخت ہو گا۔ کیونکہ عامل جو عمل کرے گا عامل جن بھی فوراً اسکا توڑ کر دے گا۔ اب اگر آسیب اس عمل سے بھی نہ جائے تو آپ یہ عمل کریں۔

۷۸٦
ی ف ل ی ی س س س س س
ع ف غ ق ل اا اا م- م اا اا اا اا ط

ترکیب:۔

اس طلسم کو روغن بنوی سے لکھ کر کڑوے تیل کی جلتی ہوئی کڑاہی میں ڈال دیں۔ اور مریض پر آسیب کو حاضر کریں جیسے ہی آپ طلسم کو تیل میں ڈالیں گے مریض رونے چلانے لگے گا۔ مگر آپ اس کی باتوں پر دھیان نہ دیں بلکہ مریض کو کڑاہی میں قے کرنے کا حکم دیں۔ اور طلسم برھتیة کی تلاوت کرنا شروع کر دیں جب مریض تیل میں قے کرے گا تو جن اس کے وجود سے نکل کر کڑاہی میں جل مرے گا اور مریض ہمیشہ کے لیے ٹھیک ہو جائے گا۔

پھر اس تیل اور کڑاہی کو ہندو سوختہ میں ڈال دیں اور کسی جانور کو ذبح کر کے اس کا گوشت خیرات کر دیں۔ یہ عمل سخت مجبوری میں کرنا چاہیے۔

محترم دوستوں یہ عمل تمام اعمال جنات کا سردار ہے اس کے ہوتے ہوئے دیگر کسی عمل کی ضرورت باقی نہیں رہتی اور جنات کو سوائے بھاگنے کے اور کوئی راستہ نظر نہیں آتا راقم السطور کے بزرگوں اور عاجز کا دس سالہ تجربہ شدہ ہے۔ مگر یہ عمل بغیر استاد کامل کے نہیں کرنا چاہیے۔

جنات جلانے کے اس عمل کی صاحب 'خزینہ آفتاب' نے بھی بہت تعریف کی ہے مگر وہاں یہ عمل نامکمل لکھا ہے عاجز کو یہ ترکیب بزرگوں سے حاصل ہوئی اور یہی درست ہے۔ آخر میں گذارش ہے کہ قارئین مجھے اور بھائی خالد اسحاق راٹھور صاحب کو دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔

جاری ہے۔

از : ایم ایس غزالی۔

اس سے متعلق میں کچھ عرض نہیں کرنا چاہتا۔ میرا مطلب صرف اس کو عنوانی شکل دیتے ہوئے مضمون لکھنے کا یہ ہے کہ ہم اللہ تبارک و تعالی کے اصول کے خلاف کچھ کر رہے ہیں۔ میں نے زیادہ تر آذان کے وقت ہی کچھ چیزیں نوٹ کی ہیں۔ لہذا اسی کے عنوان کے تحت ان کی تصحیح عرض کرتا ہوں۔

۱) دیکھا گیا ہے کہ جب کوئی انسان گانا گا رہا ہو تو دنیا یعنی سامعین بڑے ذوق اور خاموشی سے دل لگا کر سنتے ہیں۔

۲) بگل یا اعلان کی آواز سنتے ہی اپنے آپکو چست، خاموش اور ہر کام کو چھوڑتے ہوئے پورے منہمک ہو جاتے ہیں۔

۳) کسی انسان کی تقریر یا الفاظ یا فقرے کو بڑے غور و فکر سے سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ مگر صد حیف حضرت انسان پر جب خداوند کریم کا ذکر کیا جاتا ہے۔ نام لیا جاتا ہے اور اس کے حضور میں حاضری کے لئے بلایا جاتا ہے۔ تو بے خبر بے پرواہ اور دنیاوی کام میں ہماتن مشغول رہتا ہے۔ اس سستی یا غلطی کو ناشکری، عیاری اور منافقانہ حرکت یا عمل نہ کہوں تو کیا کہوں؟

ہم انسان ہو کر انسان کی یا اس کی آواز یا الفاظ کی تو قدر کرنا جانتے ہیں۔ پرواہ سخت ہے لیکن جو ذات ہماری موت اور زندگی۔ روزی کی سلامتی کی مالک ہے۔ اس سے ناشکری اور بے پرواہی۔ خدا کی قسم آپ خود ہی فیصلے کو سوچئے۔ اگر خداوند کریم ہم پر ہمارے ہی اعمال کی بدولت تباہی بربادی یا عذاب نازل کرے تو نعوذ باللہ ؟ یہ خداوند کریم کا قصور ہے؟ یا زیادتی ہے؟ لعنت ایسے دماغ پر جس کے کسی گوشے میں بھی یہ خیال پرورش پائے۔

اس لئے دست بستہ عرض ہے کہ

۱) آذان کو خاموشی کے ساتھ سب کلام اور کام روک کر غور سے سنیئے۔

۲) اپنے آپ کو باادب بنایئے۔ تاکہ بے ادبی کا جرم ہٹ جائے۔

۳) ہر لفظ کو علم کے کان سے سن کر اپنے عمل کی پڑتال کرو۔ عقلمندی یہی ہے کہ اگر کوئی کام خداوند کریم کے حکم اور اصول کے خلاف بھول سے سرزد ہو گیا ہے تو فوراً اس کے حضور میں خود جا کر بھاگ کر معافی مانگیے۔ شاید یہی معافی آپ کی زندگی کی آخری معافی ہو۔ یاد رکھئیے کف افسوس ملنے والا صرف ظالم ہوتا ہے۔

ایک اور بات یاد آئی جو عملاً سخت ضروری اور لازمی ہے۔ یاد رکھئے مومن کے ایمان کے مطابق سب سے زیادہ صرف تعریف ہی نہیں بلکہ احترام، عزت اور برتری اگر کسی کی واجب ہے خواہ قول یا عملی ہے تو صرف ذات کبریا کی۔ رب العزت اور اللہ تعالی کی۔ اگر یہ بات قول سے اور عمل سے نکل گئی یا نکال دی تو خداوند کریم کے منکر ہو گئے۔ پھر اللہ تعالی کے بعد صرف ذات مصطفےٰ ہیں۔ اگر بھول چوک کر دی یا ہو گئی تو اسلام سے خارج۔ اس لئے اس ایمان کے جز کو دھیان میں رکھتے ہوئے یہ عرض کرتا ہوں کہ جب بھی آپ نام 'اللہ' سنیں یا بولیں۔ خواہ آپ مسجد میں ہیں یا گھر میں سڑک پر ہی ہیں یا دوکان پر خواہ کہیں بھی ہیں۔ فوراً نام 'اللہ' سننے اور بولنے کے ساتھ ہی خاموشی کے ساتھ دل میں 'جل جلالہ' پکاریے اور بولئے۔ اپنے نامہ اعمال کو گواہ بناتے ہوئے اس چیز کی گواہی دیجئے کہ ہم نے خداوند کریم کی ذات کو برحق مانتے ہوئے اس کی بزرگی۔ شان اور پاکی بھی تسلیم کی ہے۔ اور خدا کے حضور میں روز محشر کو جانے کے لئے جب نام 'محمد' سنیں یا بولیں۔ فوراً خاموشی کے ساتھ دل میں ﷺ پکاریئے اور بولئے۔ تاکہ آپ کی آخرت سنورتی چلی جائے۔ اللہ آپ کی بھول کو غلطیوں کو اور گناہوں کو معاف کرتے ہوئے اپنے حبیب ؐ کے صدقے روز محشر میں سرخرو رکھے۔ ظالموں اور کف افسوس ملنے والوں میں نہ رکھے۔

یہ دیکھا گیا ہے کہ نام 'محمدؐ' کے سننے اور بولنے پر تو ﷺ احتراماً کہہ دیتے ہیں۔ پکار لیتے ہیں۔ مگر جب نام اللہ سنتے یا بولتے ہیں تو کوئی حرکت وغیرہ کی بات الگ رہی۔ ٹس سے مس تک نہ ہوتے ہوئے خاموش بے پرواہ بیٹھے

باقی صفحہ نمبر ۷

از: محمد علی چشتی صابری جھنگ۔

ترقی کاروبار و دوکان کے لیے انتہائی مجرب و انمول عمل

قارئین اس بار میں اپنا ایک مجرب و آزمودہ عمل پیش کر رہا ہوں جو کہ میرا تجربہ شدہ اور خاندانی مجرب عمل ہے۔ بہت سے لوگ مجھ سے کہتے ہیں کہ ہم نے کاروبار کیا مگر ہر بار نقصان ہی نقصان ہوتا آیا ہے اور ہمیں کوئی فائدہ ہی نہیں ہوتا ہے۔ کوئی صاحب کہتے ہیں کہ ہمارے کاروبار پر کسی نے بندش کر دی ہے جس کی وجہ سے ہمارا کاروبار یا دوکان نہیں چلتی ہے۔ اور ہم نے کئی عاملوں کے پاس جاکر تعویذ وغیرہ لئے ہیں مگر پھر بھی نقصان ہی ہوتا ہے کوئی فائدہ نظر نہیں آتا۔ اس پریشانی کو دور کرانے کے لیے میں نے قارئین کے لیے یہ عمل عظیم انتخاب کیا ہے جو بھی یہ عمل کریگا انشاء اللہ مایوسی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا، عمل حاضر خدمت ہے۔ لوازمات عمل:=

سورۃ اخلاص کے اعداد	۱۰۰۲
ترقی کاروبار کے اعداد	۱۱۴۰
حاجت مند کے مع والدہ اعداد	۱۰۹
ٹوٹل اعداد	۲۲۵۱
قانون کے نفی	۳۰

۴ پر تقسیم کیا ۲۲۲۱ ÷ ۴

نقش یہ بنا:-

یاجبرائیل ۷۸۶ یااسرافیل

۵۵۵	۵۶۹	۵۶۵	۵۶۲
۵۶۶	۵۶۱	۵۵۶	۵۶۸
۵۶۰	۵۶۳	۵۷۱	۵۵۷
۵۷۰	۵۵۸	۵۵۹	۵۶۴

یامیکائیل یاعزرائیل

فلاں بن فلاں کے کاروبار میں برکت ہو

اب اس نقش کو آپ عروج ماہ نوچندی جمعرات یا اتوار یا پیر کے روز طلوع آفتاب کے وقت زعفران و عرق گلاب سے لکھیں۔ (باقی صفحہ نمبر ۱۴)

از: پروفیسر حکیم رفعت اشفاق چوہان گوجرانوالہ۔

(سحر جادو جلانا)

محترم قارئین آج کل جسے دیکھو یہی رونا روتا ہے کہ فلاں نے فلاں پر یا فلاں شخص نے مجھ پر جادو کر دیا ہے۔ میرا کاروبار بندھا ہوا ہے وغیرہ وغیرہ اور رنگ رنگ کے عامل حضرات کے پاس جاکر وقت اور پیسہ برباد کرتے ہیں۔ آج کل جسے کوئی کام نہیں ملتا وہ بازار سے تعویذات والی کتب خرید لاتا ہے اور کرایہ پر کوئی کمرہ لے کر باہر بورڈ لگا دیتا ہے کہ عامل الحاج فلاں نیچے بورڈ پر لکھا ہوتا ہے کہ یہاں پر جن بھوت تعویذات، کاروبار کی رکاوٹ، گھریلو جھگڑا وغیرہ وغیرہ وال چاکنگ کروا دی جاتی ہے کارڈ بنوا لیے جاتے ہیں اور خوب عوام کو بیوقوف بنا کر دونوں ہاتھوں سے لوٹا جاتا ہے۔ میری اپنے تمام قارئین سے التماس ہے کہ ایسے شعبدہ باز اور جھوٹے عاملوں سے بچیں آج آپ کے سامنے اپنا ہزار ہا بار کا مجرب عمل لے کر حاضر ہوں اس کے عامل بن کر آپ سحر و جادو ہر قسم کا جلا سکتے ہیں۔ یہ عمل میرے خاص معمولات میں سے ہے۔ اس عمل کی روحانی قوتوں کو قابو کرنے کے لیے چالیس روز تک عمل کریں بعد میں آپ اس کے عامل ہیں عمل کو قابو میں رکھنے کے لیے روزانہ اکتالیس مرتبہ عمل پڑھتے رہا کریں عمل قابو رہے گا۔

عمل

بسم اللہ یا دافع البلیات یا حل المشکلات

طریقہ عمل:- کسی علیحدہ کمرے میں اکتالیس سو مرتبہ نماز عشاء کے

(باقی صفحہ نمبر ۱۴)

از: محمد اسلم جعفری حویلی لکھا۔

کوئی شخص آپ کو پریشان کرتا ہے یا ناجائز تنگ کرتا ہے اور ظلم کرتا ہے اور وہ ظالم لعنت کا مستحق ہے مگر آپ مقابلہ میں کمزور ہیں تو اس طرح کریں کہ اپنے مالک حقیقی کے دربار میں دعا کریں۔ ان اسماء جبروت سے کہ یااللہ مجھے اس ظالم شخص سے بچا جیسے حضرت موسیٰ کو فرعون سے' حضرت ابراہیم کو نمرود سے بچایا تھا۔ صدقے اپنے ان اسماء جبروت کے یا قادر یا قوی یا قہار کے میں ایک تیرا عاجز بندہ ہوں۔ دعا بھی اس وقت اثر کرتی ہے جب خلوص دل اور کامل یقین سے کی جاتی ہے اثر تو ہر کلام میں ہوتا ہے اثرات کو قدرت نے اپنی حکمت سے مبالغہ میں رکھا ہے اگر وہ چاہتا ہے تو فوری اثرات پیدا کرتا ہے وہ جہاں چاہتا ہے اثرات روک لیتا ہے اگر مالک حقیقی پسند کرے تو اسی وقت آیت کے موکلات کو حکم فرماتا ہے تو کام فوری انجام پاتا ہے مظلوم جب اپنے مالک کو پکارتا ہے تو وہ ظالم کو مصیبت میں مبتلا کر دیتا ہے۔ یہ عمل بروز منگل یا ہفتہ کے دن کریں اور ساعت مریخ کا انتخاب کریں۔ اب اصل مقصد کی طرف آتے ہیں یہ سریع الاثر یہ عمل ننگی تلوار ہے۔ پہلے دشمن سے جا کر صلح دے کر راضی نامہ کرے' اگر نہ کرے تو ایک بکرے کا دل لے کر درمیان میں سے چیر کر درمیان میں یہ نقش رکھ کر اوپر دھاگہ باندھ دیں اور ایک لکڑی اوپر کپڑا لپیٹ کر کے روغن تلخ ڈال کر' آگ لگا کر دل کو مارنا شروع کریں اور آیت مبارک ۳۱۳ بار پڑھیں جب تک پڑھائی کی تعداد ختم نہ ہو جائے اس وقت تک لکڑی جو اور تیل ڈال کر مارتے رہیں انشاء اللہ دشمن برباد ہوگا یہ عمل کسی پر ظاہر نہ کریں۔ آخر آپ کو بھی اللہ کی بارگاہ میں جواب دینا ہے یہ عمل قرآنی ہے اس کی موکلات بہت سخت ہیں یہ نہ ہو کہ لینے کے دینے پڑ جائیں اور آپ رجعت کا شکار ہو جائیں۔

(باقی صفحہ نمبر ۱۴)

از: غلام قادر بلوچ' کراچی۔

طلسماتی حاضرات

ارباب علم و فن نے حاضرات کے اعمال کو دو طریق پر بیان کیا یعنی حاضرات صغیر اور حاضرات کبیر پہلی قسم حاضرات صغیر صرف نابالغ عمر کے بچے پر کیا جاتا ہے۔ اس میں چلہ کشی کی پابندی بھی نہیں ہے بوقت ضرورت عامل جب چاہے کسی نابالغ بچے پر حاضرات کر سکتا ہے اور دوسری قسم یعنی حاضرات کبیر اس میں عمر کی کوئی قید نہیں نابالغ و بالغ جس پر چاہے عامل حاضرات کر سکتا ہے حاضرات کبیر کا عامل خود بھی حاضرات کی مخفی مخلوق کا مشاہدہ کر سکتا ہے۔ مگر اس میں چلہ کشی کی پابندی ہے۔ اور چلہ کشی کے تمام شرائط و آداب کو ملحوظ خاطر رکھنا پڑتا ہے آج کی اس نشست میں شائقین حاضرات کی خدمت میں اپنا ایک مجرب طلسماتی عمل پیش کر رہا ہوں۔ یہ حاضرات صغیر کے متعلق ہے۔ آئندہ کسی نشست میں حاضرات کبیر کے متعلق لکھوں گا۔

اس خاتم کو نابالغ بچے کی ہتھیلی پر کالی سیاہی سے لکھیں یہ بھی صحیح ہے کہ اس خاتم کو موٹے کاغذ پر لکھ کر اوپر شیشے کا فریم کروالیں۔ الغرض اس خاتم کے وسعت جہاں گول کالی سیاہی کا نشان ہے۔ بچے کو غور سے دیکھنے کا حکم کریں اور عامل خود پاس بیٹھ کر عبارت عمل کو سات بار پڑھ کر بچے پر دم کریں زیادہ سے زیادہ اکیس بار پڑھنے سے حاضرات شروع ہو جائے گی۔ اور حاضرات و روحانیت کا نزول ہو جائے گا سب سے پہلے بچے کی معرفت سلام عرض کریں اور اس کے بعد سوال پوچھنے کی اجازت طلب کریں پھر جو مسائل ہوں پوچھے انشاء اللہ تعالیٰ درست جواب ملے گا۔

(باقی صفحہ نمبر ۱۴)

از : قدوس سومرو حیدر آباد۔

قارئین کرام! میں آپ کی محفل میں پہلی بار حاضری دے رہا ہوں اگر حوصلہ افزائی ہوئی تو لگا ہے بگاہے آپ کی خدمت میں حاضری دیتار ہوں گا۔ کچھ لکھنے والے نامکمل عمل یا سنے سنائے عمل لکھتے ہیں جو کہ غلط ہے۔ اور کچھ جلدباز شائق دو تین دن پڑھتے ہیں تاثیر ظاہر نہ ہو تو اپنی غلطی تسلیم نہیں کرتے بلکہ بے اثری کا ڈھنڈورہ پیٹتے ہیں ایک بات ذہن میں رکھیں کوئی بھی عمل ہو اس کو تین چلوں تک ضرور کریں ہو سکتا ہے پہلے چلوں میں کوئی خامی رہ گئی ہو تو وہ تیسرے چلے میں دور ہو جائے گی اور غیبی امداد ہو گی۔ حب کا ایک چلتا ہوا عمل تحریر کرتا ہوں اکثر لوگ 'یاودود' کا عمل پڑھتے ہیں مگر کامیابی کم ہی ہوتی ہے یہ جو عمل میں لکھ رہا ہوں آپ کو کسی کتاب میں نہیں ملے گا۔ میں زیادہ تعریف نہیں کروں گا عمل خود ثابت کرے گا کہ تاثیر کتنی ہے۔ لیجئے عمل حاضر ہے آزمایئے اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔

پرہیز: پہلے پرہیز کے بارے میں سن لیجئے پرہیز جمالی ہو گا۔ گوشت 'انڈا' مچھلی' دودھ 'دہی' جماع ممنوع ہے باقی ہر چیز حلال کھا سکتے ہیں نظر کو حرام سے بچائیں۔

طریقہ عمل: نوچندی جمعرات سے شروع ہو گا۔ بعد نماز عشاء پڑھنا ہو گا۔ پہلے کوئی سادرود شریف ۲۱ مرتبہ پڑھیں۔ پھر سورہ بروج کی یہ چار آیات ایک سوایک مرتبہ کل پڑھیں۔ آیات یہ ہے:۔

انه هو یبدی و یعید و هو الغفور الودود ذوالعرش المجید فعال الما یرید (قرآن مجید سے دیکھ کر صحیح یاد کریں)

پھر اسم '**یا ودود**' چار ہزار چھ سو چھیالیس مرتبہ (4646) ورد کریں پھر آیات ۱۰۱ مرتبہ پڑھیں پھر درود پاک ۲۱ مرتبہ پڑھیں۔ بس پڑھائی ختم ہوئی اب صبح کو جو جمعہ کا دن ہو گا۔ پہلی ساعت میں اس اسم پاک کے ۲۰ نقش لکھیں اور الگ آٹے میں لپیٹ کر ایسے پانی میں ڈال دو جس میں مچھلیاں ہوں اب روزانہ اس طرح کرنا ہو گا یعنی رات کو پڑھائی اور صبح کو نقش مبارک تحریر کرنا ہو گا۔ اس طرح چالیس دن عمل کرو۔ آپ کو ان چالیس دنوں میں پتہ چل جائے گا کہ عمل چیز کیا ہوتی ہے۔ اگر تین چلے کر لو تو کیا کہنے ؟ یعنی جتنا کرو گے اتنا پاؤ گے۔ مداومت کے لئے ۱۱ مرتبہ درود شریف ۲۱ مرتبہ آیات ۴۰۰ مرتبہ اسم 'یاودود' پھر ۲۱ مرتبہ آیات اور ۱۱ مرتبہ درود پڑھتے رہیں اور روزانہ ۲ نقش لکھ لیا کریں۔ حب کے لیے چلتا ہوا تیر ہے۔ بعد عمل نقش لکھنے کے لئے کسی ساعت وغیرہ کی ضرورت نہیں بس صرف زوال کے اوقات میں نہ لکھو۔ زعفران کی ضرورت بھی نہیں فاؤنٹین پین یا زعفران سے لکھو۔ نقش لکھو اور نیچے مقصد لکھو اور دوران مداومت اس کام کو ذہن میں رکھو حاضری کے لئے وزن کے نیچے رکھو۔ مداوت کے لئے اگر ورد بجائے ۴۰۰ کے زیادہ کرد گے تو زیادہ موثر پاؤ گے۔ بس عقل سے کام لیا کرو میں نے آپ کے سامنے ایک بہت بڑا عمل رکھ دیا ہے فائدہ اٹھانا آپ کا کام ہے جائز و ناجائز کے ذمہ دار آپ ہیں وبال آپ کے سر ہو گا۔ اگر دوران عمل گرمی زیادہ محسوس ہو تو درود شریف زیادہ پڑھیں۔ بہتر ہے کسی استاد کی نگرانی میں پڑھیں یہ عمل کوئی معمولی عمل نہیں ہے۔ نقش جو لکھنا ہے وہ یہ ہے۔ چال آتشی ہے۔

د	د	د	د
٣	٧	٣	٧
٨	٦	٤	٢
۵	١	٩	۵

دوران عمل جب روزانہ ۲۰ نقش لکھیں تو ہر نقش پر ۲۰ مرتبہ اسم یاودود بھی پڑھ کر دم کر دیا کریں۔

از: عامل شاہد الیاس سلیمی دھاڑی۔

عمل تسخیر بھوت

عملیات سے ذرا سی بھی شد بد رکھنے والا شخص ہمزاد جن پری یا کسی اور روح کی تسخیر کا متمنی رہتا ہے۔ آج کی بزم میں برسوں کا عمل بیان کیے دیتا ہوں تا کہ مشائق حضرات اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ عمل سے قبل ان امور کو ضرور پیش نظر رکھیں۔ (۱) عمل کا کسی سے تذکرہ نہ کریں۔ (۲) اپنے سونے کی جگہ کسی کو داخل نہ ہونے دیں۔ (۳) اپنے کھانے پینے کا خود انتظام کریں۔ (۴) لباس پاکیزہ اور معطر رہے۔ (۵) عمل عروج ماہ میں کرنا ہے۔ (۶) گوشت ہر قسم، کچا پیاز، مولی پان سگریٹ اور فعل حیوانی سے کلی طور پر پرہیز رکھیں۔ (۷) عمل کے دوران جو شواہد پیش آئیں وہ ماسوائے اس شخص کے جس کی زیر نگرانی اور اجازت سے عمل کر رہے ہیں کسی اور کو نہ بتائیں۔ (۸) مدت عمل اکیس یوم ہے۔ (۹) عمل نوچندہ چہار شنبہ سے شروع کیا جائے گا۔ مدار کا ایسا پودا جو آبادی سے الگ ہو کے قریب بیٹھ کر پڑھیں گے۔

جس روز عمل شروع کرنا ہے اس کی صبح بہت سویرے پانی کا آفتابہ لے کر اسی مدار کی جگہ، جہاں عمل کریں گے پہنچ کر طہارت کریں بچا ہوا پانی اس کی جڑ میں ڈال کر عمل شروع کریں گے۔

ایسا ممکن نہ ہو تو پھر طہارت کا پانی گھر ڈال کر بغیر پیچھے مڑ کر دیکھے کے چلے آئیں راستہ میں گفتگو بالکل منع ہے اب مغرب کے فوراً بعد پہنچ کر عمل پڑھا کریں اول الذکر طریق انسب ہے۔ عمل:

قبراں چٹ مچٹیاں وچ کھیڈن بال

میں بالاں نوں آکھیا کرپا کرو گوپال

کوٹھے سٹھرے ڈھاگے آو جندرے مار

جے بھوت متاں لالچ دے لچ دیو دکھا

جنتر بھرے یاسا ویکھاں استاد تیرے علم دا تماشا

تعداد پڑھائی ۲۰۰ بار ہے۔ عمل سے قبل کسی عامل سے اجازت ضروری ہے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

بقیہ تسخیر مؤکل اور حل مشکلات

کے دوران پریشانی محسوس نہ کرے۔ اور اتنی لمبی ریاضت کر سکے اور گھبراہٹ بھی نہ محسوس کرے۔

۲) اس عمل میں کوئی پرہیز نہیں ہے صرف اور صرف شریعت پر عمل پورا کرے اور نہ ہی کسی کا دل دکھائے ہر جمعرات کو دربار پر جا کر دعا کرے اور چراغ جلائے۔

۳) یہ عمل وہ شخص بھی نہ کرے جو سایہ، مرگی یا کوئی بیماری زدہ ہو جب تک تندرست نہیں ہو جائے اس وقت تک عمل نہ کرے۔

۴) اس عمل کو خواتین بھی بے خوف کر سکتی ہیں کوئی خطرہ نہیں مگر عمل کو درمیان میں نہ چھوڑ دے ورنہ سخت قسم کا نقصان ہو گا۔ اس لیے عمل سوچ سمجھ کر کریں۔ اس عمل میں ایک مخفی بات ظاہر کر رہا ہوں اگر دوران عمل کوئی بچہ یا بچی جس کی عمر ۱۲ سے کم ہو اگر کوئی چیز طلب کرے تو اسے نہ دیں ورنہ عمل سمجھ لیں ناکام ہو گیا پھر دوبارہ شروع کرنا پڑے گا یہ ایک راز کی بات تھی جو میں نے ظاہر کی۔ اساتذہ ایسے عملوں میں کوئی نہ کوئی نقطہ پوشیدہ رکھ لیتے ہیں۔ مگر میں نے بلا تخل بتا دیا ہے۔

ضروری نوٹ: اس عمل کو شروع کرنے سے پہلے بس اجازت ضروری ہے اس عمل کی اجازت صرف اس عامل سے لیں جو اس آیت کا پانچ لاکھ کا چلہ کیا ہوا ہو یا کسی مرشد کامل سے لیں۔ اب مشکلات دور کرنے کا وظیفہ دیکھیں جو مندرجہ ذیل ہے۔

ترکیب عمل: سلام قولا من رب رحیم

جب بھی کسی قسم کی پریشانی ہو مثلاً کاروبار، رزق، بیماری یا شادی یا پسند کی شادی نہیں ہوتی ہے وغیرہ ان کاموں کے لیے یہ مجرب ترین عمل ہے اور دس سال سے اس کا عامل ہوں اللہ کا شکر ہے کبھی مشکلات کا سامنا نہیں کرنا پڑا اگر کوئی مشکل پیش آجاتی ہے تو اسی عمل سے میں اپنی مشکل حل کر لیتا ہوں۔ اس عمل کو نوچندی جمعرات یا اتوار کو بعد نماز عشاء یا فجر کے فوراً بعد اس عمل کو شروع کر دیں اور رجال الغیب پشت پر رکھ کر اس عمل کو ۱۰۰ بار اول و آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف پڑھیں۔ ۴۱ دن تک انشاء اللہ پریشانی دور ہو جائے گی اور پھر شیرینی بچوں میں تقسیم کریں۔ اتنا آسان عمل جو آپ نے پہلے کبھی نہ دیکھا ہو۔ آخر میں خالد اسحاق راٹھور صاحب اور ہمارے لیے دعائے خیر ضرور کریں تا کہ ہماری محنت رنگ لائے۔ اور آپ ہی کی دعاؤں سے ہمارا پیارا رسالہ راہنمائے عملیات ترقی کرتا چلا جا رہا ہے ہماری دعا ہے کہ یہ رسالہ مزید دن دوگنی ترقی کرے۔ آمین۔

تسخیر موکل و حل مشکلات

از: صوفی محمد ناصر عباس حیدری جھنگ۔

اسلام علیکم قارئین کرام پہلی دفعہ میں راہنمائے عملیات میں حاضر ہو رہا ہوں جناب محمد علی چشتی صابری نے مجھے مجبور کیا کہ راہنمائے عملیات میں حاضرات کا مجرب عمل پیش کیا جائے جو زیادہ مشکل بھی نہ ہو۔ قارئین کرام حاضرات کی لائن میں آنے کے لئے پہلے اپنی ہمت دیکھ لیں کہ آیا میں اتنا قابل ہوں کہ حاضرات کا عمل کر سکوں کیونکہ کچھ لوگوں کو میں نے دیکھا کہ عمل شروع کرتے ہیں مگر تھوڑے دنوں تک۔ پھر چھوڑ دیا کہتے ہیں کہ ہم نے فلاں عمل کیا مگر ناکامی ہوئی یہ نہیں سوچتے ہیں کہ ایک لڑکا جب پڑھتا ہے تو وہ دس سال میں میٹرک کرتا ہے اگر بیچ میں فیل نہ ہوا ہو پھر بھی مشکل سے نوکری ملتی ہے پھر یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ایک ہی دن میں جن پری موکل وغیرہ تسخیر ہو جائے یہ روحانیات کا کام جان جوکھوں کا کام ہے میں سمجھتا ہوں اگر ہمزاد وغیرہ کے عمل میں آپ ایک سال میں کامیاب ہوتے ہیں تو پھر تھوڑی ریاضت میں یہ سب مل گیا۔ اس بارے میں ایک مجرب عمل تسخیر موکل کا لے کر حاضر ہوا ہوں۔ اس عمل میں پریشانیوں سے گزرنا پڑتا ہے یہ موکل عامل کو ہر طریقے سے آزمائے گا اگر آپ نے ڈرنا نہیں ہے پوری بہادری سے یہ عمل کریں انشاء اللہ کامیابی ہو گی۔ اس میں اجازت ضرور کسی مرشد کامل سے لیں۔ ورنہ عمل میں کسی صورت میں کامیابی نہیں ہو گی یہ بات یاد رکھیے۔ اب ہم عمل کی طرف آتے ہیں۔

عمل کی عبارت

سلام قولا من رب رحیم

ترکیب عمل: اس عمل کو عروج ماہ نوچندی جمعرات' اتوار یا سوموار کے دن شروع کریں۔ وضو کر کے پاک صاف ہو کر کپڑے معطر پہن کر صاف و پاک معطر و نیم تاریک خالی کمرہ میں جائیں جہاں کوئی نہ آئے۔

جسمانی و قلبی پاکی اور پاکیزگی کا خاص خیال رکھیں اگر بتیاں خوب جلائیں اپنے خیالات کو عمل کے دوران صاف رکھیں اور عمل شروع کرنے سے پہلے سات رنگ کی شیرینی آیت پاک کے موکلات اور حضرت محمد ﷺ کو ثواب پہنچائیں۔ جب یہ عمل کر چکے تو علیحدہ کمرے میں جا کر مصلہ پر کھڑے ہو کر دو رکعت حاجت پڑھیں۔ بعد نماز رسول ورب العالمین جمیع آل واصحاب رسول اولیائے بزرگان دین صدیقی شہداء ' صالحین و جمیع انبیاء اور جمیع مسلمانوں کی ارواح مقدسہ واطہر و پر فتوح و پرنور کے ایصال ثواب کے لیے دعا کریں۔ اس کے بعد رجال الغیب کو سلام پھر اپنا مضبوط حصار یا سورہ فاتحہ آیت الکرسی اور چار قل تین تین یا سات سات مرتبہ پڑھ کر حصار کریں پھر ۹ مرتبہ یا غیاثی عند کل کرب و کربتہ و مجیبی عند کل دعوۃ وحاجتہ و مونسی عند کل وحشتہ و معاذی عند کل شدۃ ور جائی حین تنقطع حیلتی یا غیاث پڑھیں۔ اب پوری توجہ کے ساتھ عمل کو عشاء کی نماز کے بعد اور نماز فجر کے بعد ۲۲۰۰-۲۲۰۰ بار پڑھے اسی طرح کہ نماز فجر کے بعد ۲۲۰۰ تسبیح پڑھے اور عشاء کے بعد ۲۲۰۰ بار پڑھیں۔ عمل مکمل کرنے کے بعد دو رکعت نماز شکرانہ ادا کر کے ایصال ثواب اور قبولی و منظوری کی دعا کریں۔ اول آخر ۱۱-۱۱ بار درود تسخیر پڑھیں۔ اس عمل کو ہمیشہ وقت اور مکان کی پابندی کے ساتھ روزانہ پڑھے۔ اسی طرح آپ یہ عمل ۱۷ دن رات میں مکمل کریں۔ ۱۷ ویں رات ایک موکل اچھی شکل وصورت سے ظاہر ہو گا۔ عمل پورا ہونے کے بعد بات چیت کریں اگر موکل پوچھے مجھے کس لئے بلوایا ہے تو آپ بے خوف ہو کر کہہ دیں کہ میں اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت اور خدمت خلق میں آپ کے تعاون اور ہمراہی کا طلبگار ہوں۔ پھر وہ اپنی شرائط بتائے گا موکل کی شرائط کو غور سے سنے اور پھر اس سے کوئی نشانی لیں ورنہ وہ کہہ دے گا اس عمل کو ۱۷ بار پڑھیں میں حاضر ہو جاؤں گا اس کے بعد اللہ کا شکر ادا کرے اور شیرینی کم از کم ۵ ابچوں میں تقسیم کریں۔

عمل کون نہ کرے اور پرہیز

۱) اس عمل کو وہی شخص ہاتھ لگائے جو قوت ارادی کا مالک ہو اور کسی قسم کی عمل

(باقی صفحہ نمبر ۴۸)

انکشافات رمل

قسط نمبر 12

حکیم غلام شبیر ناصر رنگ پور

محترم قارئین راہنمائے عملیات بارہویں قسط انکشافات رمل کی حاضر ہے اور اگلے ماہ انشاء اللہ آخری قسط پیش کروں گا جس میں گذشتہ تمام اقساط کا خلاصہ پیش کروں گا۔

دائرہ سکن کی آخری دو اشکال پر بحث کی جاتی ہے۔

شکل اجتماع پندرھویں شکل ہے۔

نام اجتماع۔ علامت ⚍ ۔ سعد اصغر۔ منقلب مذکر شمالی۔ آبی۔ سرطان۔ قمر۔ فیروزہ۔ کانسی۔ دن بدھ۔ رات اتوار۔ ۱۵ واں خانہ اس کا گھر ہے۔ چھٹے خانہ میں شرف۔ ۱۲ ویں میں ہبوط تیسرے میں تقویت اور نانویں خانہ میں یہ شکل کمزور اور ضعیف ہوتی ہے۔ اگر

پہلے خانہ میں آئے۔ ناممکن کو ممکن بنانے کا جذبہ ہو۔

دوسرے خانہ میں آئے۔ تو مالی حالات میں ناگزیر تبدیلی۔

تیسرے خانہ میں آئے۔ تو جنسی عمل کی بجائے خدمت کر کے مطمئن ہونا۔

چوتھے خانہ میں آئے۔ تو زہد و تقویٰ کی دلیل۔

پانچویں خانہ میں آئے۔ تو مشکل اور کٹھن راہ پر زندگی۔

چھٹے خانہ میں آئے۔ حصول مراد کے لیے سخت محنت کرنا پڑے۔ مریض آسیب زدہ ہے۔

ساتویں خانہ میں آئے۔ تو بڑی محنت سے منصوبہ بندی کرنا اور عملی جامعہ پہنانے کی دلیل۔

آٹھویں خانہ میں آئے۔ صفائی اور پرہیزگاری۔

نویں خانہ میں آئے۔ تو سکیموں اور تخیلات کو حالات کے مطابق کریں۔

دسویں خانہ میں آئے۔ تو شادی یا بوڑھے والدین کا بوجھ اٹھانے کی دلیل۔

گیارہویں خانہ میں آئے۔ صاحب قیادت کی دلیل۔

بارہویں خانہ میں آئے۔ جنسی فعل میں سرد مہری۔

تیرہویں خانہ میں آئے۔ متلون مزاجی۔ جذبات پر قابو نہ ہونا۔

چودھویں خانہ میں آئے۔ تو نمود و نمائش کو پسند نہ کرنا۔

پندرھویں خانہ میں آئے۔ تو تیس سال کی عمر میں اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کی دلیل۔

سولہویں خانہ میں آئے۔ تو کوئی نیا کام شروع کرنا پڑے۔

طریق: ⁝

یہ دائرہ سکن کی آخری شکل ہے۔ سعد اصغر۔ ثابت۔ جنس مخنث۔ سمت جنوبی۔ عنصر خاکی۔ برج سنبلہ۔ ستارہ عطارد۔ پتھر مٹی دھات چاندی۔ دن سوموار۔ رات جمعہ کی اس سے منسوب ہے۔

سولہواں خانہ اس کا گھر ہے۔ پہلے میں شرف۔ آٹھویں میں ہبوط۔ چوتھے میں قوی اور دسویں میں ضعیف ہوتی ہے۔

اگر زائچہ کے پہلے خانہ میں آئے تو مزاج اور طبع پر قابو ہونے کی دلیل۔

دوسرے خانہ میں آئے۔ تو کاروبار میں ترقی۔

تیسرے خانہ میں آئے۔ تو آمدنی میں اضافہ عزت و وقار ملے۔

چوتھے خانہ میں آئے۔ تو۔ مسرت و خوشی کی علامت۔

پانچویں خانہ میں آئے۔ تو آمدنی میں اضافہ اولاد کی وجہ سے ہو۔

چھٹے خانہ میں آئے۔ تو سابقہ پریشانیوں سے نجات ملے۔

ساتویں خانہ میں آئے۔ تو ناعاقبت اندیشی۔

آٹھویں خانہ میں آئے۔ تو کسی بھی کام کا فوری نتیجہ نہ ملے۔

نویں خانہ میں آئے۔ تو اولاد کی طرف سے کوئی پریشانی۔

دسویں خانہ میں آئے۔ تو اخراجات میں اضافہ۔ احباب سے ناچاکی۔

گیارھویں خانہ میں آئے۔ تو شراکت میں روپیہ پیسہ لگانا مناسب نہیں ہے۔

بارھویں خانہ میں آئے۔ تو۔ شادی شدہ اولاد علحیدگی کی خواہش ظاہر کرے۔

تیرہویں خانہ میں آئے۔ تو نام نہاد دوست سازش کرے گا۔

چودھویں خانہ میں آئے۔ تو شدید اختلافات اور تنازعات کی دلیل۔

پندرھویں خانہ میں آئے۔ تو اس میں یہ شکل اگر مردانہ زائچہ میں ہو تو مرد صنف نازک کے لیے بڑے پرکشش ہوتے ہیں۔

سولہویں خانہ میں آئے۔ تو اس میں یہ شکل عورتوں کو شوخ و چنچل، صحت مند اور شریر اور خوبصورت جسم کی مالک ہونے کی دلیل۔

تو پیارے قارئین کرام یہ تھیں دائرہ سکن کی علم الرمل کی بنیاد سوم اشکال جن کا مختصر ذکر آپ نے پڑھا۔ اب ایک کلیہ بھی ذہن نشین کریں کہ منسوبات خانہ بے شمار ہوتے ہیں۔ جب کوئی شکل کسی خانہ میں آتی ہے تو خانہ کی منسوبات کو مد نظر رکھ کر حکم لگاتے ہیں۔ سوال کی نوعیت کو مد نظر رکھیں۔ سوال کے داخل۔ خارج۔ ثابت یا انقلاب کو بھی ہمیشہ ذہن میں رکھیں۔ آخر میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ سب کو اپنے جائز مقاصد اور عزائم میں کامیاب کرے۔

اگلے ماہ انشاء اللہ بشرط صحت و زندگی اس مضمون کی آخری قسط پیش کی جائے گی۔ جس میں ایک زائچہ کی مدد سے انہی احکام کو یکجا کر کے آپ کے سامنے رکھوں گا۔

حقائق نجوم

از: ماسٹر شوکت علی بروہی، جنگ شاہی۔

(گذشتہ سے پیوستہ)

مریخ۔ عطارد۔ مشتری۔

جس فرد کے زائچہ میں یہ تینوں سیارگان اکٹھے ہوں تو وہ شخص موسیقی کا شائق ہوگا شعر و شاعری کا شیدائی۔ بزرگوں کا خدمت گار اپنے کنبہ کی پرورش کا زیادہ ہی خیال رکھتا رہے گا۔ خاندان کا سربراہ ہوگا۔ زمین اور جائیداد پیدا کرے گا۔

مریخ۔ عطارد۔ زہرہ

ایسا فرد بڑا دانا اور عقلمند۔ کم گو اور مستقل مزاج ہوتا ہے۔ ہر کام میں بہت تدبیر اور توجہ سے کام لیگا۔ دولت اور رزق سے آسودہ حال ہوگا مگر ڈیٹ اور ضد پر قائم رہے گا بدن دبلا ہوگا۔ بیوی اور بچوں سے آرام پائے گا۔

مریخ۔ عطارد۔ زحل

آنکھوں کے عارضے سے دکھی رہے گا۔ لوگوں کا دست نگر۔ دوستوں کی مدد کا محتاج۔ جنگل وغیرہ میں رہنا پسند کرے گا۔ فریبی اور دھوکے باز قسم کا فرد ہوگا۔ برے کاموں کی طرف رغبت ہوگی۔ لوگوں کی نظروں میں حقیر ہو جائے گا۔

مریخ۔ مشتری۔ زہرہ

بڑے مرتبہ اور مذہب والا ہو۔ بیوی اور اولاد سے خوش رہے۔ نیک اور اچھے کاموں میں رغبت رکھے۔ امیروں اور اہل قلم سے محبت رکھے۔ بڑا معزز اور نیک نام ہو عیش و راحت میں اچھا زمانہ بسر کرے۔ دلاور اور صاحب ہمت بھی ہو۔ خوبصورت بدن۔ ملک املاک کا مالک ہو راج دربار میں عزت پائے۔

مریخ۔ مشتری۔ زحل

بڑا سنگدل بے رحم۔ ذلیل پیشہ اختیار کرے عزیزوں سے عداوت رکھے کھوٹے کاموں میں رغبت ہو۔ دوستوں سے صاف نہ رہے۔ ظالم طبیعت۔ وعدے کا سچا نہ ہوگا۔

مریخ۔ زہرہ۔ زحل

ہمیشہ پردیس میں رہے۔ والدہ اس کی چھوٹے خاندان سے ہو۔ بھائیوں اور دیگر لوگوں کی نظروں میں حقیر ہو جائے۔ دولت اور گذران واجبی ہو۔ بیوی بھی نیچ خاندان سے ہو۔ ہمیشہ تکرار رکھے۔

مریخ۔ زحل۔ راس

مال دولت کے حصول کے لیے بڑی تدبیریں کرے مگر ناکام رہے۔ جس قدر کمائے خرچ کر دے۔ فریبی اور دھوکہ باز ہو۔ نیکی کے کام نہ کرے۔ عقل تھوڑی ہو مگر دشمنوں پر غالب ہو جائے۔

عطارد۔ مشتری۔ زہرہ

بڑا معزز اور نیک نام ہو۔ راج دربار میں عزت پائے۔ دشمنوں پر فتحیاب رہے۔ اس کے مخالف پیدا نہ ہوں۔ بڑا دلاور، صاحب ہمت، حاکم وقت کی مانند حشمت پائے بڑا صاحب ثروت اور اونچی مرتبہ ہو۔

عطارد۔ مشتری۔ زحل

بڑا دولتمند اور صاحب جائداد ہو نیکی اور اچھے کاموں سے محبت رکھے۔ جاہ و جلال اس کا اچھا ہو۔ عیش و راحت میں زمانہ بسر کرے۔ زمین و جائیداد اور مکان اپنی ہمت سے پیدا کرے دنیا کا آرام پائے۔

عطارد۔ زہرہ۔ زحل

بڑا بدمزاج۔ غیر ممالک میں سکونت زیادہ رکھے۔ زانی بدکار۔ دھوکہ دینے والا ہو۔ دل کا بھید کسی کو نہ دیوے۔ جھوٹا۔ بے اعتبار اور بدنام ہو۔ غیر عورتوں سے دوستی اور ملاقات رکھے۔

مشتری۔ زہرہ۔ زحل

اس کی پیدائش خواہ غریب گھرانے میں ہو لیکن بڑا صاحب اقبال اور دولت مند ہو جائے گا۔ بڑے حشمت والا ہو اور بڑا نام پائے۔

مشتری۔ زحل۔ راس

بڑا دلیر اور بہادر ہو۔ فن سپاہ گری کا واقف اور میدان کارزار میں نام پائے دولت اور رزق سے آسودہ ہو۔ زمین کا مفاد اٹھائے۔

شمس۔ قمر۔ مریخ۔ عطارد

جس شخص کے زائچہ پیدائش میں یہ سیارے یکجا ہوں وہ بڑا دولت

مند اور صاحب اقبال سخی فیاض، عورت اور اولاد سے سکھی۔ قوی جسم خوبصورت بدن۔ بہادر پہلوان ہو۔ سوچ سمجھ کر کام کرے۔ دنیا میں عزت اور آرام پائے۔

شمس۔ قمر۔ مریخ۔ مشتری

بڑا سخی۔ صاحب حوصلہ اور باعزت ہو۔ نیک کاموں میں توجہ رکھے۔ شاعری میں ماہر ہو۔ راج دربار سے عزت پائے۔ بڑا عاقل اور دانا ہو لوگوں کو ہر کام میں صلاح اور مشورہ دے۔

شمس۔ قمر۔ مریخ۔ زہرہ

بہت ہوشیار نیک اور اچھے کاموں سے گریز کرے۔ علم اچھا جانتا ہو۔ عورت اور اولاد سے خوش رہے۔ غیر عورتوں سے بھی دوستی رکھے۔ دو شادیاں۔ راج دربار سے نقصان کا خوف ہو۔

شمس۔ قمر۔ مریخ۔ زحل

مال دولت کم ہو دوسروں کے سہارے اور مدد پر گزر اوقات رہے۔ آنکھوں کی بصارت میں کچھ نقص ہو کمینہ لوگوں سے فائدہ اٹھائے، دین سے رغبت کم۔ دھوکہ اور مکاری سے روپیہ پیدا کرے۔

شمس۔ قمر۔ عطارد۔ مشتری

آنکھیں موٹی۔ قسمت کا دھنی۔ بڑا عقلمند عالم اور فاضل ہو۔ دستکاری کے کام میں مہارت رکھے۔ رزق سے آسودہ ہو۔ زندگی باعزت گزرے۔

شمس۔ قمر۔ عطارد۔ زہرہ

بڑا خوش قسمت۔ عقلمند۔ دانا صاحب تدبیر ہو۔ وزیر کے مطابق عہدہ پائے لوگوں کو ہر کام میں مشورہ دے۔ راج دربار میں ترقی مرتبہ ہو۔

شمس۔ قمر۔ عطارد۔ زحل

والدین کا سکھ کم پائے۔ بڑا چالاک اور ہر کام میں ہوشیار ہو۔ اپنا راز کسی کو نہ بتلائے۔ رعب داب اس کا اچھا ہو۔ قیام ایک جگہ نہ رکھے دلیر اور صاحب ہمت ہو دوسروں کی اطاعت پر گذر اوقات رکھے وطن کے سکھ سے رغبت ہو وطن اور روپیہ کی بہتری کے لیے دھوکہ اور عیاری بھی اختیار کرے۔

جاری ہے

شرف قمر

خانہ آبادی

ماہ رواں کا پہلا عشرہ کئی سعادتیں اپنے اندر لیے ہوئے ہے۔ تین شرف پانچ دن کے اندر واقع ہو رہے ہیں۔ ۳ کو شرف زہرہ، ۶ کو شرف قمر اور پھر ۷ کو شرف شمس۔ آپ بھی اس سعد اور مبارک وقت سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

قمر درجہ شرف پر ۶ اپریل صبح ۳ بج کر ۵۲ منٹ پر پہنچے گا اور ۶ اپریل کو صبح ۵ بج کر ۳۵ منٹ تک یہاں رہے گا۔

عمل:

طالب و مطلوب کے ناموں کے اعداد معہ ان کی والدہ کے ناموں کے اعداد ابجد شمسی کے مطابق لے لیں پھر ان میں ۷۷ ۳۳ اعداد جمع کر دیں۔ یہ اعداد تین اسماء الٰہی کی عدد (شمسی) قیمت ہے۔

کل اعداد میں سے ۱۲ اعدد قانون کے تفریق کر دیں۔ باقی ماندہ کو تین سے تقسیم کریں۔ جو خارج قسمت آئے اس کو پہلے خانے میں لکھیں اور باقی نقش بلحاظ چال مکمل کریں۔ خیال رہے اگر تین سے تقسیم کے بعد ایک باقی بچے تو خانہ سات میں اور اگر دو باقی بچے تو خانہ چار میں ایک کا اضافہ کر دیں۔ نقش تحریر کرنے کے بعد اسے سرخ کپڑے میں لپیٹ کر کسی میٹھے پھل دار درخت پر لٹکا دیں۔ علاوہ ازیں کل اعداد جو اوپر حاصل ہوئے ہوں۔ ان کا مفرد عدد معلوم کر کے اتنے سو مرتبہ روزانہ اسم الٰہی "یالطیف" کا ذکر اول آخر ۷ دفعہ درود شریف کے ساتھ روزانہ چالیس دن تک کریں۔ انشاء اللہ مقصد حاصل ہوگا۔ وہ لوگ جو کسی مجبوری کی وجہ سے یہ عمل خود نہ کر سکیں اور ادارے سے بنوا سکتے ہیں (ہدیہ کاغذ پر ۲۰۰ روپے۔ چاندی پر ۶۰۰ روپے)

چال نقش

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

روحانی اور نجومی خدمات

بچے کا نام

علم نجوم کی روشنی میں بچے کا نام استخراج کروا کر آپ اپنے بچے کو کوکب کے نحس اثرات سے محفوظ اور سعد اثرات کے تحت کر سکتے ہیں۔ آپ کے بچے کے بہت سے مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ فیس: ۲۰۰ روپے ۔ کوائف: وقت، تاریخ اور مقام پیدائش •

پتھر اور جواہرات

☆ خوش قسمتی کا پتھر کون سا ہے؟
☆ کس پتھر کا استعمال آپ کے لیے موزوں ہے؟
☆ کس پتھر کا استعمال نحوست کا باعث ہے؟
☆ کوائف: نام، وقت، تاریخ اور مقام پیدائش
☆ فیس ۲۰۰ روپے

نجومی روحانی راہنمائی

☆ اگر آپ پریشان ہیں اور منزل کھو چکے ہیں۔
☆ اگر آپ دنیا سے لڑ جھگڑ رہے ہیں اور آگے بڑھنا چاہتے ہیں۔
☆ اگر آپ ناکام زندگی بسر کر رہے ہیں اور کامیابی چاہتے ہیں

تو خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر راہنمائے عملیات آپ کے زائچے کی روشنی میں اپنی وجدانی قوتوں اور ارتکاز توجہ کے ذریعے آپ کے معاملے کے تمام پہلوؤں کا جامع جائزہ لینے کے بعد آپ کی مکمل اور درست راہنمائی کریں گے۔ جس کے نتیجے میں آپ جہاں کامیابی اور اور حصول منزل میں کامیاب ہوں گے وہاں آپ خود اور اپنے ملنے والوں، دوستوں اور عزیز و اقارب کو بھی خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر، راہنمائے عملیات سے نجومی اور روحانی راہنمائی حاصل کرنے کا مشورہ مکمل یقین اور اعتماد سے دے سکیں گے۔ اس خدمت کے لیے آپ کو ادا کرنے ہوں گے صرف پانچ سو روپے۔ کوائف نام بمعہ نام والدہ تاریخ پیدائش، وقت پیدائش، مقام پیدائش، درپیش مسئلہ۔

انگوٹھیاں

کاروبار اور تجارت میں اضافے، رزق میں برکت، حصول روزگار، حصول اولاد، تسخیر رجوع خلقت، شادی، محبت، صحت، خصوصی امراض، رد سحر، جادو، مقدمے میں کامیابی وغیرہ کے لیے آپ ادارے کی تیار کردہ خصوصی انگوٹھی حاصل کر سکتے ہیں۔ ہدیہ: ۴۵۰ روپے (ڈاک خرچ ۲۵ روپے)

ہمیشہ جوابی لفافہ ارسال کریں

لوح خوش قسمتی

آپ اگر خوش قسمتی کے طالب ہیں اور زندگی میں درپیش مختلف مسائل کے حل کے لیے موثر اور زود اثر روحانی و عملیاتی مدد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ماہر عملیات و نجوم خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر ماہنامہ راہنمائے عملیات سے خاص کوکبی حالتوں یعنی کواکب کی سعد نظرات، شرف، اوج اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کروا لیں۔ اپنے کوائف بذریعہ ڈاک اور ہدیہ ۷۰۰ روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں۔

طلسم تسخیر وحاجت

یہ لوح ایک طویل عرصے سے تیار کر رہا ہوں۔ یہ ایک خاص روحانی و عملیاتی طریقہ کار کے تحت تیار کی جاتی ہے۔ اس کی تیاری میں مختلف کوکبی حالتوں کو بھی مدنظر رکھا جاتا ہے۔ آپ بھی رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو وسحر سے حفاظت، حفظ امن یا کسی بھی مطلب کے لیے یہ خصوصی عمل تیار کروا سکتے ہیں۔ ہدیہ ۵۹۹ ۳روپے۔ کوائف نام بمعہ نام والدہ تاریخ پیدائش، وقت پیدائش، مقام پیدائش، درپیش مسئلہ۔

تفصیل زائچہ جات

ایک سوال	100 روپے
ایک مکمل امر / سوال	500 روپے
پیدائشی زائچہ	200 روپے
پیدائشی زائچہ بمعہ تفصیلی حالات	ذاتی رابطہ

خط لکھنے والے

ایک خط میں ایک سوال تحریر کریں۔ زیادہ ہونے کی صورت میں ایک کے سوا باقی کا جواب دینا ممکن نہ ہو گا۔ جوابی لفافہ جس پر آپ کا مکمل پتہ تحریر ہو ضرور ارسال کریں۔

از: محمد شہزاد احمد شہزاد، بورے والا۔

ازدواجی زندگی

کیسی رہے گی

آج کل ہمارا نوجوان طبقہ یہ سوال کرتا ہے کہ شادی کب ہو گی اور ازدواجی زندگی کیسی رہے گی۔ آج میں ازدواجی زندگی کیسی رہے گی پر قلم اٹھا رہا ہوں۔ جب سائل آئے تو اس کا زائچہ بنائیں۔ وقتی زائچہ یا زائچہ ولادت میں ساتواں گھر شادی سے منسوب ہے اگر زائچہ ولادت موجود ہو تو وقتی زائچہ بنانے کی ضرورت نہیں ہے۔

1-اگر ساتویں گھر میں شمس ہو تو بیوی رعب ودبدبے والی ہو اور اس کی آنکھوں میں نقص واقع ہو جائے۔

2-اگر ساتویں گھر میں قمر ہو تو میاں بیوی عیش پسند اور سائل نفسانی خواہشات کا پابند ہو۔

3-اگر ساتویں گھر میں مریخ یار اہو ہو تو نکاح کے بعد جلد مر جائے یا طلاق دینا پڑے۔

4-اگر ساتویں گھر میں کیتو ہو تو بیوی کو جنسی امراض کی وجہ سے اولاد کی قلت ہو۔

5-اگر ساتویں گھر میں عطارد ہو تو بیوی عقلمند اور تعلیم یافتہ ہو مگر خود کو مرض جریان یا بیوی کو سیلان الرحم کی بیماری ہو۔

6-اگر ساتویں گھر میں مشتری ہو تو بیوی حسین اور جائیداد والی ملے اور نکاح ہونا مبارک ثابت ہو۔

7-اگر ساتویں گھر میں زحل ہو تو بیوی بڑی عمر والی اور بے اخلاق ملے۔

8-اگر ساتویں گھر میں زہرہ ہو تو بیوی حسین ہو اور کم عمری میں ہی شادی ہو جائے اور خوب نبھے۔

9-اگر ساتویں گھر کا مالک شمس ہو تو بیوی اچھے خاندان کی مگر رعب چلانے والی ہو عطارد ہو تو بیوی عقلمند اور تعلیم یافتہ ہو۔ قمر ہو تو پر خلوص مگر جنسی امراض لاحق ہو۔ مریخ ہو تو جھگڑالو ہو۔ زہرہ ہو تو حسین مگر بیوقوف ہو۔ مشتری ہو تو جائیداد کی مالک ہو۔ زحل ہو تو بداخلاق اور بدصورت ہو۔

10-اگر ساتویں گھر کا مالک طالع میں ہو تو بیوی کنجوس اور لڑاکی ہو۔

11-اگر ساتویں گھر کا مالک ۲ گھر میں ہو تو جنسی امراض کی وجہ سے اولاد کی قلت ہو۔

12-اگر ساتویں گھر کا مالک ۳ گھر میں ہو تو میاں بیوی عیش پسند لیکن بیوی کی سسرالی رشتہ داروں سے کم بنے۔

13-اگر ساتویں گھر کا مالک ۴ گھر میں ہو تو میاں بیوی کفایت شعار اور بنا کر رکھنے والے مگر دولت کی کمی ہو۔

14-اگر ساتویں گھر کا مالک ۵ گھر میں ہو تو بیوی حسین جمیل ہو اور اولاد کا سکون حاصل ہو۔

15-اگر ساتویں گھر کا مالک ۶ گھر میں ہو تو شادی اتفاقیہ یا جھگڑے سے ہو۔

16-اگر ساتویں گھر کا مالک ۷ گھر میں ہو تو بیوی حسین اور تابعداری کرنے والی ہو۔

17-اگر ساتویں گھر کا مالک ۸ گھر میں ہو تو دو شادیاں اور پہلی بیوی جلد انتقال کر جائے یا طلاق ہو جائے۔

18-اگر ساتویں گھر کا مالک ۹ گھر میں ہو تو بیوی نرم مزاج اور فرماں بردار ہو مگر قوت مردی میں کمی واقع ہو جائے۔

19-اگر ساتویں گھر کا مالک ۱۰ گھر میں ہو تو بیوی فضول خرچ خود پسند اور رعب ودبدبے والی ہو مگر صاحب اولاد ہو۔

20-اگر ساتویں گھر کا مالک ۱۱ گھر میں ہو تو بیوی حلیم الطبع اور شوہر کی تابعدار مگر جنسی امراض سے تکلیف اٹھائے۔

21-اگر ساتویں گھر کا مالک ۱۲ گھر میں ہو تو میاں بیوی فضول خرچ اور روپیہ برباد کرنے والے ہوں۔

22-اگر ساتویں گھر کا مالک سیارہ طالع میں اور طالع کا مالک ۷ گھر میں ہو تو میاں بیوی آرام سے زندگی بسر کریں۔

23-اگر ساتویں گھر کا مالک سیارہ طاقتور ہو تو مرد کی وجہ سے عورت کی زندگی و خوش نصیبی ظاہر ہو اگر زائچہ میں ۲ گھر کا مالک سیارہ طاقتور ہو تو شادی کے بعد عورت کے نصیب سے مرد کی خوش قسمتی ظاہر ہو۔

نوٹ: یہ تمام امور ساتویں گھر کا مالک سیارہ یا اس میں بیٹھے ہوئے سیارے سے نہیں سمجھنے چاہیں بلکہ ساتویں گھر میں دیگر سیارگان کی نظر اور سیاروں کی قوت یعنی اوج شرف ہبوط اور طرح فرح وغیرہ اس کے علاوہ دوست دشمن کا گھر بھی دیکھنا پڑتا ہے تب ہی صحیح نتائج اخذ کیے جاسکتے ہیں۔ مثلاً گھر کا مالک زحل ہو مگر وہ زائچہ میں شرف کی حالت میں ہو اور اس پر مشتری کی نظر تثلیث ہو تو ہم یہ نتیجہ اخذ کریں گے کہ زحل بڑی عمر شرف میں ہونے کی وجہ سے اچھا خاندان مشتری پیسہ اور نظر تثلیث یعنی کامیابی تو نتیجہ کچھ یوں ہو گا۔ بیوی بڑی عمر کی مگر اچھے خاندان کی ہو اور شادی کے بعد روپیہ حاصل ہو اور شادی کے بعد ترقی ہو۔ واللہ علم۔

عملیات اور وظائف کی دنیا میں ایک روشن مینار حضرت ابوالعباس محمد بن علی بونیؒ کا ہے۔ آپ کی تحریر کردہ کتاب شمس المعارف اپنی مثال آپ ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص قیامت میں آئے گا اور اس کے نامہ اعمال میں تین سو مرتبہ بسم اللہ لکھی ہو گی۔ جو اس نے یقین کے ساتھ پڑھی ہو گی۔ دوزخ سے اللہ اس کو رہائی دے گا۔ اور جنت میں داخل کرے گا۔ انجیل شریف میں اللہ تعالیٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے فرماتا ہے کہ تم نماز اور قرات میں پہلے بسم اللہ پڑھا کر۔ کیونکہ جو شخص اس کو پڑھے گا۔ منکر کے ہول سے محفوظ رہے گا اور جب مرے گا تو سکرات موت اس پر آسان کرے گا اور قبر اس کی کشادہ ہو گی۔ اور قبر سے اٹھے گا تو جسم اس کا گورا سپید اور منہ نور سے چمکدار ہو گا۔ اور حساب بھی اللہ تعالیٰ بہت تھوڑا اور آسان لے گا۔ اور اعمال بھاری ہوں گے۔ اور صراط پر اس کے واسطے نور ہو گا۔ یہاں تک کہ جنت میں داخل ہو۔ اور میدان قیامت میں مغفرت کے ساتھ پکارا جائے گا۔ حضرت عیسٰی علیہ السلام نے عرض کیا کہ خداوندا یہ فضائل کس کے واسطے ہوں گے۔ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بسم اللہ اپنے اصحاب کو تعلیم کی۔ مگر جب حضرت عیسٰیؑ آسمان پر تشریف لے گئے تو ان کے بعد جو لوگ ہوئے انہوں نے گمراہی میں پڑ کر اس کو ضائع کر دیا۔

بسم اللہ لکھنے کا رواج

یہاں تک کہ جب ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالے نے مبعوث کیا۔ تب سے یہ قرآن شریف کی سورتوں اور دفتروں اور کل کتابوں اور رسالوں میں لکھی جانے لگی۔ اور خداوند تعالی نے قسم کھائی ہے کہ جس چیز پر مومن بندہ بسم اللہ کہے گا۔ اس میں برکت ہو گی۔ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ جس شخص نے صدق دل سے بسم اللہ کہی۔ اس کے واسطے پہاڑ مغفرت مانگتے ہیں۔ مگر ان کی مغفرت مانگنے کو یہ سنتا نہیں ہے۔

برکات بسم اللہ شریف

